وزیراعظم، وزرائے اعلیٰ، قومی اسمبلی، سینٹ، صوبائی اسمبلیوں
کے اراکین، عدلیہ، انتظامیہ کو پیش کی جانے والی

تحقیقی دستاویز

الاحق العباد
حسن گری

مرکز مطالعات اسلامی پاکستان

پیش لفظ

علامہ اقبالؒ کے خواب کی تعبیر، قائداعظم کی محنت شاقہ، اکابرین ہند کی جدوجہد اور ہزاروں مسلمان شہداء کے خون کا ثمر وطن عزیز پاکستان کی فضا دیگر گونان گوں مسائل کے ساتھ ساتھ فرقہ واریت کے زہر سے اس قدر مسموم و آلود ہو چکی ہے کہ سانس لینا دشوار ہے۔ ایسا ملک جسے دنیا بھر میں ایک ممتاز و منفرد اسلامی ریاست کا نمونہ ہونا تھا اور جہاں ہر اسلام محمدی کے زریں اصولوں کا نفاذ کرکے دنیا بھر کے مصنوعی اور خود ساختہ نجات دھندہ نظاموں کو یہ باور کرایا جانا تھا کہ ایک مثالی ریاست کا قیام اسلامی نظام کے نفاذ سے ہی ممکن ہے۔ اس ریاست میں مسلمانوں کا آپس میں متصادم ہونا ایسا افسوس ناک امر تھا کہ جس نے ہر درد مند مسلمان اور محب وطن پاکستانی کو تشویش و اضطراب میں مبتلا کر دیا۔ اس سے بھی زیادہ اندوہناک یہ بات تھی کہ یہ تمام تصادم اسلام کے نام پر ہو رہا تھا۔ اسلام میں مختلف مکاتب فکر کی موجودگی اور اختلاف رائے کی تاریخ صدیوں پرانی ہے اور ایک زندہ جاوید و متحرک مذہب ہونے کے ناطے یہ کوئی بعید از امکان بات نہیں ہے کہ کچھ امور پر آراء میں اختلاف وجود میں آتا۔ ان اختلافات کے حوالے سے مذہبی مباحث اور علمی مذاکرات بھی اسلام کی تاریخ کا حصہ ہیں۔ لیکن جس قدر غلیظ اور شر انگیز مہم اس مرتبہ شروع کی گئی اس کی تاریخ میں کوئی نظیر نہیں ملتی۔ پہلی مرتبہ ایسا ہوا کہ فقہی و فروعی اختلافات کو بنیاد بنا کر گلی کوچوں میں تکفیر کی مہم کا آغاز کیا گیا۔ دیواریں مکروہ و غلیظ عبارتوں سے بھر دی گئیں۔ فضائیں "کافر کافر" اور "مارو" جلاء، پکڑو کی صداؤں سے گونجنے لگیں۔ مسلمانوں کے جانو مال اور عزت سے کھیلنا حلال بلکہ ثواب قرار دے دیا گیا۔ قتل و غارت کا سلسلہ شروع ہو گیا اور نوبت مذہبی جلسے جلوسوں اور مساجد و امام بارگاہوں پر فائرنگ، دھماکوں اور بے گناہ معصوم انسانوں کے قتل تک جا پہنچی۔

قریب تھا کہ وطن عزیز ایک بھیانک خانہ جنگی کا شکار ہو جاتا اور فرقہ واریت کی آگ سب کو اپنی لپیٹ میں لے لیتی کہ عظیم ملت جعفریہ نے اس فرقہ واریت کے پس پردہ ہونے والی سازش کو بھانپ لیا۔ در حقیقت ایران میں اسلامی انقلاب کی کامیابی اور عالمی سامراج کی شکست نے سامراج کو بوکھلا دیا تھا اور استعمار، انقلاب اسلامی کے ثمرات کو محدود کرنے اور پاکستان سمیت دیگر ممالک میں انقلاب کے اثرات اور ممکنہ اسلامی انقلاب کو روکنے کے لئے ملت السامیہ کو کمزور کرنا چاہتا تھا جو ایک طرف جہاں عرب ریاستوں کی پشت پناہی سے عراق کو ایران پر چڑھ دوڑنے کی شہ دی گئی وہاں پاکستان میں مختلف اسلامی مکاتب فکر کی موجودگی اور ان میں کچھ موجود فقہی و فروعی اختلافات کا فائدہ اٹھاتے ہوئے فرقہ وارانہ فسادات کی سازش تیار کی گئی۔ چنانچہ ملت جعفریہ نے

اس بھیانک سازش کو ناکام بنانے کے لئے اتحاد بین المسلمین کا نعرہ بلند کیا اور اپنے شہید قائد علامہ عارف حسین الحسینیؒ، ڈاکٹر محمد علی نقوی شہید اور دیگر سینکڑوں مومنین کی مقدس جانوں کا نذرانہ پیش کرنے کے باوجود ملت کے پائے ثبات میں لرزش نہ آئی۔ ملت کی اس عظیم قربانی کا نتیجہ "ملی یکجہتی کونسل" کے قیام کی صورت میں سامنے آیا کہ جس میں اسلام کے تمام مکاتب فکر کے جید علماء اور دینی جماعتوں کے سربراہوں نے متحد ہو کر دنیا بھر پر ثابت کر دیا کہ اس قتل و غارت اور دہشت گردی کا معمولی فقہی اختلافات سے کوئی تعلق نہیں بلکہ یہ ایک قابل مذمت سازش ہے۔

ملی یکجہتی کونسل کے قیام کے بعد پاکستان بھر میں ایک خوشگوار تبدیلی آئی ملکی فضاء سے بے یقینی اور شکوک و شبہات کے بادل چھٹنے لگے لیکن استعمار بھی چین سے نہ بیٹھا اور اس کی سازشیں جاری رہیں۔ چنانچہ کچھ عرصہ خاموشی کے بعد ایک مرتبہ پھر فرقہ واریت کے لبادے میں ملبوس ہو کر دہشت گردوں نے قتل و غارت کے نئے سلسلے کا آغاز کیا۔ اور ایک بار پھر فرقہ واریت کے نام پر بے گناہوں کا لہو بہایا جانے لگا۔ ہمیشہ کی طرح اس بار بھی ملت اسلامیہ کا موقف یہ تھا کہ یہ دہشت گردی ہے اور اس کا اسلام کے کسی فرقے سے کوئی تعلق نہیں۔ جبکہ ایک ٹولے کا اصرار تھا کہ یہ قتل و غارت اس وجہ سے ہے کہ شیعہ اصحاب رسول کو برا بھلا کہتے ہیں اور اصحاب و امہات المومنین کی توہین کرتے ہیں اپنے اس دعوے کے ثبوت کے طور پر "تاریخی دستاویز" کے نام پر ایک عکسی مجموعہ بھی پیش کیا گیا کہ جس میں مختلف شیعہ مصنفین کی کتب کے قابل اعتراض صفحات کے عکس دیئے گئے اور اس کے ساتھ ساتھ ہی کچھ فتویٰ ساز ملاؤں اور ایک مخصوص گروہ کے افراد نے زر و قلم کے ذریعے سارا زور یہ ثابت کرنے میں صرف کر دیا کہ یہ شیعہ مصنفین کی تحریر کردہ کتب ہی ہیں کہ جن سے معاشرے میں بے چینی، اضطراب اور فرقہ واریت پائی جاتی ہے۔

اسلام کی تاریخ مختلف مکاتب فکر کے درمیان ہونے والے مناظروں اور کتب، جواب الجواب کتب سے بھری پڑی ہے لیکن اس کے باوجود مختلف مکاتب فکر کا وجود ایک دوسرے میں ضم نہ ہو سکا چنانچہ واضح ہے کہ اب بھی مناظروں اور کتب و جواب کتب قسم کے سلسلوں سے کچھ حاصل ہونے کا امکان کم ہی ہے۔ علاوہ ازیں استعمار کا فائدہ بھی بقول اقبالؒ اسی میں ہے کہ مسلمان "کتاب اللہ کی تاویلات" میں اور اپنا ایمان اور دوسروں کا کفر ثابت کرنے میں مصروف رہیں کیونکہ استعمار کسی صورت نہیں چاہتا کہ "مدینۃ العلم" اور "باب العلم" جیسی مقدس ہستیوں کے پیروکار علوم جدید سائنس و ٹیکنالوجی اور عصر حاضر کے تقاضوں کے مطابق اسلام کی ترویج و اشاعت کی طرف متوجہ ہوں۔ یہی وجہ تھی کہ ملت جعفریہ نے یہ مناظروں، مباحثوں اور جواب آن غزل قسم کے سلسلوں سے حتی المقدور اجتناب کیا ہے اور ہمارا اب بھی یہی موقف ہے لیکن جب نوبت بہ ایں

جار سید کہ اپنی کتب میں موجود اور اپنے اکابرین کے کارنامے ملت تشیع سے منسوب کئے جا رہے ہوں اور پھر ان کی بناء پر تکفیر سازی کے کارخانے کھول دیئے گئے ہوں تو پھر ضروری سمجھا گیا کہ نادان دوستوں کو آئینہ دکھا دیا جائے۔

ہم نے "ملی یکجہتی کونسل" کے اجلاسوں اور حکومت و انتظامیہ کے ساتھ مختلف میٹنگز میں بار ہا یہ بات واضح کی کہ جن باتوں کے لئے ملت تشیع کو مطعون قرار دیا جاتا ہے یہ سب کچھ اس ٹولے کے اپنے اکابرین و علماء کی کتب بشمول صحاح ستہ میں موجود ہیں اور بیشتر شیعہ مصنفین محض ناقلین روایت کی حیثیت رکھتے ہیں لیکن ہماری اس بات کو در خود اعتنا سمجھا گیا۔

تاریخ کا بے رحم عمل کسی کو معاف نہیں کرتا اور اب اگر بات تاریخی حوالوں اور "تاریخی دستاویز" کی آ ہی گئی ہے تو پھر مناسب معلوم ہوتا ہے کہ ملت اہل تشیع پر الزام دھرنے والوں کو ان کے اپنے اکابرین و علمائے سلف کے "کارناموں" کی طرف متوجہ کیا جائے۔ چنانچہ اس سلسلہ میں "تحقیقی دستاویز" پیش خدمت ہے۔

ہم امید رکھتے ہیں کہ اس تشیع کے خلاف جاری ہنگام اور طوفان بدتمیزی میں کمی آئے گی اور طالبان و متلاشیان حق کے لئے تحقیق کی راہیں کھلیں گی۔

ہم ایک مرتبہ پھر ارباب اقتدار اور قارئین گرامی قدر کی خدمت میں عرض کرنا چاہیں گے کہ وطن عزیز میں جاری قتل و غارت اور دہشت گردی کا اسلام کے کسی مکتب فکر سے کوئی تعلق نہیں اور نہ ہی یہ کوئی فرقہ وارانہ مسئلہ ہے بلکہ یہ صرف دہشت گردی اور لاء اینڈ آرڈر یعنی قانون کے نفاذ اور حصول انصاف کا مسئلہ ہے اور ہم خواہش کرتے ہیں کہ اب قتل و غارت کے ہر واقع کے بعد دینی جماعتوں پر پابندی اور فرقہ واریت کو کچل دینے کے رٹے رٹائے جملوں کی بجائے دہشت گردی کے خاتمے کے لئے عملی اقدامات کئے جائیں۔

خداوند متعال کے حضور دعا گو ہیں کہ خدا ہمیں عصر حاضر کی تاریکیوں اور مہر دستیوں سے محفوظ رکھے اور ہمیں حق کو سمجھنے پہچاننے اور حق کی پیروی کرنے کی توفیق عنایت فرمائے اور مسلمانان عالم کو متحد و متفق ہو کر عالمی استعمار و سامراج کا مقابلہ کرنے اور عصر حاضر میں اسلام کو استعماری نظاموں کے مد مقابل بہترین متبادل نظام کے طور پر پیش کرنے کی سعادت عنایت فرمائے۔ آمین یا رب العالمین

و ماتو فیقی الا باللّٰہ علیہ توکلت و الیہ انیب

ناچیز

ابو مصعب جوادی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

انتساب

ان شہداء اسلام کے نام جنہوں نے اپنے سرخ خون سے شجر اسلام کی آبیاری کی اور جو دشمنان اسلام کے خلاف سیسہ پلائی دیوار بن کر نبرد آزما ہوئے اور یہ حقیقت ہے کہ دنیا مرجاتی ہے مگر خون شہادت کے ان مقدس قطروں کے لئے جو اپنے اندر حیات ابیہ کی روح رکھتے ہیں کبھی بھی فنا نہیں ہے۔

ع۔ خدا رحمت کند ایں عاشقان پاک طینت را

انا الاحقر

ابو مصعب جوادی

ایک وضاحت

اس مجموعہ تحقیقی دستاویز میں اکابرین سپاہ صحابہ کی بنیادی کتب صحاح ستہ (صحیح بخاری، صحیح مسلم، جامع ترمذی، سنن نسائی، سنن ابن ماجہ، سنن ابی داؤد) کے علاوہ معتبر کتابوں البدایہ و النہایہ، منہاج السنہ، فتح الباری، مسند امام احمد بن حنبل، شرح فقہ اکبر اور کتب تفاسیر، تفسیر ابن کثیر، تفسیر مظہری وغیرہ، دیوبندی مکتب فکر کے جید علماء سید انور شاہ کشمیری، مولانا حسین احمد مدنی، مولانا رشید احمد گنگوھی، مولانا اشرف علی تھانوی، بانی دیوبند حضرت قاسم نانوتوی اور عصر حاضر کے دیگر علما کی مستند تصانیف کے سرورق اور متعلقہ صفحات کے عکس دیئے گئے ہیں ان معتبر علما اور کتب کہ جن پر دیوبند مکتب فکر کی عمارت کا انحصار ہے، سے انکار ان کے لئے ممکن ہی نہیں ہے۔

لہٰذا بہتر ہوگا کہ مذہب شیعہ خیر البریہ پر الزام تراشی اور اتہامات کو ترک کرکے سپاہ صحابہ والے اس حقیقت کا اعتراف کرلے کہ توہین آمیز اور کفریہ کلمات دراصل ان کی اپنی کتب میں موجود ہیں اور سپاہ صحابہ کے اکابرین کو جرات اور فراخ دلی سے تسلیم کرلینا چاہیے کہ "جو کفریہ عبارات وہ اہل تشیع کی طرف منسوب کرتے ہیں حقیقت میں وہ انہی کے اپنے ہی عقائد ہیں"

☆ ☆ ☆ ☆ ☆

ہمارا چیلنج

اگر اس مجموعہ "تحقیقی دستاویز" میں کوئی صاحب بھی کسی ایک حوالہ، کسی اقتباس یا کسی عبارت کو جعلی، من گھڑت یا حوالہ کے [redacted] خلاف ثابت کرے تو ہم پچاس ہزار روپے نقد اس کی خدمت میں پیش کریں گے۔ علاوہ ازیں ہماری اس پیشکش کو پاکستان یا دنیا کی کسی بھی عدالت میں کوئی چیلنج کرنا چاہے تو اس کے لئے بھی ہمیں تیار پائیں گے۔

☆ ☆ ☆ ☆ ☆

سپاہ صحابہ کی تاریخی دستاویز اور اس میں دیئے گئے چیلنج کی حقیقت

سپاہ صحابہ کے سربراہ نے اپنی جماعت کی طرف سے جو تاریخی دستاویز پیش کی ہے اس میں انہوں نے چیلنج کیا ہے کہ

" زیر نظر مجموعہ (تاریخی دستاویز) میں اگر ایک کتاب بھی جعلی ہو یا ایک عبارت بھی من گھڑت ہو یا ایک اشاعت بھی غیر حقیقی ہو یا حوالہ مندرجہ اصلی نہ ہو تو ایک ایک حوالے پر دس دس ہزار روپیہ انعام دیا جائے گا۔"

لیجئے ہم یہاں پر صرف چند حوالے درج کررہے ہیں کہ جن سے اس تاریخی دستاویز اور سپاہ صحابہ کے چیلنج کی حقیقت طشت از بام ہوجاتی ہے اور فاروقی صاحب کا دجل و فریب اور فراڈ آشکار ہوجاتا ہے۔

(۱) تاریخی دستاویز کے صفحہ ۲۹ پر ۲۸ ستمبر ۱۹۹۱ء کے تاریخ ساز اجلاس کی مکمل کاروائی کا ذکر کرتے ہوئے لکھا ہے کہ " جب سے سپاہ صحابہ قائم ہوئی ہے اس وقت سے لے کر آج تک سپاہ صحابہ کے کسی ایک چھوٹے سے چھوٹے کارکن نے زبان و قلم سے یزید کی تعریف نہیں کی" جبکہ حقیقت یہ ہے کہ متعدد ایسی کتب و رسائل موجود ہیں کہ جن میں سپاہ صحابہ اور دیوبند کے اکابرین نے یزید ملعون کی مدح و ستائش کی ہے یقین نہ آئے تو کتاب "رشید ابن رشید امیر المومنین سیدنا یزید" اٹھا کر دیکھیں کہ جس کے آخر میں عبد الستار تونسوی سمیت ۲۶ دیوبندی مولویوں کے نام موجود ہیں کہ جو یزید کو امیر المومنین سمجھتے ہیں باقی رہا سپاہ صحابہ کے کسی رہنما یا کارکن کی طرف سے یزید کی تعریف کا مسئلہ تو دیوبندی مولوی محمد عظیم الدین صدیقی کی کتاب "حیات سیدنا یزید" کے ابتدائی صفحات کا مطالعہ ہی آنکھیں کھول دینے کے لئے کافی ہے کہ جس میں ۱۱ دیگر علمائے دیوبند کے ساتھ ساتھ سپاہ صحابہ کا مرکزی رہنما اور مرکزی جامع مسجد (لال مسجد) اسلام آباد کا خطیب محمد عبداللہ اپنے اور شیخ القرآن (مولوی غلام خان دارالعلوم تعلیم القرآن راجہ بازار راولپنڈی) کے بارے میں لکھتا ہے کہ " آج ہی شیخ القرآن سے بات کی' کتاب "حیات سیدنا یزیدؒ" ان کو ابھی تک نہیں ملی۔ تبصرہ اور رائے کی درخواست بھی کی' انہوں نے قبول فرمالیا۔ ویسے وہ بھی حضرت امیر یزید کے بارے میں وہی عقیدہ رکھتے ہیں جو ہمارا ہے"

واضح رہے کہ یہ شیخ القرآن جن کا ذکر کیا گیا ہے وہی ہیں جن کی مدح و ستائش میں سپاہ صحابہ کی سپریم کونسل کے چیئرمین مولوی ضیاء القاسمی نے کتاب "میرے شیخ القرآن" لکھی ہے اور یہ مولوی محمد عبد اللہ وہ ہے جس کے

بارے میں تاریخی دستاویز میں اسی " ۲۸ ستمبر کے تاریخ ساز اجلاس کی مکمل کاروائی" کے عنوان کے تحت صفحہ ۳۱ پر لکھا ہے کہ " علماء دیوبند اور سپاہ صحابہ کی طرف سے مولانا محمد عبداللہ اسلام آباد' حضرت مولانا عبدالقادر آزاد' مولانا عبد الرؤف ملک' مولانا محمد ضیاء القاسمی' خادم سپاہ صحابہ مولانا ضیا الرحمان فاروقی'....." اور جس مسجد میں مولوی عبداللہ خطیب ہے اس کے بارے میں ستمبر ۱۹۹۱ء کے خلافت راشدہ میں لکھا ہے کہ " بالآخر یکم جون کو جماعت کا ایک اہم وفد وزیر داخلہ چوہدری شجاعت حسین اور میاں شہباز شریف کو ملا۔ کافی بحث و تمحیص کے بعد جامع مسجد لال (اسلام آباد) کے متعلق کانفرنس کرنے کی اجازت مل گئی"۔ علاوہ ازیں سپاہ صحابہ کے پیشتر پروگرام اسی لال مسجد میں ہی منعقد ہوتے ہیں۔

اب آیا اس کے بعد بھی " تاریخی دستاویز" کے مولفین کے کذب و افترا اور فتنہ پردازی میں کوئی شک و شبہ باقی رہ جاتا ہے؟

(۲) تاریخی دستاویز کے صفحہ ۱۷۷ پر یہ سرخی جمائی گئی ہے کہ " شیعہ کے نزدیک موطا امام مالک' صحیح البخاری اور صحیح مسلم جھوٹ کا پلندہ ہیں" جبکہ اس عنوان کے تحت کتاب " حقیقت فقہ حنفیہ در جواب حقیقت فقہ جعفریہ" کے جس صفحہ (۱۲۶) کا عکس دیا گیا ہے اس میں درج بالا تینوں کتب کا نام تک نہیں اور نہ ہی بین السطور ان کتب کا حوالہ موجود ہے۔

(۳) تاریخی دستاویز کے صفحہ ۲۴۷ پر ساتویں باب میں " مرد کا مرد سے نکاح جائز ہے" کے عنوان کے تحت کتاب " فرق الشیعہ" کے ایک صفحہ کا عکس دیا گیا ہے اور ثابت کرنے کی کوشش کی گئی ہے کہ یہ فقہ جعفریہ کا عقیدہ ہے۔

مگر حقیقت یہ ہے کہ کتاب " فرق الشیعہ" کے مولف نے مختلف فرقوں اور اجمالی طور پر ان کے عقائد کا تذکرہ کیا ہے اور اس کے جس صفحہ کا عکس " تاریخی دستاویز" میں شائع کیا گیا ہے اس میں مولف نے ایک فرقہ نمیریہ یا " نصیریہ" اور ان کے عقائد کا مختصراً ذکر کیا ہے (اور اس فرقہ کا بانی محمد بن نصیر النمیری تھا جو نبوت کا دعویٰ کرتا تھا) یہ فرقہ حضرت علی مرتضیٰ اور حضرت امام علی نقیؑ کو رب مانتا تھا اور ان کا عقیدہ یہ تھا کہ ہر چیز حلال ہے اللہ تعالیٰ نے کسی چیز کو حرام قرار نہیں دیا (العیاذ باللہ) اسی طرح مرد کا مرد سے نکاح حلال ہے وغیرہ۔

لہٰذا فقہ جعفری (شیعہ اثنا عشریہ) کا ان سے کوئی تعلق نہیں ہے اور شیعہ اثنا عشریہ اس مذکورہ فرقے کو کافر خیال کرتے ہیں اور پھر اسی کتاب کے " مقدمہ" میں ہی یہ واضح کیا گیا ہے کہ یہ گمراہ فرقہ عرصہ ہوا ختم ہوچکا ہے لیکن " تاریخی دستاویز" کے مولفین نے اپنی بدنیتی سے اسے ملت جعفریہ کے سر تھوپ دیا جو ان کی بدباطنی کا بین ثبوت ہے۔

(۴) تاریخی دستاویز کے صفحہ ۳۸۳ کے چوتھے باب " شیعہ کی طرف سے اہل بیت اور خاندان نبوت کی

توہین" میں "حضرت عائشہ اور حضرت معاویہ رضی ا... عنہ کی توہین" کے عنوان سے کتاب " تحفہ حنفیہ در جواب تحفہ جعفریہ" کے جس صفحہ ۶۵ کا عکس دیا گیا ہے اس میں مصنف نے اپنی طرف سے ایک لفظ بھی نہیں لکھا بلکہ دیوبندیوں کی معتبر کتاب تاریخ " حبیب السیر جزو سیوم جلد اول صفحہ ۶۸ سے ایک روایت (بزبان فارسی) نقل کی ہے اور اس کا لفظ بلفظ ترجمہ کردیا ہے اب اولا" تو اس میں حضرت معاویہ اور حضرت عائشہ کی توہین کا کوئی پہلو ہی نہیں بلکہ ایک روایت نقل کی گئی ہے کہ اور پھر اگر توہین کا کوئی پہلو بھی ہے تو اس کے ذمہ دار اہل تشیع نہیں بلکہ خود " حبیب السیر" کا مولف ہے اور کتاب " تحفہ حنفیہ در جواب تحفہ جعفریہ" کا مولف تو محض ناقل ہے۔

(۵) تاریخی دستاویز کے چوتھے باب میں ہی صفحہ ۳۹۶ پر عنوان دیا گیا ہے ؟ ازواج مطہرات کی توہین" جبکہ اس عنوان کے تحت کتاب " سیاست راشدہ" کے جس صفحہ ۶۲ کا عکس دیا گیا ہے اس میں ایک بھی جملہ ایسا نہیں ہے کہ جس سے ازواج مطہرات کی توہین کا کوئی پہلو نکلتا ہو اور نہ ہی بین السطور کوئی ایسی بات ہے

(۶) اسی دستاویز کے چھٹے باب " شیعہ اور صحابہ کرام و خلفاء راشدین" میں صفحات ۵۷۰ اور ۵۷۱ پر " حضرت ابوبکر صدیق کے بارے میں خود ساختہ سخن طرازی" اور "حضرت ابو بکر صدیق گالیاں دینے والے تھے" کے عنوانات کے تحت کتاب " شیخ سقیفہ" کے جن دو صفحات (۱۴۷ اور ۱۴۸) کے عکس دیئے گئے ہیں ان میں مولف نے مکتب دیوبند کی معتبر ترین کتب "صحیح بخاری" "کنز العمال" اور " تاریخ الخلفاء" کے حوالے دیئے ہیں اور یہ حوالے بعینہ ان کتب میں موجود ہیں گویا کہ اگر کوئی گستاخی، سخن طرازی یا توہین سرزد ہوئی ہے تو دیوبند کی درج بالا معتبر کتب کے مولفین و مصنفین امام بخاری، علی متقی الھندی اور علامہ جلال الدین سیوطی وغیرہ سے ہوئی ہے۔

(۷) اسی تاریخی دستاویز کے صفحہ ۵۸۶ پر " جناب عمر نبیؐ کے گستاخ تھے" کے تحت کتاب " سہم مسموم فی جواب نکاح ام کلثوم" کے صفحہ ۴۳۵ کا جو عکس دیا گیا ہے اس میں روایت کے ساتھ ہی دیوبندیوں کی صحاح ستہ میں سے ایک " صحیح بخاری" کا حوالہ دیا گیا ہے جو کتاب میں لفظ بلفظ موجود ہے اسی طرح صفحہ ۵۸۷ پر " جناب عمر بے وضو نماز پڑھ لیا کرتے تھے" کے تحت کتاب " سہم مسموم...." کے جس صفحہ ۴۳۶ کا عکس دیا گیا ہے اس میں بھی روایت کے ساتھ ہی مکتب دیوبند کی ایک مستند کتاب " کنز العمال" کا حوالہ دیا گیا ہے جو کہ اصل کتاب میں انہی الفاظ کے ساتھ موجود ہے۔

علاوہ ازیں صفحات ۵۸۸ اور ۵۸۹ پر " خود ساختہ الزامات ہی الزامات" "اہل تشیع کی طرف سے کذب و افترا پر مبنی حضرت عمر کے لئے قرطاس ابیض" اور "حضرت عمر بے ہودہ کلام کرتے تھے" کے عناوین کے تحت " سہم مسموم...." نامی کتاب کے جن صفحات کے عکس دیئے گئے ہیں ان میں بھی ہر روایت کے ساتھ اہل سنت کی

معتبر ترین کتب کے حوالے بمعہ جلد نمبر، صفحہ نمبر اور باب درج ہیں
یہی کیفیت اسی تاریخی دستاویز کے صفحات ۵۹۱، ۵۹۲، ۵۹۴، ۶۱۵، ۶۳۲، ۷۱۵ اور دیگر کئی صفحات میں نظر آتی ہے کہ جہاں پر نا قلین روایت نے ہر روایت کے ساتھ صحاح ستہ سمیت مکتب دیوبند کی مستند ترین کتب اور جید علماء کی تصانیف کے حوالے دیئے ہیں اور وہ تمام حوالے مذکورہ کتب میں موجود ہیں لیکن تاریخی دستاویز کے مرتبین ان کتب اور اپنے ہی اکابرین کے کارناموں کو فقہ جعفریہ کے سر منڈھنے اور محض ان روایات کو نقل کرنے کے جرم میں اہل تشیع کے خلاف زہریلے پراپیگنڈے سے ان کو قابل گردن زدنی قرار دینے کے لئے بے تاب و بے چین نظر آتے ہیں اور پھر اس پر دعوی یہ کہ " اگر ایک کتاب بھی جعلی ہو یا ایک بھی عبارت من گھڑت ہو یا ایک اشاعت بھی غیر حقیقی ہو یا حوالہ مندرجہ اصل نہ ہو....."
یہ تو ایسا ہی ہے کہ جیسے ہم اسی تاریخی دستاویز کو لوگوں کو دکھائیں اور کہیں کہ دیکھیں جی سپاہ صحابہ نے اپنی کتاب میں صحابہ و اہل بیت کو کافر کہا ہے اور ان کی توہین کی ہے۔
عالی قدر قارئین!
ہم نے حقیقت کھول کر آپ کے سامنے رکھ دی ہے آپ محض انہی چند مثالوں سے ہی "تاریخی دستاویز" نامی کتاب کے پیش کنندگان و مولفین کی عیاری و فریب کاری اور دجل و مکاری کا اندازہ لگا سکتے ہیں

نوٹ

دیانت داری کا تقاضا تو یہ ہے کہ تاریخی دستاویز کے مولفین اپنے چیلنج کے مطابق فی حوالہ دس ہزار روپے کے حساب سے درج بالا تمام حوالوں کا ہرجانہ اپنی پہلی فرصت میں ارسال فرمائیں تاکہ ہم دیگر غلط حوالہ جات کی دوسری قسط بھی پیش کردیں۔

☆ ☆ ☆ ☆ ☆

تشیع کا تعارف

شیعہ مذہب زمانہ پیغمبر اسلام میں موجود تھا جس نے پیغمبر اکرم ﷺ کی تعلیمات کو ان کے اہل بیتؑ سے حاصل کیا جو کہ حصہ ہائے رسالت اور اجزائے نبوت ہیں جو علوم نبوی کے وارث اور شہر علم نبی کے در ہیں۔ لہٰذا ان کی تعلیمات و ہدایت اور ان کے اقوال و افعال عین تعلیمات رسول اسلام ہیں۔

اہل تشیع کے متعلق غلط گمراہ کن اور باطل خیالات پھیلائے گئے۔ بنی امیہ اور بنی عباس کے ظالم اور متشدد حکمرانوں نے شیعان حیدر کرار کو اپنے مظالم کا نشانہ بنائے رکھا ان کی تبلیغ اور مذہبی احکام کی ادائیگی پر پابندی عائد رکھی۔ محبت اہل بیتؑ کا اظہار ناقابل عفو جرم اور ذکر آل رسول ﷺ گردن زنی گناہ تھا لیکن اہل تشیع نے تعلیمات اہل بیتؑ کی مقدس امانت کو اپنے سینوں میں محفوظ رکھا تلواروں کی باڑھوں پر گردنیں رکھ دیں نیزوں کی انیوں کے آگے جسم پیش کر دیئے اور تیروں کی نوکوں کے سامنے اپنے سینے حاضر کر دیئے مگر مذہب اہل بیتؑ کی تبلیغ سے باز نہ آئے بغداد کی دیواریں' بصرہ کوفہ کے تاریک زندان' گہرے اور اندھیرے کنوؤں کے قید خانے اس قوم کے جذبہ قربانی اور ان کے استقلال و ایثار کی کہانی کے گواہ ہیں۔

شیعہ خیرالبریہ تلواروں کے سائے اور قید و بند کے ماحول میں پروان چڑھے استقلال کی ان چٹانوں کو ظلم کے ریلے اپنے مقام سے ہٹا نہ سکے نصب العین کی پختگی مذہب کی صداقت اور اصول و فروع کی حقانیت ہر آنے والے مقابل سے مزاحمت کرتی رہی اور رکاوٹوں سے ٹکرا کر آگے بڑھتی رہی اس قوم کے متعلق غلط خیالات پروپیگنڈہ کے ذریعے پھلائے گئے۔ عبداللہ بن سبا (ایک فرضی شخصیت) کے پیرو کار بتلائے گئے فتنہ و فساد پھیلانے کے الزامات لگائے گئے' جابر حکومتوں کے مظالم کے علاوہ ہوا خواہان حکومت اور تعصب و عناد میں مبتلا افراد حق و صداقت پر پردہ ڈالنے' اہل بیتؑ رسولؐ کے فضائل چھپانے اور مذہب آلؑ محمدؐ کو مٹانے کی کوششیں کرتے رہے مگر گلشن صداقت کا یہ پھول کانٹوں کے زندان میں مہکتا اور دنیا کو معطر کرتا رہا اور حقانیت کا یہ چراغ تیز و تند آندھیوں سے لڑ کر عالم امکان کو منور کرتا رہا۔

شیعہ قرآن حکیم کی روشنی میں

قرآن مجید میں خدا کے ایک عظیم اور اولی العزم پیغمبر حضرت ابراہیم علیہ السلام کو شیعہ کہا گیا ہے چنانچہ ارشاد رب العباد ہے۔

وان من شیعتہ لا برابیم

(سورہ الصافات آیت ۸۳)

ہمارے رسول حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بھی ملت ابراہیمی کے پابند ہیں جیسا کہ قرآن مجید میں ہے۔

قل بل ملۃ ابراھیم حنیفا

اے رسول ان سے کہہ دو کہ ہم ابراہیم کے طریقہ پر ہیں۔

(سورہ البقرہ آیت ۱۳۴)

شریعت اسلامی کے بانی حضرت نوح علیہ السلام تھے اور اس شریعت کے متبع کو اللہ تعالیٰ نے شیعہ کہا ہے۔ لہٰذا حضرت ابراہیم علیہ السلام شریعت جناب نوح علیہ السلام اپنا شیعہ نوح کہلائے۔

علامہ شوکانی لکھتے ہیں کہ۔

اللہ تعالیٰ نے حضرت ابراہیمؑ کا ذکر اور قصہ بیان کیا ہے کہ بے شک حضرت ابراہیمؑ ان لوگوں میں سے ہیں جو حضرت نوح علیہ السلام کے مذہب پر چلے اسی لئے اللہ تعالیٰ نے "ان من شیعتہ لا براھیم" فرمایا یعنی ان کے اہل دین سے تھے اور ان لوگوں سے تھے جنہوں نے اللہ کی طرف توحید کی طرف اس پر ایمان لانے کی طرف بلانے میں پیروی کی ہے۔

فتح القدر جلد ۴ صفحہ ۳۳۸۹ طبع مطبع مصطفیٰ مصر)

ھذا من شیعتہ و ھذا من عدوہ فاستغاثہ الذی من شیعتہ

ایک حضرت موسیٰ کا شیعہ تھا اور ایک شیعہ کا دشمن جو موسیٰ کا شیعہ تھا۔ اس نے جناب موسیٰ سے مدد مانگی۔

(سورہ قصص آیت ۱۵)

اس آیت مبارک میں حضرت موسیٰ کے گروہ کو شیعہ کہا گیا ہے کیونکہ حضرت موسیٰ شیعہ تھے اور ان کے ماننے والے بحکم قرآن شیعہ تھے۔ یہی معنی مفسرین اہل سنت نے کیے ہیں چنانچہ تفسیر بیضاوی جلد ۴ صفحہ ۱۲۵ طبع مصر میں لکھا ہے۔

من شیعتہ ای شایعہ علی دینہ ۔ ایک ان کا شیعہ تھا یعنی ان کے دین پر تھا۔

علامہ فراء بغوی نے تحریر کیا ہے کہ۔

ھذا مومن و ھذا کافر ۔ یعنی لڑنے والوں میں ایک شیعہ یعنی مومن اور دوسرا کافر تھا۔

(معالم التنزیل جلد ۳ صفحہ ۱۷۵ طبع بمبئی)

شیعہ احادیث رسولؐ کی روشنی میں

حضرت علی اور ان کے شیعہ تمام مخلوق سے بہتر ہیں۔

ارشاد رب العزت ہے۔

ان الذین آمنوا و عملوا الصالحات اولئک ھم خیر البریۃ

بے شک جو ایمان لائے اور اچھے کام کئے وہی تمام مخلوق سے بہتر ہیں۔

(سورہ البینہ آیت ۷)

محمد بن علی سے روایت ہے کہ

اولئک ھم خیر البریۃ فقال النبی صلی اللّٰہ علیہ وسلم انت یا علی و شیعتک

"وہ لوگ جو تمام مخلوق سے بہتر ہیں نبی اکرم ﷺ نے فرمایا اے علی وہ تو اور تیرے شیعہ ہیں"

(تفسیر ابن جریر جلد ۳۳ صفحہ ۱۴۶ طبع المطبعہ المیمنیہ قاھرہ)

حضرت علیؑ اور شیعہ بروز قیامت کامیاب ہوں گے

حضرت جابر ابن عبداللہؓ سے روایت ہے کہ۔

قال کنا عند النبی صلی اللّٰہ علیہ وسلم فا قبل علی فقال النبی صلی اللّٰہ علیہ وسلم والذی نفسی بیدہ ان ھذا و شیعتہ ھم الفائزون یوم القیامۃ و نزلت ان الذین آمنوا و عملوا

الصالحات اولئک هم خیر البریة فکان اصحاب النبیؐ اذا اقبل علیؑ قالو جاء خیر البریة

"ہم رسول اکرم ﷺ کے پاس بیٹھے تھے کہ حضرت علی تشریف لائے حضورؐ نے فرمایا قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے تحقیق یہ علیؑ اور اس کے شیعہ قیامت کے دن کامیاب ہوں گے تو یہ آیت نازل ہوئی۔ ان الذین آمنوا..... الخ اس دن سے جب بھی حضرت علیؑ آتے تو اصحاب رسولؐ ان کو خیر البریہ کے لقب سے یاد کرتے یعنی کہتے کہ تمام مخلوق سے بہتر آیا ہے۔

(۱) تفسیر الدر المنثور جلد ۶ صفحہ ۳۷۹ طبع مطبعہ میمنیہ قاھرہ

(۲) تفسیر فتح البیان جلد ۱۰ صفحہ ۳۳۳ طبع مطبع العاصمۃ مصر

(۳) تفسیر فتح القدیر جلد ۵ صفحہ ۴۷۷ مطبع مصطفیٰ البابی الحلبی مصر

حضرت علیؑ اور ان کے شیعہ بروز محشر خوش و خرم ہوں گے

ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ۔

قال لما نزلت ان الذین آمنوا و عملوا الصالحات اولائک هم خیر البریة قال رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلم لعلی هو انت و شیعتکؑ یوم القیامة راضین و مرضین

"جب آیت مبارکہ کہ ان الذین آمنوا و عملوا الصالحات اولئکؑ هم خیر البریة" نازل ہوئی تو رسالتماب ﷺ نے حضرت علیؑ کو فرمایا۔ اے علی وہ تو اور تیرے شیعہ ہیں جو بروز قیامت خوش و خرم ہوں گے۔

(۱) تفسیر الدر المنثور جلد ۶ صفحہ ۳۷۹ طبع مصر

(۲) تفسیر فتح القدیر جلد ۵ صفحہ ۴۷۷ طبع مصر

حضرت علیؑ اور ان کے شیعہ ہی جنت میں جائیں گے

امام دار قطنیؒ نے اس حدیث کو نقل کیا ہے کہ آنحضرت ﷺ نے حضرت علی مرتضیٰؑ کو فرمایا۔

یا ابا الحسن اما انت و شیعتکؑ فی الجنة

اے ابو الحسن! تو اور تیرے شیعہ ہی داخل جنت ہوں گے۔

(الصواعق المحرقہ صفحہ ۱۵۹ طبع مکتبہ القاھرہ مصر)

شیعہ رسول اکرمؐ، علی مرتضیٰؑ اور ائمہ طاہرینؑ کے ساتھ داخل جنت ہوں گے

امام طبرانی نے روایت بیان کی ہے کہ آنحضرت ﷺ نے حضرت علیؑ کو فرمایا۔

قال لعلی اول اربعة یدخلون الجنة انا و انت والحسن و الحسین و ذریتنا خلف ظهور نا و ازواجنا خلف ذریاتنا و شیعتنا عن ایماننا و شمائلنا

"اے علیؑ چار ہستیاں سب سے پہلے جنت میں داخل ہوں گی۔ میں" آپ" حسن اور حسین اور ہماری ذریت ہمارے پیچھے پیچھے ہو گی اور ہماری ازواج ہماری ذریت کے پیچھے اور ہمارے شیعہ دائیں بائیں ہوں گے"۔

(الصواعق المحرقہ صفحہ ۱۵۹ طبع مکتبہ القاھرہ مصر)

حضرت علیؑ اور ان کے شیعوں سے حوض کوثر پر ملاقات کا وعدہ

حضرت علیؑ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ۔

الم تسمع قول اللّٰہ ان الذین آمنوا وعملوا الصالحات اولائک هم خیر البریة انت و شیعتک و موعدی و موعدکم الحوض

"کیا آپ نے فرمان خدا نہیں سنا ان الذین آمنوا و عملوا الصالحات ... الخ (اے علی) وہ تو اور تیرے شیعہ ہیں اور حسب وعدہ میری اور تمہاری ملاقات حوض کوثر پر ہوگی"۔

(تفسیر الدر المنثور جلد ۶ صفحہ ۳۷۹ طبع مصر)

صحابہ مہاجرین و انصار شیعہ تھے

شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی رقمطراز ہیں۔

اول کسے شیعہ ملقب شد جماعته از مہاجرین و انصار و تابعین ایشاں اند کہ شایعت و متابع حضرت مرتضیٰ نمودند در وقتیکہ جناب ایشاں خلیفہ شدند و ملازمت صحبت ایشاں اختیار کردند و محاربین ایشاں جنگ نمودند و مطیع اوامر و نواہی ایشاں ماندند و بنہار شیعہ مخلصین گوئیند

"سب سے پہلے جس جماعت کو شیعہ کہا گیا ہے وہ جماعت صحابہ مہاجرین و انصار اور تابعین ہیں جب حضرت علی مرتضیٰ خلیفہ بنے تو صحابہ و مہاجرین و انصار نے حضرت علی کو خلیفہ مانا۔ آپ کی پیروی کی اور اوامر و

شیعان علیؑ کا تاریخ ساز کردار

تاریخ اسلام شاہد ہے کہ ہر دور میں شیعان حیدر کرار نے اپنی گفتار کی بجائے اپنے کردار سے خود کو منوایا اور ہمیشہ تاریخ ساز انقلابی کردار ادا کیا۔ خلافت کے نام پر قائم ہونے والی ملوکیتیں ہوں' خاندانی شہنشاہیاں اور بادشاہتیں ہوں یا شخصی آمریتیں' تشیع نے ہر دور میں ان کے وجود کو چیلنج کیا اور دین اسلام کی عظمت و سربلندی کے لئے اپنے آئمہ ھدیٰ اور علمائے صالحین کی قیادت میں ظالم و جابر حکمرانوں سے نبرد آزما رہے' ان اموی اور عباسی ادوار جبکہ اشاعت دین اسلام محمدی دشوار اور اس کی حقیقی روح پر عمل درآمد ناممکن بنایا جا رہا تھا تو ایسے میں حق پرست شیعان علیؑ ہی تھے کہ جنہوں نے سروں پر کفن باندھ کر اور اپنی جانوں کو ہتھیلیوں پر رکھ کر اعلائے کلمہ الحق اور تبلیغ اسلام حقیقی کا عظیم دینی فریضہ سرانجام دیا۔

بادشاہی درباروں اور آمروں کے زیر سایہ پروان چڑھنے والی شریعتوں کے برعکس مذہب تشیع سے کبھی دربار اور اہل دربار کی خوشنودی کو مدنظر نہیں رکھا بلکہ ہمیشہ رضائے خدا اور خوشنودی محمدؐ و آل محمدؐ کو اپنا شعار بنایا اور یہی وجہ ہے کہ آمروں اور شہنشاہوں نے کبھی تشیع اور شیعان علیؑ کو دل سے قبول نہ کیا بلکہ ان کے ادوار میں ہمیشہ شیعان علیؑ دار و رسن کی آزمائشوں سے گذرتے رہے لیکن کبھی باطل کے ساتھ اصولوں پر سمجھوتہ نہ کیا۔ تاریخ اسلام میں رونما ہونے والے ہر انقلاب میں شیعان حیدر کرار کا عظیم انقلابی کردار رہا ہے اور یہی وجہ ہے کہ کبھی باغی اور کبھی رافضی جیسے الفاظ سے بطور طنز یاد کئے جاتے رہے لیکن ہر دور میں شیعان علیؑ نے ان الزامات کو سر کا تاج سمجھ کر قبول کیا یہ اور بات ہے کہ ہر آنے والے مورخ نے (اپنے ہم تر تعصب کے باوجود) اعتراف کیا کہ اگر ملت تشیع اپنی جانوں کے نذرانے پیش نہ کرتی تو آج دین اسلام بادشاہوں کے در کی لونڈی بن چکا ہوتا اور شاید آنے والی نسلوں کو اسلام حقیقی کے خدوخال کا ہی علم نہ ہوتا۔

برصغیر پاک و ہند میں اسلام کی آمد و اشاعت مسلمانوں کی بیداری اور تحریک پاکستان کا لحہ لحہ گواہ ہے کہ شیعان حیدر کرار ہی تھے کہ جنہوں نے برصغیر پاک و ہند میں ایک عظیم نظریاتی اسلامی مملکت کے قیام کو ممکن بنایا۔ سر محمد علی خان مہاراجہ صاحب آف محمود آباد' راجہ امیر احمد خان راجہ صاحب آف محمود آباد راجہ صاحب آف سلیم پور' نواب سر فتح علی خان قزلباش' جسٹس سید امیر علی' سعید محمد مہدی' خان بہادر سید ال بنی' راجہ انضنفر علی خان' سید محمد محسن آف ڈھاکہ' نواب محمد اسماعیل خان پسر سید علی امام' سید رضا علی' ابوالحسن اصفہانی آف ڈھاکہ سمیت لاکھوں شیعہ زعماء راہنماء اور کارکنان نے مسلم لیگ اور تحریک پاکستان میں اپنی زندگیاں وقف کردیں اور مسلمانان برصغیر کے دیرینہ خواب کو عملی تعبیر بخشی۔

ایران میں اسلامی انقلاب سمیت بیسویں صدی کے دیگر تمام انقلابات میں بھی ملت تشیع اور ان کے انقلابی نظریات نے اہم ترین کردار ادا کیا اور ہر اسلامی انقلاب کے قائد نے تسلیم کیا کہ اس نے کربلا اور مکتب کربلا سے درس انقلاب لیا ہے۔ سماجی، معاشرتی اور اسلامی کردار کے ساتھ ساتھ دیگر میدانوں میں بھی اہل تشیع نے اپنی عظمت کے جھنڈے گاڑ دیئے۔ سائنسی اور علمی حوالوں سے دیکھیں تو ایک سرسری سا مطالعہ ہی یہ حقیقت عیاں کرنے کے لئے کافی ہو گا کہ سائنس اور علوم فقہ کی عظیم عمارتیں آج جن بنیادوں پر قائم ہیں وہ مکتب تشیع کے چھٹے امام حضرت جعفرالصادقؑ اور ان کے شاگردوں کے پیش کردہ تجربات و مشاہدات اور نظریات پر رکھی گئی ہیں۔ سائنسی حوالوں سے آج بھی یورپ میں امام جعفرالصادقؑ، جابر بن الحیان، ابن الہشیم اور کئی دیگر شیعہ سائنسدانوں کی کتابیں پڑھائی جاتی ہیں اور ان کے نظریات کو بنیاد بنا کر ہر تحقیقات، تجربات و ایجادات کا سلسلہ جاری ہے علوم فقہ میں بھی صادق آل محمدؐ کا عظیم کردار کسی سے مخفی نہیں اجتہاد کے زیور سے آراستہ شیعہ مسلمانوں نے روایتی قدامت پرست مولویوں کے برعکس ہمیشہ اسلام کو عصر حاضر کے تقاضوں کے ساتھ ہم آہنگ کرنے کے اقدامات کئے۔ حکومت، سیاست، صنعت، حرفت، تجارت، ثقافت، معاشرت، بینکنگ غرضیکہ ہر شعبے میں اسلامی نظریات کو متعارف کرایا اور اسلام کو چودہ سو سال پرانا اور عصر حاضر سے مطابقت نہ رکھنے والا دین کہنے والوں کی زبانیں گنگ کر دیں اور یہی وجہ ہے کہ آج تشیع کے علاوہ اسلام کے دیگر فقہوں کے پیروکار بھی اجتہاد کی ضرورت و اہمیت پر زور دے رہے ہیں۔

الغرض تاریخ کا ہر ورق، ہر سطر، ایک ایک لفظ شیعان علیؑ کے باعظمت کردار کی شہادت بن کر سامنے آتی ہے اور ہر دور کا مورخ بھی عظمت تشیع کے ترانے گانے پر مجبور نظر آتا ہے اور اگرچہ ہر دور کے ظالم اور استعماری حکمرانوں نے شیعان حیدر کرار کو مٹانے اور ان کے کردار کو مسخ کرنے کی کوشش کی لیکن پھر بھی ہر دور میں تاریخ اسلام پر نظر رکھنے والا ہر شخص یہ کہنے پر مجبور نظر آیا کہ "ہم دیکھتے ہیں کہ تاریخ میں جب بھی کہیں اسلامی انقلاب برپا ہوا تو ملت تشیع کی طرف سے برپا ہوا"۔

آج ایک بار پھر استعمار کے کچھ ایجنٹ اپنے آقاؤں کو خوش کرنے کے لئے اور اسلام و پاکستان کو خدا نخواستہ نقصان پہنچانے کے لئے تشیع کے خلاف غلیظ مہم شروع کیے ہوئے ہیں اور تشیع کے عقائد و کردار کو دھندلانے کی مکروہ سازش اور سعی لاحاصل میں مصروف عمل ہیں لیکن اس مرتبہ بھی اسلام دشمن استعمار کی یہ خواہش شرمندہ تعبیر نہ ہو سکے گی۔ استکبار کو اب بھی ہزیمت و شکست کا سامنا کرنا پڑے گا اور ہمیشہ کی طرح آج بھی اور آنے والے کل میں بھی مذہب شیعہ اسلام کے ماتھے کا جوہر بن کر جگمگاتا اور اپنے انقلابی کردار سے دنیا کو منور کرتا رہے گا انشاء اللہ العظیم بجاہ محمد و آلہ الاطہارؑ

ملت تشیع پاکستان کی اتحاد اور وحدت کے لئے کوششیں

یہ حقیقت کسی سے پوشیدہ نہیں کہ اتحاد و وحدت ہی کسی ملک و ملت کا اثاثہ ہوتے ہیں اور زندہ قومیں اپنی یکجہتی کو برقرار رکھنے کی ضرورت کو کبھی فراموش نہیں کرتیں۔ پاکستان جیسی عظیم اسلامی ریاست کا قیام بھی مسلم امہ کے اتحاد کا نتیجہ تھا کہ جب برصغیر پاک و ہند کے مسلمانوں نے اپنے عظیم قائدؒ کی قیادت میں متحد ہو کر جدوجہد کی اور یہود و ہنود کی غلامی سے نجات حاصل کی۔ یہی وجہ ہے کہ دشمن جس کی نظروں میں پاکستان کانٹے کی طرح چبھتا ہے۔ ہمیشہ مسلمانوں کی وحدت کو ختم کرنے کی کوششوں میں مصروف رہتا ہے اور اس نے کئی مرتبہ مسلمانان پاکستان کے اتحاد کو نقصان پہنچانے کی کوششیں کیں لیکن ہر مرتبہ باشعور اور بیدار ملت پاکستان نے اپنی کوششوں کو ناکام بنایا۔

فکری اجتہاد اور فروعی اختلافات کے باوجود متحدہ برصغیر میں اور قیام پاکستان کے بعد بھی اسلام کے تمام مسالک اسلام کی عظمت و سربلندی کے لئے مل جل کر رہتے چلے آئے ہیں اور جب بھی دشمن نے مسلمانوں کو آپس میں برسرپیکار کرنا چاہا شعور و ادراک سے مالا مال علمائے حق نے اپنے اتحاد سے ایسی سازشوں کی بیخ کنی کی اور اتحاد کی ان کوششوں میں ملت تشیع کا کردار سنہری حروف سے لکھا جائے گا۔

۲۳ جنوری ۱۹۵۱ء میں تمام مکاتب فکر کے ۳۱ جید و سرکردہ علمائے کرام نے باہم مل کر ان ۲۲ متفقہ نکات کی منظوری دی کہ جو آج بھی اتحاد و وحدت کی کوششوں کے لئے مشعل راہ ہیں۔ اس اجلاس میں ملت تشیع کی نمائندگی مفتی کفایت حسین مرحومؒ اور مفتی جعفر حسین مرحومؒ نے کی۔ یہ پاکستان کے قیام کے بعد ایک ایسا دشمن سنگ میل تھا کہ جس نے آئندہ آنے والے برسوں میں بھی مسلمانان پاکستان کے اتحاد میں مثالی کردار ادا کیا اور سالہا سال تک دشمن کو امت مسلمہ کی یکجہتی میں دراڑیں ڈالنے کی کوشش کرنے کی بھی جسارت نہ ہوئی۔

مذکورہ ۲۲ نکات کی منظوری کے ایک عرصہ بعد جب دشمن نے شاید یہ سوچ کر کہ اب تو ان نکات کی منظوری دینے والے بیشتر علماء بھی خالق حقیقی سے جا ملے ہیں اور اس نے ایک بار پھر اپنے کچھ ایجنٹوں کے ذریعے عوام میں وسوسے اور شکوک و شبہات پیدا کرنے کی کوششیں کرنا چاہیں تو ایسے میں ایک بار پھر غیور اور

اتحاد و وحدت کی ضرورت سے آگاہ ملت اسلامیہ کے دو انقلابی رہنماؤں ملت تشیع کے قائد و تحریک نفاذ فقہ جعفریہ کے سربراہ علامہ سید ساجد علی نقوی اور اہل سنت کے ممتاز عالم دین و پاکستان عوامی تحریک کے سربراہ علامہ ڈاکٹر پروفیسر طاہر القادری نے دس نکاتی متفقہ اعلامیہ وحدت جاری کیا اور دشمن کی سازشوں کو دفن کر دیا۔ اس اعلامیہ وحدت کا پاکستان کے عوام' سیاسی رہنماؤں اور علمائے اسلام کی اکثریت نے پرجوش خیرمقدم کیا اور اس مشترکہ اعلامئے سے ایک بار پھر اتحاد و وحدت کی کوششوں کو تقویت حاصل ہوئی۔

ملت جعفریہ کی انہی کوششوں کا تسلسل ۱۹۹۰ء میں حکومتی سطح پر اتحاد بین المسلمین کمیٹی کی صورت میں سامنے آیا کہ جب (اس وقت کے) وفاقی وزیر مذہبی مولانا عبدالستار نیازی کی سربراہی میں ایک ۳۰ رکنی کمیٹی قائم کی گئی جس میں اہل تشیع کی نمائندگی تحریک نفاذ فقہ جعفریہ کے مرکزی نائب صدر علامہ سید محمد تقی النقوی' علامہ مرزا یوسف حسین' علامہ ریاض حسین نقوی اور علامہ علی غضنفر (ع - غ) کراروی نے کی۔ کمیٹی کے مختلف اجلاسوں کے بعد ۲۸ ستمبر ۱۹۹۱ء کو گورنر پنجاب ہاؤس لاہور میں ایک متفقہ "ضابطہ اخلاق" کی منظوری دی جس پر تمام مکاتب فکر کے ۴۱ علماء نے اپنی مہر تصدیق ثبت کی جن میں تحریک جعفریہ کے سیکرٹری جنرل علامہ سید افتخار حسین نقوی اور علامہ یعقوب علی توسلی بھی شامل تھے۔ یہ سرکاری سطح پر ایک اچھی کوشش تھی کہ جس سے ملک کے اندر وحدت و یکجہتی کے فروغ کی راہ ہموار ہوئی تھی تاہم بعد ازاں یہ کمیٹی زیادہ فعال کردار ادا نہ کر سکی۔ حتی کہ ۱۹۹۳ء میں خود حکومت ہی رخصت ہو گئی۔

بعد ازاں ایک بار پھر جب دشمن نے اپنے کچھ ایجنٹوں کے ذریعے تکفیر کا پرانا کھیل دوبارہ کھیلنا چاہا اور گلی کوچوں میں کافر کافر کی غلیظ مہم بازی کے ذریعے بھائی کو بھائی سے لڑانا چاہا اور مذہب کے نام پر تشدد اور قتل وغارت کی بھیانک مہم شروع ہوئی تو ایک بار تحریک جعفریہ پاکستان کے پلیٹ فارم پر متحد ملت جعفریہ نے دشمن کی اس سازش کو ناکام بنانے کے لئے پوری قوت سے اتحاد کا نعرہ بلند کیا اور وحدت کے علم کو تھام کر دشمن کے عزائم کے سامنے آہنی دیوار بن گئی۔ ۱۹۹۵ء میں تحریک جعفریہ پاکستان کے زیر اہتمام ملی یکجہتی کانفرنس منعقد ہوئی جس میں ملک کے قریباً" تمام مکاتب فکر کے علماء اور سیاسی و مذہبی راہنماؤں نے شرکت کی۔ یہ کانفرنس بعد ازاں ملت کے اتحاد کا زینہ ثابت ہوئی کہ اس کے بعد ملک کی قابل ذکر اور دینی جماعتوں کے سربراہوں نے اسلام دشمن قوتوں کی ملت اسلامیہ کے اتحاد کو پارہ پارہ کرنے کی سازشوں کے خاتمہ کے لئے مل بیٹھنے کی ضرورت کو محسوس کیا۔ ان علماء کی کئی میٹنگز ہوئیں اور بالاخر ۲۴ مارچ کو اسلام آباد میں "ملی و قومی یکجہتی کانفرنس" کا انعقاد عمل میں آیا۔ اس کانفرنس میں تحریک جعفریہ' جماعت اسلامی' جمعیت علمائے اسلام (فضل الرحمٰن گروپ)'

جمعیت علمائے اسلام (سمیع الحق گروپ)'جمعیت علمائے پاکستان (نیازی گروپ)' تحریک منہاج القرآن اور جمعیت اہل حدیث پاکستان سمیت ملک کی ۱۱ دینی جماعتوں کے سربراہوں نے شرکت کی۔ کانفرنس میں ایک مشترکہ اعلامیہ جاری کیا گیا جس میں اسلامی انقلاب برپا کرنے اور شریعت محمدی کے عملی نفاذ کے لئے مشترکہ جدوجہد کرنے کا عزم کیا گیا تھا۔ علاوہ ازیں انہی ۱۱ دینی جماعتوں کے سربراہوں پر مشتمل ایک کونسل بھی قائم کی گئی جسے ملی یکجہتی کونسل (اولاً اس کا نام اسلامی یکجہتی کونسل تجویز کیا گیا تھا) کا نام دیا گیا۔

ملی یکجہتی کونسل کا قیام علماء کے ۲۲ متفقہ نکات کی منظوری کے بعد ایک انتہائی تابناک اقدام تھا کیونکہ ۱۹۵۱ء کے بعد یہ دوسرا موقع تھا کہ جب تمام مسالک کے جید علماء اور قابل ذکر دینی جماعتوں کے سربراہوں نے ایک بار پھر مسلمانوں میں تفرقہ ڈالنے کی استعماری سازش کا قلع قمع کر دیا تھا اور مسلمانوں کے اتحاد کے ایک نئے دور کا آغاز ہوا تھا۔ کونسل کے قیام سے واضح ہو گیا کہ اسلام و فرقہ واریت کے نام پر جاری دہشت گردی کا اسلام و مذہب سے کوئی تعلق نہیں کیونکہ اگر مسئلہ فرقہ وارانہ ہوتا تو پھر یہ علماء اس طرح مل کر نہ بیٹھ سکتے۔ ملی یکجہتی کونسل کے قیام اور بعد ازاں ملی یکجہتی کونسل کی ذیلی کمیٹیوں میں تحریک جعفریہ نے انتہائی ٹھوس اور قابل تعریف کردار ادا کیا اور مسلمانان پاکستان کی وحدت و یکجہتی میں اضافے کے لئے مثبت کاوشیں کیں۔

ملت تشیع آج بھی اتحاد و وحدت کی تمام کوششوں کا ہراول دستہ بننے کو تیار ہے اور آج بھی مسلمانان پاکستان کی یکجہتی کے لئے کسی قسم کی قربانیوں سے دریغ نہیں کرے گی اور ملت اسلامیہ میں جدائی ڈالنے کی استعماری سازشوں کو ناکام بناتی رہے گی کیونکہ جب تک ملت اسلامیہ متحد ہے استعمار کبھی بھی اپنے گھناؤنے عزائم میں کامیاب نہیں ہو سکتا۔

تمام مکاتب فکر کے ۳۱ سرکردہ علما کرام
کے مرتب کردہ ۲۲ متفقہ دستوری نکات

درج ذیل نکات وہ ہیں جنہیں ۱۹۵۱ء میں پاکستان کے جید علماء اور تمام مسلم فرقوں کے نمائندگان نے مرتب کرکے دستور پاکستان کی اساس بنانے کے لئے پیش کیا تھا۔

۱۔ اصل حاکم تشریعی و تکوینی حیثیت سے اللہ رب العالمین ہے۔

۲۔ ملک کا قانون کتاب و سنت پر مبنی ہوگا۔ اور کوئی ایسا قانون نہ بنایا جا سکے گا۔ نہ کوئی ایسا حکم دیا جا سکے گا جو کتاب و سنت کے خلاف ہو۔

تشریحی نوٹ۔ اگر ملک میں پہلے سے کچھ ایسے قوانین جاری ہوں جو کتاب و سنت کے خلاف ہوں تو اس کی تصریح بھی ضروری ہے کہ بتدریج ایک معینہ مدت کے اندر ممنوع یا شریعت کے مطابق تبدیل کر دیئے جائیں گے۔

۳۔ مملکت کسی جغرافیا کی نسلی' لسانی یا کسی اور تصور پر نہیں بلکہ ان اصول اور مقاصد پر مبنی ہوگی جن کی اساس اسلام کا پیش کیا ہوا ضابطہ حیات ہے۔

۴۔ اسلامی مملکت کا یہ فرض ہوگا کہ کتاب و سنت کے بتائے ہوئے معروفات کو قائم کرے' منکرات کو مٹائے اور شعائر اسلام کے احیاء و اعلاء اور متعلقہ اسلامی فرقوں کے لئے ان کے اپنے مذہب کے مطابق ضروری اسلامی تعلیم کا انتظام کرے۔

۵۔ اسلامی مملکت کا یہ فرض ہوگا کہ وہ مسلمانان عالم کے رشتہ اتحاد و اخوت کو قوی سے قوی تر کرنے اور ریاست کے مسلم باشندوں کے درمیان عصبیت جاہلیتہ کی بنیادوں پر نسلی ' لسانی علاقائی یا دیگر مادری امتیازات کے ابھرنے کی راہیں مسدود کرکے ملت اسلامیہ کی وحدت کے تحفظ و استحکام کا انتظام کرے۔

۶۔ مملکت بلا امتیاز مذہب و نسل وغیرہ تمام ایسے لوگوں کی ابدی انسانی ضروریات یعنی غذا' لباس' مسکن' معالجہ اور قیام کی کفیل ہوگی' جو اکتساب رزق کے قابل نہ ہوں یا نہ رہے ہوں۔ یا عارضی طور پر بے روزگار ہوں' بیماری یا دوسرے وجوہ سے فی الحال سعی اکتساب پر قادر نہ ہوں۔

۷۔ باشندگان ملک کو وہ تمام حقوق حاصل ہوں گے جو شریعت اسلامیہ نے ان کو عطا کئے ہیں یعنی حدود قانون کے اندر تحفظ جان و مال و آبرو' آزادی مذہب و مسلک' آزادی عبادت' آزادی ذات' آزادی اظہار رائے' آزادی نقل و حرکت' آزادی اجتماع آزادی اکتساب رزق' ترقی کے مواقع میں یکسانی اور رفاہی ادارت سے استفادہ کا حق۔

۸۔ مذکورہ بالا حقوق میں سے کسی شہری کا کوئی حق اسلامی قانون کی سند جواز کے بغیر کسی وقت سلب نہ کیا جائے گا' اور کسی جرم کے الزام میں کسی کو بغیر فراہمی موقع صفائی و فیصلہ عدالت کوئی سزا نہ دی جائے گی۔

۹۔ مسلمہ اسلامی فرقوں کو حدود قانون کے اندر پوری مذہبی آزادی حاصل ہوگی۔ انہیں اپنے پیروؤں کو اپنے مذہب کی تعلیم دینے کا حق حاصل ہوگا۔ وہ اپنے خیالات کی آزادی کے ساتھ اشاعت کر سکیں گے ۔ ان کے شخصی معاملات کے فیصلے ان کے اپنے فقہی مذہب کے مطابق ہوں گے اور ایسا انتظام کرنا مناسب ہوگا کہ ان کے قاضی یہ فیصلے کریں گے کہ ۔

۱۰۔ غیر مسلم باشندگان مملکت کو حدود قانون کے اندر مذہب و عبادت' تہذیب و ثقافت اور مذہبی تعلیم کی پوری آزادی حاصل ہوگی اور انہیں اپنے شخصی معاملات کا فیصلہ اپنے مذہبی قانون یا رسم و رواج کے مطابق کرانے کا حق حاصل ہوگا۔

۱۱۔ غیر مسلم باشندگان مملکت کو حدود شریعت کے اندر جو معاہدات کئے گئے ہیں ان کی پابندی لازمی ہوگی اور جن حقوق شہری کا ذکر دفعہ نمبر ۷ میں کیا گیا ہے ان میں غیر مسلم باشندگان ملک برابر کے شریک ہوں گے۔

۱۲۔ رئیس مملکت کا مسلمان مرد ہونا ضروری ہے جس کے تدین' صلاحیت اور اصابت رائے پر جمہور یا ان کے مختلف نمائندوں کو اعتماد ہو۔

۱۳۔ رئیس مملکت ہی نظم مملکت کا اصل ذمہ دار ہوگا۔ البتہ وہ اپنے اختیارات کا کوئی جزو کسی فرد یا جماعت کو تفویض کر سکتا ہے۔

۱۴۔ رئیس مملکت کی حکومت مستبدانہ نہیں بلکہ شورائی ہوگی یعنی وہ ارکان حکومت اور منتخب نمائندگان جمہور سے مشورہ لے کر اپنے فرائض انجام دے سکتا ہے۔

۱۵ ۔ رئیس مملکت کو یہ حق حاصل نہ ہو گا کہ وہ دستور کو کلا" یا جزوا" معطل کرکے شوری کے بغیر حکومت کرنے لگے۔

۱۶۔ جو جماعت رئیس مملکت کے انتخابات کی مجاز ہوگی وہ کثرت آراء سے اسے معزول کرنے کی بھی مجاز

ہوگی۔

۱۸۔ رئیس مملکت شہری حقوق میں عامتہ المسلمین کے برابر ہوگا اور قانونی مواخذہ سے بالاتر نہیں ہوگا۔

۱۹۔ ارکان و عمال حکومت اور عام شہریوں کے لئے ایسا ہی قانون و ضابطہ ہوگا اور دونوں پر عام عدالتیں ہی اس کو نافذ کریں گی۔

۲۰۔ محکمہ عدلیہ، محکمہ انتظامیہ سے علیحدہ اور ازاد ہوگا۔ تاکہ عدلیہ اپنے فرائض کی انجام دہی میں ہیت انتظامیہ سے اثر پذیر نہ ہو۔

۲۱۔ ایسے افکار و نظریات کی تبلیغ و اشاعت ممنوع ہوگی جو مملکت اسلامی کے اساسی اصول و مبادی کے انہدام کا باعث ہوں۔

۲۲۔ ملک کے مختلف ولایات و اقطاع مملکت واحدہ کے اجزاء انتظامی متصور ہوں گے۔ ان کی حیثیت نسلی، لسانی یا قبائلی وحدہ جات کی نہیں بلکہ محض انتظامی علاقوں کی ہوگی۔ جنہیں انتظامی اختیارات کے پیش نظر مرکز سے علیحدگی کا حق حاصل نہ ہوگا۔

۲۳۔ دستور کی کوئی ایسی تعبیر معتبر نہیں ہوگی جو کتاب و سنت کے خلاف ہو۔

نوٹ۔ مندرجہ بالا ۲۲ اسلامی نکات کی ترتیب کے لئے ۱۲، ۱۳، ۱۴ اور ۱۵ ربیع الثانی ۱۳۷۰ھ مطابق ۲۱، ۲۲، ۲۳ اور ۲۴ جنوری ۱۹۵۱ء کو کراچی میں زیر صدارت مولانا محمد سلیمان ندوی مرحوم، درج ذیل علماء و دیگر حضرات کا اجتماع منعقد ہوا تھا۔ اور بالاتفاق مذکورہ بالا ۲۲ نکات طے ہوئے۔

ان ۲۲ نکات پر دستخط کرنے والوں کے اسمائے گرامی ذیل میں درج ہیں۔

۱۔ سید سلیمان ندوی مرحوم
۲۔ مولانا شمس الحق صاحب عثمانیؒ
۳۔ مولانا محمد بدر عالم صاحب مرحوم
۴۔ مولانا احتشام الحق صاحب تھانویؒ
۵۔ مولانا محمد عبدالحامد صاحب قادری بدایونیؒ
۶۔ مولانا مفتی محمد شفیع صاحب کراچی
۷۔ مولانا محمد ادریس صاحب کاندھلویؒ
۸۔ مولانا خیر محمد صاحب مہتمم خیر المدارس ملتان
۹۔ مولانا مفتی محمد حسن صاحب مرحوم (جامعہ اشرفیہ لاہور) ۱۰۔ پیر محمد امین الحسنات صاحب مرحوم (مانکی شریف)
۱۱۔ مولانا محمد یوسف صاحب بنوریؒ (کراچی)
۱۲۔ حاجی خادم الاسلام صاحب (خلیفہ حاجی صاحب استونگ زئی)
۱۳۔ قاضی عبدالصمد صاحب سربازی (بلوچستان)
۱۴۔ مولانا اطہر علی صاحب (مشرقی پاکستان)
۱۵۔ مولانا ابو جعفر محمد صالح صاحب (مشرقی پاکستان)
۱۶۔ مولانا راغب احسن صاحب (ڈھاکہ)

۱۷۔ مولانا محمد حبیب الرحمان صاحب مشرقی پاکستان ۱۸۔ مولانا محمد علی صاحب جالندھر (ملتان)

۱۹۔ مولانا داؤد غزنوی صاحب مرحوم ۲۰۔ مفتی جعفر حسین صاحب مجتہد شیعہ حضرات میں سے۔

۲۱۔ مفتی کفایت حسین مجتہد مرحوم (شیعہ حضرات میں سے)

۲۲۔ مولانا محمد اسماعیل صاحب مرحوم (گوجرانوالہ اہلحدیث)

۲۳۔ مولانا حبیب اللہ صاحب (ٹھیری خیرپور)

۲۴۔ مولانا احمد علی صاحب (امیر انجمن خدام الدین شیرانوالہ دروازہ لاہور

۲۵۔ مولانا محمد صادق صاحب مرحوم (مدرسہ مظہرالعلوم کھنڈہ کراچی

۲۶۔ پروفیسر عبدالخالق صاحب ۲۷۔ مولانا شمس الدین صاحب فرید پوری (مشرقی پاکستان)

۲۸۔ مفتی محمد صاحبدار صاحب (کراچی) ۲۹۔ پیر محمد ہاشم صاحب مجددی (سندھ)

۳۰۔ مولانا ابوالاعلیٰ صاحب مودودی ۳۱۔ مولانا محمد ظفر احمد صاحب انصاری

اس کنونشن ۲۱ تا ۲۴ جنوری ۱۹۵۱ء بمقام کراچی کے بعد مولانا احتشام الحق صاحب تھانوی جو قرار داد مقاصد کنونشن میں بھی شریک تھے نے اپنا وضاحتی بیان یوں دیا کہ۔

" ہر اسلامی فرقہ کتاب و سنت کی اس تشریح پر عمل کا پابند ہے جو اس فرقہ کے نزدیک مستند اور معتبر ہے"۔

(روزنامہ مساوات لاہور ۲۶ فروری ۱۹۸۷ء)

☼ ☼ ☼

ضابطہ اخلاق

اتحاد بین المسلمین کمیٹی

مقرر کردہ

وزیراعظم اسلامی جمہوریہ پاکستان

جناب محمد نواز شریف صاحب

زیر صدارت

مولانا محمد عبدالستار خان نیازی

وفاقی وزیر مذہبی امور حکومت پاکستان

2 جولائی 1992ء اسلام آباد

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

"ضابطہ اخلاق"

یہ ایک مسلمہ حقیقت ہے کہ دنیا کا کوئی بھی ملک جس کے عمال' افراد' معززین' دانشور اور مذہبی اور سیاسی شخصیات فرقہ واریت تعصب اور طبقہ واریت کاشکار ہو جائیں کسی شعبہ میں ترقی نہیں کر سکتا۔ ہم دیکھتے ہیں کہ دنیا میں اس وقت گوناگوں سیاسی' ثقافتی' معاشی اور سماجی تبدیلیاں آ رہی ہیں اور ہر ملت اپنے حریف کو ذاتی مقاصد کے حصول کی خاطر نیچا دکھانے کے لئے گھات میں بیٹھی ہے اور اس مقصد براری کے لئے مختلف ہتھکنڈوں سے کام لے رہی ہے۔

اندریں حالات کسی قوم کو تباہ و برباد کرنے کے لئے سب سے خطرناک اور کارگر حربہ فرقہ واریت ہے فرقہ واریت اور طبقاتیت دو حقیقی جڑواں خطرے ہیں جن سے کسی قوم کا استحکام اور اجتماعیت تباہ ہو سکتی ہے۔ ان دونوں سے قومی یکجہتی' نظم و ضبط' یگانگت اور برادرانہ تعلقات بگڑ جاتے ہیں۔ اس لئے اس بات کی شدید ضرورت ہے کہ ان ہر دو سماجی برائیوں کے قلع قمع کے لئے موثر کئے جائیں اور مسلمانان عالم میں بالعموم اور ملت پاکستان میں بالخصوص اخوت و مودت اور رواداری کے احساسات پیدا کئے جائیں۔

جو قومیں فرقہ واریت کے عفریت کا پامردی' اعلیٰ حکمتی عملی اور مخلصانہ تدبر سے مقابلہ نہیں کر پاتیں وہ بالاخر انتشار و افتراق کا شکار ہو جاتی ہیں۔

فرقہ واریت کے حملے سے بچنے کے لئے ضروری ہے کہ حکومت اور ملک کے تمام شہری' بالخصوص علماء دانشور تمام حضرات سوچ و بچار سے مربوط کوششیں کریں۔

پاکستان میں فرقہ وارانہ مسائل نے عمومی امن و امان کو تباہ کرکے رکھ دیا ہے اور فرقہ واریت کا حربہ خاص مقاصد کے حصول کے لئے خاص جماعتیں استعمال کرتی ہیں اور اپنے مقاصد کے حصول کے لئے انہیں انسانی جانوں اور ملکی املاک کے اتلاف کی بھی پرواہ نہیں ہوتی۔

پچھلے دنوں ملک میں مقتدر شخصیتوں کے سیاسی قتل ہوئے اور خون مسلم کی ارزانی جس پر موجودہ حکومت کو سخت قلق اور ملال ہے۔ حکومت اس ضمن میں اخلاص مندی اور ایمانداری سے کوشش کر رہی ہے کہ اصل مجرموں کو پکڑ کر کیفر کردار تک پہنچایا جائے۔ لیکن یہ بات قابل افسوس ہے کہ مجرموں کی حامی جماعتیں ان کی

مجاہد لعنت اور رہائی کے لئے سیاسی اور غیر قانونی حربے استعمال کرتی ہیں۔اس لئے ہمیں اس صورتحال سے نجات حاصل کرنے کے لئے کوئی لائحہ عمل طے کرنا ہوگا۔

اگرچہ فرقہ واریت ایک متعدی مرض کی طرح ہمارے پورے معاشرے کو چاٹ رہا ہے تاہم یہ ایسا مرض لاعلاج بھی نہیں۔ اس کے لئے البتہ اجتماعی کوششوں کی ضرورت ہوگی فرقہ واریت اور دینی عصبیت کو ختم کرنے کے لئے جہاں اسلام کی زریں تعلیمات کو اجاگر کرنا ہے وہاں ضرورت اس امر کی بھی ہے کہ ایک واضح قومی پالیسی اختیار کی جائے جس میں ان تمام اقدامات کا احاطہ جو فرقہ واریت کو نیست و نابود کرنے کے لئے لابدی اور ضروری ہے۔ چنانچہ اس ضرورت کو مدنظر رکھتے ہوئے وزیراعظم اسلامی جمہوریہ پاکستان جناب محمد نواز شریف کی ہدایت کی روشنی میں ملک کی تمام مذہبی' سیاسی جماعتوں کے نمائندوں اور نامور علماء مشائخ کا ایک اہم اجلاس ۱۷ جنوری ۱۹۹۱ء کو وفاقی وزیر جناب محمد عبدالستار خان نیازی کی زیر صدارت اسلام آباد میں منعقد ہوا۔

اجلاس میں جمعیت علمائے اسلام' جمعیت علمائے پاکستان' جمعیت اہل حدیث' جماعت اسلامی' جمعیت مشائخ پاکستان' انجمن سپاہ صحابہ' تحریک نفاذ فقہ جعفریہ حامد موسوی گروپ و ساجد نقوی گروپ' متحدہ علماء کونسل' جماعت اہل سنت' حزب جہاد اسلامی اور تحریک اخوت اسلامی کے علاوہ نامور علماء و مشائخ نے شرکت کی۔

اجلاس میں ملک میں فرقہ واریت کو ختم کرنے اور مذہبی ہم آہنگی و بھائی چارے کی فضا قائم کرنے کے مختلف پہلوؤں کا جائزہ لیا گیا اور بہ اتفاق رائے ایک ضابطہ اخلاق بھی مرتب کیا گیا۔

بعد ازاں مسئلہ کی اہمیت کے پیش نظر وزیراعظم پاکستان نے وزارت مذہبی امور کو دوبارہ ہدایت فرمائی کہ گورنر ہاؤس پنجاب لاہور میں ۲۸ ستمبر ۱۹۹۱ء' بروز ہفتہ علماء و مشائخ کے ایک اجتماع کا اہتمام کیا جائے جہاں پر اس میں پورے ملک سے علماء و مشائخ شامل ہوں۔

چنانچہ تعمیل ارشاد میں تمام مکاتب فکر کے جید علمائے کرام' مشائخ عظام اور دینی جماعتوں کے رہنماؤں کا مشترکہ اجلاس حسب پروگرام گورنر ہاؤس پنجاب لاہور میں منعقد ہوا جس کی صدارت وزیراعظم پاکستان نے فرمائی۔ جبکہ اجلاس کی کاروائی وفاقی وزیر مذہبی امور جناب مولانا عبدالستار خان نیازی کی نگرانی میں ہوئی۔

شرکاء اجلاس نے فرقہ واریت کے خاتمہ اور اتحاد بین المسلمین پر اپنے خیالات کا اظہار فرمایا اور اتحاد بین المسلمین کو عملی جامہ پہنانے کے لئے متعدد تجاویز پیش کیں۔

منجملہ دیگر امور کے اس اجلاس کی خاص بات یہ تھی کہ اس میں متفقہ طور پر ایک "ضابطہ اخلاق" کی تائید و تصدیق کی گئی اور علمائے کرام اور مشائخ عظام نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ تہہ دل سے اس ضابطہ میں

مندرج نکات پر پورا پورا عمل کریں گے۔

ضابطہ اخلاق کے چیدہ چیدہ نکات یہ ہیں۔

۱۔ مسلمانوں کے درمیان اتحاد و اتفاق قائم کرنا۔

۲۔ مختلف مکاتب فکر کے درمیان صلح، محبت، رواداری اور افہام و تفہیم کی فضا قائم کرنا اور خلوص نیت سے اس پر عمل کرنا۔

۳۔ دوسرے مسالک کے اکابرین کا احترام کرنا۔

۴۔ علماء اور خطباء اور مصنفین کی تقریروں اور تحریروں میں توازن و اعتدال پیدا کرنے کے لئے کوشش کرنا۔

۵۔ ایسے بیانات سے احتراز کرنا جن سے دوسروں کی دل آزاری ہوتی ہو۔

۶۔ قول و فعل میں ہم آہنگی اور مطابقت پیدا کرنے کے لئے مل جل کر کام کرنا۔

۷۔ ذرائع ابلاغ کو استعمال کرکے لوگوں کے درمیان اخوت و بھائی چارے کے لئے سعی کرنا۔

۸۔ مسلمانوں کے مقامات مقدسہ کے احترام اور تحفظ کو یقینی بنانا۔ نیز اقلیتی فرقوں کے تحفظ اور ان کے مقامات مقدسہ کی حفاظت کرنے کے انتظامات کرنا۔

۹۔ نوجوان اور جدید رجحانات رکھنے والے طبقے اور طلباء و طالبات کے مسائل معلوم کر کے ان کے اسلامی نقطہ نظر سے حل کے لئے تحقیقی بنیادوں پر ایسا لٹریچر مرتب کرنا جس سے وہ مستفید ہو سکیں۔

۱۰۔ وقتاً فوقتاً وزارت مذہبی امور میں تمام مکاتب فکر کے علماء کا مجتمع ہو کر اپنی کارکردگی کا جائزہ لینا اور آئندہ کے لئے نئے اقدامات تجویز کرنا۔

۱۱۔ ایسی مساعی جمیلہ کو عمل میں لانا جس سے عوام الناس میں علماء و مشائخ کا اعتماد بحال ہو۔

۱۲۔ جذباتی نعروں اور دل آزار خطبوں سے پرہیز کرنا۔

۱۳۔ جمعتہ المبارک کے خطبوں میں ایسی تقریریں کرنا جن سے مسلمانوں میں اتحاد واتفاق میں مدد ملے۔

۱۴۔ مسلکی تنازعات کو باہمی مشوروں اور افہام و تفہیم کے اصولوں کی روشنی میں طے کرنا۔

۱۵۔ حکومت کو وقتاً فوقتاً ایسے مشورے دینا جن سے مسلمانوں کے درمیان محبت و یکجہتی پیدا ہو۔

۱۶۔ پبلک پلیٹ فارم سے اپنے مخالفین کے خلاف طعن و تشنیع سے مکمل اجتناب کرنا۔

۱۷۔ امہات المومنین، صحابہ کرام، اہل بیت اطہار، اولیائے امت، تابعین، تبع تابعین اور تمام مسلمانوں کا ادب

و احترام کرنا۔

۸۔ دوسروں کے حقوق کی پاسداری اور اپنے فرائض کی بجاآوری میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینا۔

۹۔ قومی و ملکی معاملات و حالات میں تمام مکاتب فکر کے علماء کا کماحقہ' متحد رہنا۔

۱۰۔ پاکستان کی سالمیت و تحفظ اور اس کی ترقی کے لئے خلوص نیت سے کام کرنا۔

وطن عزیز میں موجودہ فرقہ واریت کشیدگی و افتراق و انتشار کا عفریت اپنے مضرت رساں پنجے گاڑنے میں مصروف عمل ہے' جس سے اسلامیہ کی وحدت و اتحاد کو زبردست خطرہ لاحق ہے اور پاکستان دشمن قوتیں اپنے مذموم مقاصد کے حصول کے لئے وطن عزیز کی سالمیت اور آزادی کو داؤ پر لگانا چاہتی ہیں جبکہ دوسری طرف وزیراعظم اسلامی جمہوری پاکستان جناب محمد نواز شریف کی ولولہ انگیز قیادت ملک کو مختلف النوع بحرانوں سے نکال کر ایک حقیقی اسلامی فلاحی مملکت بنا کر اسے اقوام عالم میں ایک ترقی یافتہ ممالک کی صفوں میں کھڑا کرنا چاہتی ہے۔

ضرورت اس بات کی ہے کہ تقاضائے وقت بھی کہ ملک میں امن وسلامتی' صلح و آشتی اور اسلامی رواداری کی فضا پیدا ہو اور ملک بھر سے فرقہ واریت' طبقاتی اور گروہی جنگ و جدل کا خاتمہ ہو تاکہ نہ صرف اندرون ملک بلکہ بیرون ملک بھی قوم و ملک کا وقار بحال ہو اور ملک ترقی و خوشحالی کی شاہراہ پر گامزن ہو سکے۔

"یہ ضابطہ اخلاق آپ سب کے لئے ایک رہنما کا کام دے گا"۔ اس پر عمل کرنا اور دوسروں کو اس پر عمل کرنے کی ترغیب دینا آپ کا اور ہم سب کا قومی اور دینی فریضہ ہے۔

ضابطہ اخلاق کی توثیق جن شرکاء نے اجلاس اور علمائے کرام نے فرمائی ان کے اسمائے گرامی یہ ہیں۔

۱۔ پیر سید برکات احمد صاحب' سینیٹر' سینئر نائب صدر جمعیت علمائے پاکستان اسلام آباد

۲۔ پروفیسر خورشید احمد صاحب' سینیٹر جماعت اسلامی منصورہ لاہور

۳۔ جناب لیاقت بلوچ صاحب' ایم این اے جماعت اسلامی منصورہ لاہور

۴۔ مولانا معین الدین لکھوی صاحب' ایم این اے ' متحدہ جمعیت اہل حدیث پاکستان' اوکاڑہ

۵۔ مولانا محمد اعظم طارق صاحب' ایم این اے' نائب سرپرست اعلیٰ سپاہ صحابہ جھنگ

۶۔ حاجی محمد حنیف طیب صاحب' سابق وفاقی وزیر جمعیت علمائے پاکستان کراچی

۷۔ میاں مسعود احمد صاحب' جمعیت علمائے پاکستان لاہور

۸۔ انجینئر محمد سلیم اللہ خان صاحب' سیکرٹری جمعیت علمائے پاکستان لاہور

۹۔ مولانا محمد اجمل خان صاحب، جمعیت علمائے اسلام صوبہ پنجاب

۱۰۔ مولانا سید محمد عبدالقادر آزاد صاحب، چیئرمین مجلس علمائے پاکستان لاہور

۱۱۔ مولانا عبدالرحمان اشرفی صاحب، مہتمم جامعہ اشرفیہ لاہور

۱۲۔ مولانا ملک عبدالروؤف صاحب، متحدہ علماء کونسل پاکستان

۱۳۔ مولانا حافظ عبدالمالک صاحب، جمعیت علمائے پاکستان بلوچستان

۱۴۔ صاحبزادہ حاجی محمد فضل کریم صاحب، جمعیت علمائے پاکستان فیصل آباد

۱۵۔ مفتی محمد حسین نعیمی صاحب، جامعہ نعیمیہ لاہور

۱۶۔ مولانا امین الحسنات خلیل احمد قادری صاحب، جامع مسجد وزیر خان لاہور

۱۷۔ مفتی غلام سرور قادری صاحب، جامعہ رضویہ ماڈل ٹاؤن لاہور

۱۸۔ صاحبزادہ قاضی محمد اسرارالحق حقانی صاحب، جامعہ اسلامیہ اسرار العلوم راولپنڈی

۱۹۔ مولانا حکیم عبدالرحیم اشرف صاحب، جامعہ تعلیمات اسلامیہ فیصل آباد

۲۰۔ جسٹس مولانا محمد تقی عثمانی صاحب، دارالعلوم کورنگی کراچی

۲۱۔ علامہ سید شاہ تراب الحق قادری صاحب، دارالعلوم امجدیہ کراچی

۲۲۔ مفتی محمد ظفر علی نعمانی صاحب، دارالعلوم امجدیہ کراچی

۲۳۔ مولانا غلام محمد سیالوی صاحب، جامعہ رضویہ ناظم آباد کراچی

۲۴۔ پروفیسر مولانا منیب الرحمان صاحب، دارالعلوم نعیمیہ کراچی

۲۵۔ ابوالخیر سید حسین الدین شاہ جامعہ رضویہ سیٹلائٹ ٹاؤن راولپنڈی

۲۶۔ مولانا محمد شریف رضوی صاحب، جامعہ رضویہ جھنگ روڈ بھکر

۲۷۔ مولانا سید محمد زبیر شاہ صاحب، جامعہ اسلامیہ غوثیہ چکوال

۲۸۔ مولانا فتح محمد خان باروزئی صاحب، جامعہ فیض العلوم غریب آباد سبی بلوچستان

۲۹۔ جناب مولانا نورالحق صاحب، خیبر ایجنسی پشاور سرحد

۳۰۔ مولانا ضیاء الرحمان فاروقی صاحب، سرپرست اعلیٰ انجمن سپاہ صحابہ جھنگ

۳۱۔ مولانا عبدالمجید ہزاروی صاحب، مرکزی سیکرٹری اطلاعات انجمن سپاہ صحابہ راولپنڈی

۳۲۔ میاں فضل حق صاحب، متحدہ جمعیت اہلحدیث پاکستان لاہور

۳۳۔ پروفیسر ساجد میر صاحب، متحدہ جمعیت اہل حدیث لاہور

۳۴۔ مفتی محمد عبدالقیوم ہزاروی صاحب، جامعہ نظامیہ رضویہ اندرون لوہاری گیٹ لاہور

۳۵۔ مولانا فضل سبحان صاحب، دارالعلوم قادریہ بغدادہ مردان

۳۶۔ علامہ سید ریاض حسین نقوی صاحب، مرکزی جامع مسجد اثنا عشری اسلام آباد

۳۷۔ علامہ سید افتخار حسین نقوی صاحب، تحریک نفاذ فقہ جعفریہ سیٹلائٹ ٹاؤن راولپنڈی

۳۸۔ علامہ یعقوب علی صاحب، تحریک نفاذ فقہ جعفریہ کوئٹہ

۳۹۔ علامہ علی غضنفر کراروی صاحب لیک روڈ لاہور

۴۰۔ میجر (ریٹائرڈ) محمد امین منہاس صاحب، تحریک فہم القرآن اسلام آباد

۴۱۔ مولانا محمد وزیر القادری صاحب، جامعہ غوثیہ سلطانیہ ڈھاڈر بلوچستان

اتحاد امت کے لئے پاکستان عوامی تحریک اور تحریک نفاذ فقہ جعفریہ کا اعلامیہ وحدت

مملکت خداداد پاکستان' برصغیر کے مسلمانوں کی نبی اکرم ﷺ اور اسلام سے والہانہ محبت و عقیدت کی مظہر ہے۔ حصول پاکستان کی جدوجہد میں سب مسلمانوں کے اہداف مشترکہ تھے اور ان کی بے لوث قربانیاں بلا تفریق اور بلا امتیاز مسلک تھیں۔ تحریک پاکستان کے جہاد میں تمام مسلمانوں کا حصہ ان کا سرمایہ افتخار ہے۔ اب اس کی سلامتی تحفظ' بقا اور اس میں اسلام کی بالادستی اور قرآن و سنت کی آئینی و قانونی حکمرانی کے نفاذ کے لئے اتحاد بین المسلمین اور قومی وحدت و یگانگت کی اہمیت محتاج بیان نہیں۔

اسی طرح عالمی سطح پر امت مسلمہ کے عزت و وقار کی بحالی اور سامراجی قوتوں کے مادی فکری' سیاسی اور عسکری اثر و نفوذ اور غلبے کے خاتمے کے لئے ملت اسلامیہ کا اتحاد وقت کی اہم ترین ضرورت ہے۔ وقت کی اس اہم ضرورت کی تکمیل کے لئے پاکستان عوامی تحریک اور تحریک نفاذ فقہ جعفریہ مشترکہ دینی جدوجہد کا آغاز کر رہی ہے۔ اس مرحلہ پر واضح امکانات ہیں کہ اس مثبت انقلابی اقدام اور وسیع تر اتحاد کو نقصان پہنچانے کے لئے مفاد پرست' سامراجی اور معاند قوتیں طرح طرح کے فتنے اٹھائیں گی اور اس ابھرتی ہوئی اہم انقلابی قوت کو سبوتاژ کرنے کے لئے اپنے وسائل اور ایجنٹوں کے ذریعے عوام میں طرح طرح کے وسوسے اور شکوک و شبہات پیدا کرنے کی سرتوڑ کوششیں کریں گی۔ ایسے تمام متعصبانہ ہتھکنڈوں' مذموم سازشوں اور فتنہ پردازیوں کو ناکام بنانے' امت مسلمہ کی وسیع تر وحدت و یکجہتی اور اسلام کی عالمگیر سربلندی کے لئے پاکستان عوامی تحریک اور تحریک نفاذ فقہ جعفریہ کے باہمی اتفاق رائے سے درج ذیل دس نکاتی "اعلامیہ وحدت" جاری کرتی ہیں۔ ہم امید کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم اور حضور نبی اکرم ﷺ کی رحمت کے تصدق سے اتحاد کا یہ اعلامیہ پوری امت مسلمہ کے لئے نیک فال ثابت ہوگا۔ اس سے (انشاء اللہ) اہل سنت اور اہل تشیع کے مابین باہمی رواداری اور محبت کے جذبات کو فروغ حاصل ہوگا اور نہ صرف سرزمین پاکستان پر بلکہ عالمی سطح پر مصطفوی انقلاب کی تحریک جدوجہد کے لئے مستحکم اتحاد اور کامل یگانگت کی بنیادیں استوار ہوں گی۔ اس متحدہ جدوجہد کے نتیجے میں یزیدی سیاست کا خاتمہ اور مصطفوی و حسینی سیاست کے عظیم دور کا آغاز ہوگا اور بالآخر دنیا کی تمام

استعماری اور طاغوتی طاقتیں اسلام کی عظمت کے سامنے ہمیشہ کے لئے سرنگوں ہو جائیں گی۔

۱۔ توحید ملت اسلامیہ کے عقائد کا مرکزی نقطہ اور فکر و عمل کی اولیں اساس ہے۔ یہ نقطہ تمام اسلامی عقائد و اعمال اور جملہ اسلامی تعلیمات کے لئے اصل الاصول کا درجہ رکھتا ہے۔ یہی عقیدہ عالم کفر و طاغوت کے مقابلے میں ہماری ایمانی طاقت کا سرچشمہ ہے جبکہ اللہ تعالیٰ کی ذات و صفات میں کسی طور پر بھی شرک کا ارتکاب ظلم عظیم ہے۔

۲۔ خاتم النبیین حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی رسالت پر ایمان اور آپؐ کی ذات اقدس سے محبت و اطاعت کی نسبت ہمارے دینی تشخص، اجتماعی بقا اور ملی استحکام کی بنیاد ہے۔ آپ ﷺ کی ختم نبوت پر غیر متزلزل یقین ہمارے ایمان کا ناگزیر جز ہے۔ تحفظ ناموس رسالت ہمارا ایمانی فریضہ ہے۔ حضور ﷺ کی بالواسطہ یا بلا واسطہ ادنیٰ گستاخی کا مرتکب بھی کافر، مرتد اور واجب القتل ہے۔

۳۔ ملت اسلامیہ کا متفقہ اور اجماعی عقیدہ ہے کہ قرآن کریم قیامت تک کے تمام انسانوں کے لئے آخری اور مکمل ضابطہ حیات، سرچشمہ ہدایت اور واجب الاطاعت ہے۔ اس پر کامل یقین ایمان کا بنیادی تقاضا ہے۔ یہ رسول اکرم ﷺ کا جاودانی معجزہ ہے۔ اس کتاب الٰہی پر دین و ملت کی اساس قائم ہے۔ یہ سورہ فاتحہ سے والناس تک ہر قسم کی کمی بیشی اور تحریف سے ہمیشہ محفوظ رہا ہے اور رہے گا کیونکہ باری تعالیٰ نے انا نحن نزلنا الذکر و انا له لحفظون فرما کر خود اس کی حفاظت کا ذمہ لیا ہے۔ اس کے خلاف عقیدہ رکھنے والا شخص خارج از اسلام ہے۔

۴۔ حب اہل بیت کرام و آئمہ اطہار تسلیمات علیہم اجمعین اساس ایمان اور حضور ﷺ کی محبت کا جزو لاینفک ہے۔ ان ذوات مقدسہ کا ادب و احترام واجب ہے۔ اہل بیت نبوی ﷺ سے بغض و عناد رکھنے والا ایمان سے محروم اور خارج از اسلام ہے۔ ہر ایسا قول و فعل جس سے ان کی بالواسطہ یا بلاواسطہ تنقیص و اہانت کا پہلو نکلتا ہے صریحاً ضلالت و گمراہی ہے۔

۵۔ حضور اکرم ﷺ کے برگزیدہ صحابہ کرام اور امہات المومنین رضوان اللہ علیہم اجمعین کا ادب و احترام اور تعظیم و تکریم پوری امت مسلمہ کے لئے واجب ہے اور ہر ایسا قول و عمل جس سے ان کی بالواسطہ یا بلا واسطہ تنقیص و اہانت کا پہلو نکلتا ہے حرام ہے۔

۶۔ جملہ ائمہ و مجتہدین امت، اولیاء کرام، صلحاء عظام اور بزرگان دین جن کی مساعی جمیلہ اور توسل سے ہم تک ایمان و اسلام پہنچا ہے۔ ان کا ادب و احترام واجب ہے۔

۷۔ شعائر دین اور علماء اسلام واجب الاحترام ہیں۔ وہ ہمارے ایمان و عمل میں اخلاص اور ملی استحکام کا ذریعہ ہیں۔ ان کی عزت سے دین کی عزت ہے۔ ان کے وقار کا تحفظ اور ادب و احترام کا فروغ ہمارے بنیادی مقاصد میں شامل ہے۔

۸۔ جملہ اسلامی مکاتب فکر کی مذہبی رسوم اور خصوصی ایام و مواقع (مثلاً عید میلاد النبی ﷺ اور عشرہ محرم الحرام وغیرہ) پر باہمی احترام اور رواداری تقاضائے دین ہے۔ ایسے مواقع پر بین المسالک کشیدگی اور تفرقہ و انتشار کو ہوا دینا اور منفی طرز عمل اختیار کرنا دین، ملت اور ملک دشمنی کے مترادف ہے۔

۹۔ ملکی آئین اور تمام قوانین پر قرآن و سنت کی بالادستی مسلم ہوگی۔ کتاب و سنت کی مکمل آئینی حکمرانی، شریعت محمدی ﷺ کا عملی نفاذ اور قومی سطح پر مصطفوی انقلاب برپا کرنا ہمارا مطلوب و مقصود ہے۔ اس کے لئے مشترک اور بھرپور انقلابی جدوجہد تمام مسلمانوں کا اہم ترین دینی فریضہ ہے۔ (قرآن و سنت کی تعبیر ہر مکتب فکر کے لئے اس کے اپنے مسلک کے مطابق ہوگی)

۱۰۔ معاشرے سے لادینیت، مادیت فحاشی، عریانی اور غیر اسلامی ثقافت کو ختم کرکے اسلام کی اخلاقی، روحانی، سماجی اور ثقافتی اقدار کے احیاء و فروغ اور تنقید و ترویج کے لئے ہر ممکن جدوجہد ہمارا دینی فریضہ ہے۔ تاکہ پاکستان صحیح معنوں میں قرآنی تعلیمات کا آئینہ دار اور سنت نبوی ﷺ کا ترجمان قرار پائے اور مسلمان انفرادی اور اجتماعی طور پر اسلامی طرز زندگی کو اپنا کر سکیں۔ نتیجتاً پاکستان ایک جدید اسلامی فلاحی ریاست بن سکے۔

ہم مذکورہ بالا "اعلامیہ وحدت" کی روشنی میں اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں یہ عہد کرتے ہیں کہ امت مسلمہ کی [illegible] اور اتحاد کو فروغ دینے کے لئے ہر ممکن جدوجہد کریں گے۔ داخلی اور خارجی سطح پر لادینی، طاغوتی، استحصالی [illegible] سامراجی قوتوں کے خلاف حق کی آخری فتح تک جہاد جاری رکھیں گے تاکہ پاکستان میں مصطفوی انقلاب کی [illegible] اور مسلم کامن ویلتھ کے قیام کی شکل میں اسلام کی عالمگیر بالادستی کا خواب شرمندہ تعبیر ہو سکے۔

☼ ☼ ☼ ☼ ☼

۲۴ مارچ ۱۹۹۵ء اسلام آباد میں ہونے والی ملی و قومی یکجہتی کانفرس کا مشترکہ اعلامیہ

وطن عزیز پاکستان اس وقت اندرونی اور بیرونی خطرات میں گھرا ہوا ہے۔ امریکی نیو ورلڈ آرڈر کے تحت اسلام دشمن قوتیں ملت اسلامیہ کے اتحاد کو پارہ پارہ کر رہی ہیں اور فرقہ واریت کو ہوا دے رہی ہیں۔ حکمرانوں کی نااہلیت غلطیوں کی وجہ سے پورے ملک میں عموماً اور کراچی میں بالخصوص دہشت گردی اور قتل و غارت گری کا بازار گرم ہے یہاں تک کہ عبادت گاہیں قتل گاہیں بن گئی ہیں۔ ان حالات میں ملک بھر کی دینی جماعتوں کا یہ نمائندہ سربراہی اجلاس ان خطرات کا متحد ہو کر مقابلہ کرنے کے لئے درج ذیل متفقہ فیصلوں کا اعلان کرتا ہے۔

- ہم پاکستان کے آئین اور تمام ملکی قوانین پر قرآن وسنت کی بالادستی سے کتاب و سنت کی مکمل آئینی تعمیل اور شریعت محمدی کے عملی نفاذ اور ایک مکمل اسلامی انقلاب برپا کرنے کو اپنا دینی اور ملی فریضہ سمجھتے ہیں اور اس کے حصول کے لئے مشترکہ جدوجہد کریں گے۔
- غیر ملکی اور ملکی سطح پر اسلام اور دینی قوتوں کے خلاف بین الاقوامی سازشوں کے تحت جو مہم جاری ہے اس کا سب مل کر مقابلہ کرنے کا عہد کرتے ہیں۔
- یہ اجلاس اسلام کے بنیادی عقائد اور اقدار پر قائم رہنے کو باعث فخر سمجھتا ہے اور وزیراعظم پاکستان کی طرف سے اسلامی بنیاد پرستی کے خلاف امریکی امداد طلب کرنے کو اسلام اور پاکستان کی حاکمیت کے خلاف سمجھتا ہے اور غیرت اسلامی کے منافی اقدام کی بھرپور مذمت کرتا ہے۔
- ہم ملک کے اندر مذہب کے نام پر دہشت گردی اور قتل و غارت گری کو اسلام کے خلاف گردانتے ہوئے اس کی پرزور مذمت کرتے ہیں۔
- یہ اجلاس عظمت رسول اکرم ﷺ، عظمت اہل بیت اطہارؓ، عظمت ازواج مطہرات اور عظمت صحابہ کرامؓ کو ایمان کا جزو سمجھتا ہے اور ان کی تکفیر کرنے والے کو اسلام سے خارج سمجھتا ہے اور ان کی توہین اور تنقیص کرنے کو حرام سمجھتے ہوئے قابل تعزیر جرم سمجھتا ہے۔
- یہ اجلاس کسی بھی اسلامی فرقہ کو کافر قرار دینے کو غیر اسلامی اور قابل نفرت فعل سمجھتا ہے۔

○ یہ اجلاس جمعیت علماء اسلام پاکستان کی طرف سے تحفظ ناموس رسالت کے سلسلہ میں منعقدہ اجلاسوں میں ہونے والے فیصلوں کی توثیق کرتے ہوئے حکومت پاکستان سے مطالبہ کرتا ہے کہ توہین رسالت کی ہمت افزائی کی پالیسی ترک کرکے تحفظ ناموس رسالت کی پالیسی کا واضح اعلان کرے اور یہ اجلاس واضح کرتا ہے کہ اگر توہین رسالت کے قانون میں ترمیم کرنے کی ناپاک جسارت کی گئی تو دینی جماعتیں ایسے مذموم اقدام کے خلاف بھرپور اقدام کریں گی۔

○ ملک کے اندر امت مسلمہ کے درمیان اتحاد کی فضاء قائم کرنے کی کشیدگی کو دور کرنے اور یکجہتی پیدا کرنے کے لئے دینی سربراہوں پر مشتمل ایک "اسلامی یکجہتی کونسل" کے قیام کا اعلان کرتا ہے اور یہی کونسل دل آزار اور توہین آمیز مواد پر مشتمل لٹریچر کا جائزہ لے کر ضروری اقدام کرے گی اور کونسل اپنے کئے گئے فیصلوں کے عملی نفاذ کی بھی ذمہ دار ہوگی۔ واضح رہے کہ فی الحال یہ کونسل گیارہ دینی جماعتوں کے سربراہوں پر مشتمل ہے جن کے نام درج ذیل ہیں۔

اس کونسل کے صدر شاہ احمد نورانی اور سیکرٹری جنرل سینیٹر مولانا سمیع الحق ہوں گے۔

○ مولانا شاہ احمد نورانی صاحب	جمعیت علماء پاکستان "نورانی گروپ"
○ مولانا سمیع الحق صاحب	جمعیت علمائے اسلام "س"
○ قاضی حسین احمد صاحب	امیر جماعت اسلامی
○ علامہ سید ساجد علی نقوی صاحب	قائد تحریک جعفریہ پاکستان
○ مولانا عبدالستار خان نیازی صاحب	جمعیت علمائے پاکستان "نیازی گروپ"
○ پروفیسر ساجد میر صاحب	جمعیت اہلحدیث پاکستان
○ مولانا اسفند یار صاحب	سربراہ سواد اعظم
○ مولانا ضیاء القاسمی صاحب	سپاہ صحابہ پاکستان
○ آغا مرتضیٰ پویا صاحب	سربراہ حزب جہاد پاکستان
○ پروفیسر محمد طاہر القادری صاحب	تحریک منہاج القرآن
○ مولانا محمد اجمل خان صاحب	جمعیت علمائے اسلام (ف)

☼ ☼ ☼ ☼ ☼

اہل تشیع پر اعتراضات اور ان کا علمی جائزہ

پہلا اعتراض :-

شیعہ کے نزدیک یہ قرآن کریم مکمل نہیں بلکہ ان کے بقول اس میں ردوبدل ہوا ہے اور اصل قرآن کریم امام غائب کے پاس ہے۔

"یہ شیعان حیدر کرار پر سراسر بہتان ہے اور اصل حقائق سے چشم پوشی ہے شیعہ کے گھروں میں اسی قرآن کی تلاوت کی جاتی ہے اور ان کے مدارس میں بھی یہی قرآن پڑھایا جاتا ہے اور شیعہ علماء و فضلاء نے اسی قرآن کی بیسیوں عربی' فارسی' اردو اور دیگر مختلف زبانوں میں تفسیریں لکھی ہیں اور پوری دنیا میں کوئی ایک بھی ایسا شخص نظر نہیں آتا جس نے شیعہ کے کسی گھر یا مدرسہ سے اس قرآن کے علاوہ کوئی دوسرا قرآن دیکھا ہو۔ شیعہ قرآن مجید کی ہر سورۃ کو قطعی اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا جاودانی معجزہ سمجھتے ہیں جس میں کسی قسم کا شک و شبہ نہیں کیا جاسکتا۔ مگر فتویٰ فروش ملاؤں نے خواہ مخواہ شیعوں پر تحریف قرآن کا الزام تھوپ دیا ہے جس کی کوئی حیثیت نہیں ہے۔ہم عدم تحریف قرآن کے اثبات میں فرامین ائمہ اہل بیت' علماء شیعہ کی تصریحات آخر میں علماء اہل سنت کے فیصلہ کن اقوال ذکر کریں گے۔"

قرآن کریم کے بارے میں ائمہ اہل بیت کے فرامین

بہت سی روایات ائمہ اہل بیت سے وارد ہوئی ہیں جو واضح طور پر دلالت کرتی ہیں کہ موجودہ قرآن وہی ہے جو اللہ تعالیٰ نے پیغمبر اسلام پر نازل فرمایا تھا احادیث بہت زیادہ ہیں ہم یہاں صرف دو تین کا تذکرہ کرتے ہیں۔

(۱) حضرت امیرالمومنین علیؑ فرماتے ہیں۔

انا لم نحکم الرجال و انما حکمنا القرآن و ھذا القرآن انما ھو خط مسطور بین الدفتین لا ینطق بلسان ولا بدلہ من ترجمان

ہم نے لوگوں کو حاکم نہیں بنایا بلکہ قرآن کو حاکم بنایا ہے اور یہ قرآن وہی ہے جو بین الدفتین مسطور ہے۔ وہ زبان سے نہیں بولتا بلکہ اس کے لئے ترجمان کی ضرورت ہے۔

(نہج البلاغہ جلد ۲ صفحہ ۷ طبع مطبعہ رحمانیہ مصر)

(۲) فضیل بن یسار اپنے باپ سے نقل کرتے ہیں کہ انہوں نے امام جعفر الصادق سے عرض کیا یابن رسول اللہ

قرآن کے بارے میں آپ کیا کہتے ہیں؟
تو امام نے فرمایا
قرآن کلام خدا، قول خدا، کتاب خدا اور وحی و تنزیل خدا ہے یہ وہ کتاب ہے کہ جس کے قریب سے بھی باطل کا گذر نہیں ہے نہ اب، کوئی اس کو باطل قرار دینے والا ہے اور نہ ہی پہلے تھا یہ حکیم و حمید خدا کا نازل شدہ ہے۔

(امالی للشیخ الصدوق صفحہ ۵۴۵ طبع ایران)

(۳) حضرت امام علی نقیؑ ارشاد فرماتے ہیں۔
اجتمعت الامه قاطبه لا اختلاف بينهم فی ذالک ان القران حق لا ريب فيه عند جميع فرقها فهم فی حالة الاجماع عليه مصيبون و علی تصديق ما انزل اللّٰه مهتدون
تمام امت اس بات پر مجتمع ہو گئی ہے اور ان میں کوئی اختلاف نہیں کہ تحقیق یہ قرآن مجید حق ہے اور امت کے تمام فرقوں کے نزدیک اس میں کوئی شک نہیں اور اس بات پر اجماع کرنے میں بے شک مصیب اور درست ہیں اور ما انزل اللہ کی تصدیق کرنے میں ہدایت یافتہ ہیں۔

(احتجاج طبرسی صفحہ ۲۳۴ طبع نجف)

آج قرآن مجید کے متعدد قلمی نسخے حضرت امیرالمومنین علی مرتضیٰ، حضرت امام حسنؑ، حضرت امام حسینؑ اور حضرت امام زین العابدینؑ کے قلم مبارک سے لکھے ہوئے ابھی تک کتابخانہ امام رضا مشہد مقدس ایران میں محفوظ ہیں جن کی ترتیب بعینہ موجودہ متداول قرآن کے عین مطابق ہے اس کے باوجود شیعہ پر تحریف قرآن کا الزام لگانا پرلے درجے کی حماقت ہے۔

تحریف قرآن کی نفی میں علماء شیعہ کی تصریحات

علماء شیعہ نے واضح تصریح فرمائی ہے کہ قرآن حکیم میں کسی قسم کی کمی و بیشی واقع نہیں ہوئی اور انہوں نے عدم تحریف کے اثبات کے لئے مستقل کتابیں لکھیں ہم بطور نمونہ چند اقوال نقل کرتے ہیں۔

(۱) جلیل القدر شیعہ عالم دین شیخ صدوقؒ فرماتے ہیں۔
اعتقاد نافی القرآن الذی انزله اللّٰه تعالٰی علی نبيه محمد صلی اللّٰه عليه و آله وسلم هو ما بين الدفتين و هو ما فی ايدی الناس ليس باكثر من ذالك (الی ان قال) و من نسب الينا انا نقول انه اكثر من ذلك فهو كاذب
ہمارا عقیدہ یہ ہے کہ جتنا قرآن خدا نے اپنے رسول حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر نازل کیا

[illegible] دفتیوں کے درمیان ہے اور وہ امت کے پاس موجود ہے اس سے زیادہ نازل نہیں ہوا اور جو شخص [illegible] ہماری طرف اس بات کی کہ ہم کہتے ہیں کہ قرآن اس سے زائد تھا وہ جھوٹا ہے۔

(۱) اعتقادات شیخ صدوق ۹۳ طبع ایران

(۲) اوائل المقالات صفحہ ۵۵ - ۵۶ طبع نجف

(۳) عقائد الامامیہ صفحہ ۵۴ مطبوعہ ایران

[illegible] سید مرتضیٰ علم الھدیٰ فرماتے ہیں

[illegible] قرآن کے صحیح المتن ہونے میں ہمارا یقین ایسے ہی ہے جیسے کوفہ و بصرہ یا دیگر شہروں کی موجودگی کا یقین' یا [illegible] تاریخی واقعات' مشہور و معروف کتابوں اور عرب شعراء کے کلام کا یقین اور ہمارے اس یقین کا سبب [illegible] سے مسلمانوں کا گہرا لگاؤ اور دوسرے وہ بہت سے محرکات ہیں جو خدا کی اس مقدس کتاب کو ہر قسم کی [illegible] سے محفوظ رکھ کر صحیح طور پر ہماری طرف منتقل کرنے کے متقاضی تھے بلکہ مذکورہ بالا چیزوں کی نسبت [illegible] کو محفوظ رکھنے کے عوامل کہیں زیادہ تھے۔ کیونکہ قرآن حکیم نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی [illegible] ہونے کے ساتھ ساتھ دینی احکام اور شرعی علوم کا ماخذ بھی تھا یہی وجہ ہے کہ علماء اسلام نے اس کی [illegible] حفاظت فرمائی یہاں تک کہ قرآن حکیم کے اعراب' قرائت' حروف اور آیات جن میں قدرے اختلاف پایا [illegible] ان کی مکمل جان پہچان کی۔ صحت نقل کے بارے میں ہمارا یقین ایسے ہی ہے جیسے اس کے کلام خدا [illegible] کا یقین قرآن جس صورت میں اب ہے اسی صورت میں رسول خداؐ کے زمانہ ہی میں جمع اور تالیف ہو چکا [illegible]

(تفسیر مجمع البیان جلد ۱ صفحہ ۱۵ طبع ایران)

[illegible] شیخ الطائفہ ابو جعفر طوسیؒ اپنی تفسیر کے مقدمہ میں فرماتے ہیں۔

[illegible] کتاب کا مقصد قرآن کے معانی اور اس کے اغراض و مقاصد سے آگاہی حاصل کرنا ہے اور جہاں تک قرآن [illegible] کمی و زیادتی کے واقع ہونے کا تعلق ہے تو یہ بحث نہ ہوگی کیونکہ قرآن حکیم میں زیادتی کے عدم وقوع پر [illegible] قائم ہے اور قرآن میں کمی و زیادتی واقع نہیں ہوئی نیز جو کچھ سید مرتضیٰ علم الھدیٰ نے فرمایا ہے۔ روایات [illegible] اسی بات پر دلالت کرتی ہیں۔

[illegible] نے شیعہ اور اہل سنت کی کتب میں ایسی روایات دیکھی ہیں جو قرآن میں کمی کے واقع ہونے یا آیات کی [illegible] جگہ سے دوسری جگہ منتقلی پر دلالت کرتی ہیں مگر یہ تمام روایات خبر واحد ہیں جو نہ ہی موجب علم ہیں اور نہ [illegible] عمل۔ لہٰذا بہتر یہ ہے کہ ان میں وقت ضائع کیئے بغیر ان سے روگردانی کر لی جائے اور پھر ان روایات [illegible] بھی ہو سکتی ہے اگر فرض کر بھی لیں کہ یہ اخبار صحیح ہیں تو بھی یہ موجودہ قرآن پر کسی طعن کا موجب

نہیں بنتیں کیونکہ قرآن کے صحیح ہونے کا علم اور یقین ہے نیز امت نے نہ ہی قرآن پر کوئی اعتراض کیا ہے اور نہ ہی اسکا انکار کیا ہے۔

(البتیان فی تفسیر القرآن جلد ۱ صفحہ ۳ طبع نجف)

(۴) علامہ شیخ محمد حسین کاشف الغطاء فرماتے ہیں۔

لوگوں کے ہاں اس وقت موجود قرآن بعینہ وہی قرآن ہے جس کو اللہ تعالیٰ نے بطور معجزہ لوگوں کو ڈرانے' احکام کی تعلیم دینے اور حلال و حرام میں تمیز پیدا کرنے کے لئے نازل کیا تھا اس میں نہ تحریف واقع ہوئی اور نہ ہی کمی و زیادتی۔ اس نظریے اور رائے پر عام علماء کا اجماع ہے نیز وہ علماء یا فرقے جو تحریف یا قرآن میں کمی و زیادتی کے قائل ہیں وہ غلطی پر ہیں اور ان کے اس نظریے کو یہ نص قرآنی مسترد کرتی ہے انا نحن نزلنا الذکر و انا له لحفظون نیز وہ روایات جو تحریف پر دلالت کرتی ہیں چاہے اہل تشیع نے نقل کی ہوں یا اہل سنت نے وہ تمام ضعیف اور شاذ ہیں اور خبر واحد ہیں جو نہ ہی علم کا فائدہ دیتی ہیں اور نہ ہی عمل کا اور یا ان روایات کی معتبر طریقوں پر تاویل کی جائے وگرنہ انہیں دیوار پر مار دیا جائے۔

(اصل الشیعہ و اصولها صفحہ ۱۰۱ - ۱۰۲ طبع نجف)

(۵) علامہ شیخ جعفر کاشف الغطاء فرماتے ہیں

اس میں کوئی شک نہیں کہ دین کے مالک خدا کی حفاظت کے سبب قرآن ہر قسم کے نقصان اور کمی سے محفوظ ہے اور اس مطلب پر آیات قرآنیہ واضح طور پر دلالت کرتی ہیں اور تمام زبانوں میں اس مطلب پر علماء کرام کا اجماع رہا ہے اور اگر کوئی نادر نظریہ قرآن کی کمی کے بارے میں ہے تو وہ معتبر نہیں ہے نیز بدایتہ معلوم ہے کہ وہ روایات جو تحریف قرآن کے بارے میں ہیں ان کے ظواہر اور ظاری معانی پر عمل نہیں کیا جائے گا۔

(کشف الغطا فی الفقہ صفحہ ۳۱۵ طبع ایران)

(۶) مفسر قرآن سرکار علامہ محمد حسین طباطبائیؒ اپنی شہرہ آفاق تفسیر المیزان جلد ۱۲ صفحہ ۱۰۹ مطبوعہ ایران میں رقمطراز ہیں۔

ان القرآن الذی انزله الله علی نبیه صلی الله علیه واله وسلم و صفه بانه ذکر محفوظ علی ما انزل مصون بصیانة الٰهیة عن الزیادة و النقصیة والتغیر

وہ قرآن جو اللہ تعالیٰ نے اپنے نبیؐ پر نازل فرمایا اور جسے ذکر سے موصوف فرمایا وہ اللہ تعالیٰ کی حفاظت کی وجہ سے زیادتی و کمی سے محفوظ ہے۔

سرکار علامہ موصوف ایک اور جگہ یوں رقمطراز ہیں۔

فالحق ان روایات التحریف المروية من طرق الفریقین و کذا الرویات المروية نسخ تلاوته

بعض الآيات القرانية مخالفة للكتاب مخالفة قطعية

یعنی یہ ہے کہ روایات تحریف جو سنی و شیعہ علماء نے وارد کی ہیں اور اسی طرح وہ روایات جو بعض آیات قرآنی کے منسوخ ہونے کے بارے میں مروی ہیں قرآن حکیم کے قطعی خلاف ہیں۔

(تفسیر المیزان جلد ۱۲ صفحہ ۱۱۵ مطبوعہ ایران)

ان کے علاوہ بہت سے علماء شیعہ نے اپنی اپنی تفاسیر میں بڑے شدومد سے آیات قرآن کریم ' احادیث رسولؐ اور روایات ائمہ علیہم السلام کی روشنی میں اس حقیقت کا اظہار کیا ہے کہ موجودہ قرآن مکمل ہے اس میں کسی قسم کی کوئی تحریف اور تغیر واقع نہیں ہوا۔ سے تحریف قرآن کی نفی فرمائی ہے۔

علماء اہل سنت کا اعتراف حقیقت

شیعیان علی کا ایمان بالقرآن ایک ایسی ناقابل انکار حقیقت ہے جس کا اہل سنت کے منصف مزاج علماء نے بھی اقرار کیا ہے چنانچہ مصر کے جلیل القدر اہل سنت کے محقق علامہ شیخ محمد غزالی شافعی مصری اپنی کتاب میں شیعوں پر تحریف قرآن کی جھوٹی تہمت لگانے والوں کے متعلق فرماتے ہیں۔

انی آسف لان بعض من یرسلون الکلام علی عواهنه لا بل بعض من یسوقون التهم جزافا غیر مبالین بعواقبها دخلوا فی میدان الفکر الاسلامی بهذه الاخلاق المعلولة فاساء والی الاسلام ولمته شراساة سمعت واحدا من هو لاء من یقول فی مجلس علم ان للشیعة قرانا آخر یزید و ینقص عن قراننا المعروف فقلت له این هذا القران؟ ان العالم السلامی الذی استقبل رقعته فی ثلاث قارات ظل من بعثة محمد صلی اللّٰه علیه وسلم الی یومنا هذا بعد ان سبع من عمر الزمن اربعة عشر قرنا لایعرف الا مصحفا واحدا" مضبوط البدایة والنهایة بعدد السور والایات والالفاظ فاین هذا القرآن الاخر؟ ولما ذالم یطلع الانس والجن علی نسخة منه خلال هذا الدهر الطویل؟ لماذ ایساق هذا الافتراء؟ ولحساب من تفتعل هذه الاشاعات و تلقی بین الاغرار لیسوء ظنهم باخوانهم و قد یسوء ظنهم بکتابهم؟ ان المصحف واحد یطبع فی القاهرة فیقدسه الشیعة فی النجف او فی طهران ویتداولون نسخه بین ایدیهم و فی بیوتهم دون ان یخطر ببالهم شی ء بتة الا توقیر الکتاب و منزله جل شانه و مبلغه صلی اللّٰه علیه وسلم فلم الکذب علی الناس و علی الوحی؟

میں نے ایک محفل میں ایک شخص کو یہ کہتے ہوئے سنا کہ شیعوں کا ایک اور قرآن ہے' جو ہمارے موجودہ قرآن سے کم و بیش ہے میں نے اس سے کہا' وہ قرآن کہاں ہے؟ عالم اسلام تین براعظموں پر پھیلا ہوا

ہے اور رسول اللہ ﷺ کی بعثت سے لے کر آج تک چودہ صدیاں گذر چکی ہیں اور لوگوں کو صرف ایک ہی قرآن کا علم ہے جس کا آغاز و اختتام اور سور و آیات کی تعداد معلوم ہے۔ یہ دوسرا قرآن کہاں ہے؟ اس طویل عرصے میں کسی انسان اور جن کو اس کے کسی ایک نسخے پر بھی اطلاع یا آگاہی کیوں نہیں ہوئی؟ اس سے اپنے بھائیوں اور اپنی کتاب کے بارے میں بدگمانیاں پھیلتی ہیں۔ قرآن ایک ہی ہے جو اگر قاہرہ میں چھپتا ہے تو اسے نجف اشرف اور تہران میں بھی مقدس سمجھا جاتا ہے اور اس کے نسخے ان کے ہاتھوں اور گھروں میں ہوتے ہیں۔ اس کتاب کو نازل کرنے والے اور اس کے مبلغ کے بارے میں سوائے عزت و توقیر کے کوئی اور بات ان کے ذہن میں نہیں آتی پھر ایسے بہتان کیوں لوگوں اور وحی پر باندھے جاتے ہیں۔

(دفاع عن العقیدۃ والشریعہ صفحہ ۲۶۶ تا صفحہ ۲۶۵ طبع دارالکتب الحدیثہ مصر ۱۹۷۵ء)

علامہ رحمت اللہ ہندی دہلوی عثمانی کا فیصلہ

(۲) اہل سنت کے عالم محقق علامہ رحمت اللہ ہندی دہلوی عثمانی شیعہ کے بارے میں رقمطراز ہیں۔

ان القرآن المجید عند جمهور علماء الشیعة الامامیة الاثنی عشریة محفوظ عن التغیر والتبدیل و من قال منهم بوقوع النقصان فیه فقوله مردود غیر مقبول عندهم

قرآن مجید جمہور علماء شیعہ امامیہ اثنا عشریہ کے نزدیک تغیر اور تبدیلی سے محفوظ ہے۔ جو شخص شیعوں کی طرف تحریف قرآن کی نسبت دیتا ہے اس کی بات علماء امامیہ کے نزدیک مردود اور ناقابل قبول ہے۔

اس کے بعد عدم تحریف کے سلسلہ میں شیعہ کے جلیل القدر اور نامور علماء کے اقوال نقل کرنے کے بعد بطور نتیجہ کلام لکھتے ہیں۔

فظهر ان المذهب المحقق عندعلماء الفرقة الامامیة الاثنا عشریة ان القرآن الذی انزله اللّٰه علی نبیه هو ما بین الدفتین و هو ما فی ایدی الناس لیس باکثر من ذلك وانه کان مجموعا مولفا فی عهد رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلم و حفظه و نقله الوف من الصحابة و جماعة من الصحابة کعبد اللّٰه بن مسعود و ابی بن کعب و غیرهما ختموا القرآن علی النبی عده ختمات و یظهر القرآن و یشهر بهذا الترتیب عند ظهور الامام الثانی عشر رضی اللّٰه عنه والشرذمة القلیلة التی قالت بوقوع التغیر فقولهم مردود الی ان قال و قد قال اللّٰه تعالٰی انا نحن نزلنا الذکر و انا له لحافظون فی تفسیر الصراط المستقیم الذین هو تفسیر معتبر عند علماء الشیعة ای و انا لحافظون له من التحریف والتبدیل والزیادة والنقصان

"اس سے معلوم ہوا کہ وہ مسلک جو علماء شیعہ امامیہ اثنا عشری کے نزدیک ثابت ہے وہ یہی ہے کہ قرآن

اللہ تعالیٰ نے اپنے رسولؐ پر نازل کیا تھا وہ یہی ہے جو لوگوں کے ہاتھ میں ہے اور وہ اس سے زیادہ نہیں ہے اور یہ رسول خداؐ کے زمانے میں خود ان اہتمام سے جمع کیا جاچکا تھا اور مرتب ہو گیا تھا اسے عبداللہ بن مسعود اور [illegible] کے علاوہ لا تعداد صحابہ جنہوں نے رسول اللہؐ کے سامنے کئی مرتبہ ختم قرآن کیا' حفظ اور نقل کیا۔ [illegible] ترتیب کے ساتھ بارہویں امام کے ظہور کے وقت نمایاں اور مشہور ہو گا وہ (شیعہ) اس پر زور دیتے ہیں کہ اللہ نے فرمایا ہم نے قرآن اتارا ہے اور ہم اس کی حفاظت کرنے والے ہیں تفسیر صراط المستقیم میں جو [illegible] کے ہاں معتبر تفسیر ہے لکھا ہے کہ اس کے معنی یہ ہیں کہ ہم قرآن کو تحریف و تغیر اور کمی و بیشی سے محفوظ رکھنے والے ہیں"۔

(اظہار الحق جلد ۲ صفحہ ۸۹ تا صفحہ ۹۰ طبع مطبعہ عامرہ استنبول)

علامہ شیخ محمد المدنی کا موقف

[illegible] یونیورسٹی کے شعبہ کلیتہ شریعۃ کے پرنسپل علامہ شیخ محمد المدنی لکھتے ہیں

[illegible] الامامیۃ یعتقدون نقص القرآن فمعاذ اللّٰہ وانما ھی روایات رویت فی کتبھم کماروی [illegible] فی کتبنا و اھل التحقیق من الفریقین قد زیفوھا و بینوا بطلانھا و لیس فی الشیعۃ الامامیۃ والزیدیۃ من یعتقد ذلکٔ کما انہ لیس فی السنۃ من یعتقدہ و یستطیع من شاء ان یرجع الی مثل کتاب "الاتقان" للسیوطی السنی لیری فیہ امثال ھذہ الروایات التی ضرب عنھا صفحا و قد الف احد المصریین فی سنۃ ۱۹۴۸ء کتابا اسمہ "الفرقان" حشاہ بکثیر من امثال ھذہ الرویات السقیمۃ المدخولۃ المرفوضۃ ناقلا لھا عن الکتب المصادر عند اھل السنۃ الی ان قال افیقال ان اھل السنۃ ینکرون قداسۃ القرآن او یعتقدون نقص [illegible] القرآن لروایۃ رواھا فلان او لکتاب الفہ فلان ؟ فکذلکٔ الشیعۃ الامامیۃ انما ھی روایات فی بعض کتبھم کالروایات التی فی بعض کتبنا

شیعہ امامیہ کے بارے میں یہ کہنا کہ معاذ اللہ شیعہ قرآن میں کمی کے قائل ہیں تو ان روایتوں کی بناء پر ہے جو [illegible] کی کتابوں میں موجود ہیں جیسا کہ ہماری کتابوں میں بھی موجود ہیں لیکن شیعہ سنی دونوں محققین نے ان [illegible] کو رد اور ان کے بطلان کو واضح کیا ہے شیعہ امامیہ اور زیدیہ میں سے کوئی ایسا نہیں ہے جو یہ عقیدہ [illegible] جیسا کہ اہل سنت میں بھی کوئی ایسا نہیں جس کا عقیدہ قرآن میں تحریف کا ہو۔ شیعہ پر تحریف کی [illegible] لگانے والوں کو علامہ سیوطی کی تفسیر اتقان جیسی کتاب کو پڑھنا چاہئے کہ اس میں تحریف پر دلالت کرنے [illegible] روایت کو دیکھیں اگرچہ ہم اس قسم کی روایات کو تسلیم نہیں کرتے۔ ایک مصری عالم نے ۱۹۴۸ء میں

"الفرقان" نام کی کتاب لکھی ہے جس میں اس قسم کی بہت سی روایات کو اہل سنت کی کتابوں سے نقل کیا ہے.... تو کیا اس بنا پر یہ بات کہی جاسکتی ہے کہ اہل سنت قرآن کے تقدس کے منکر ہیں؟ یا ان روایات کی بنا پر جسے فلاں نے نقل کیا ہے یا فلاں کتاب جسے فلاں نے لکھا ہے۔ اہل سنت نقص قرآن کے قائل ہو گئے؟ یہی بات شیعوں کے بارے میں بھی کہی جاسکتی ہے اس لئے جیسے ہماری بعض کتابوں میں ایسی روایتیں موجود ہیں اسی طرح شیعوں کی بھی بعض کتابوں میں ایسی روایتیں موجود ہیں"۔

(رسالتہ الاسلام جلد ۱۱ صفحہ ۳۸۲ و صفحہ ۳۸۳ شمارہ نمبر۴)

علامہ نجم الغنی کی رائے

(۴) علامہ نجم الغنی خان رامپوری لکھتے ہیں

"اثنا عشریہ کمی و بیشی کے قائل نہیں اور یہ جو مشہور ہے کہ شیعہ اثنا عشریہ کہتے ہیں کہ صحابہ نے دس پارے قرآن مجید کے گم کر دیئے اور بعض شیعہ سورہ حسنین اور سورہ فاطمہ' سورہ علی پڑھا کرتے ہیں یہ جھلاکی گپ ہے آج تک سلف خلف تک کوئی محقق اثنا عشری یہ عقیدہ نہیں رکھتا"۔

چنانچہ علمائے اثنا عشری اس خیال کی برات اپنی کتابوں میں بڑے شد و مد سے کرتے ہیں شیخ صدوق ابو جعفر محمد بن علی بابویہ اپنے رسالہ عقائد میں کہتے ہیں کہ جو قرآن اللہ نے حضرت کو دیا تھا وہی ہے کہ اب لوگوں کے پاس موجود ہے نہ اس میں کچھ کم ہوا ہے نہ زیادہ تفسیر مجمع البیان میں کہ جو اثنا عشریوں کے نزدیک معتبر تفسیر ہے سید مرتضیٰ کہتے ہیں کہ جو قرآن عہد پیغمبر علیہ اسلام میں تھا وہی اب بھی ہے بلا تفاوت قاضی نور اللہ شوستری اپنی کتاب مصائب النواصب میں کہتے ہیں کہ یہ بات جو شیعہ کی طرف منسوب کی جاتی ہے کہ وہ قرآن میں تغیر و تبدل کے قائل ہیں سو یہ غلطی ہے محققین شیعہ میں سے کوئی بھی اس کا قائل نہیں اور جو کوئی کہے تو اس کا کیا اعتبار ہے علامہ صادق شرح کافی کلینی میں لکھتے ہیں کہ یہ قرآن اسی طرح امام مہدی تک سالم رہے گا محمد بن الحسن آملی کہتے ہیں کہ جو روایات پر ذرا بھی نظر کرے گا یقینی طور پر جان جائے گا کہ قرآن میں پچند وجوہات کمی' زیادتی ناممکن ہے"۔

(۱) (مذاہب الاسلام صفحہ ۴۴۸ مطبع نو لکشور لکھنؤ)

(۲) (منزل الغواشی شرح اصول الشاشی صفحہ ۹ طبع کراچی)

علامہ حافظ محمد اسلم جیراجپوری کا فیصلہ

(۵) جامعہ ملیہ اسلامیہ علی گڑھ کے تاریخ اور دیگر علوم اسلامیہ کے استاد علامہ محمد اسلم جیراجپوری عدم تحریف قرآن کے سلسلہ میں علماء شیعہ کے اقوال نقل کرنے کے بعد لکھتے ہیں۔

یہ ان علماء امامیہ کے اقوال ہیں جو اہل تشیع میں مقبول اور مستند ہیں اور ان اقوال میں نہ کسی تاویل کی گنجائش ہے نہ یہ کہا جاسکتا ہے کہ ان لوگوں نے تقیہ سے کہا ہے کیونکہ ان میں سے بعض ایسے ہیں جنہوں نے علماء اہل سنت کی تردید میں رسائل لکھے ہیں ان کی نسبت تقیہ کا گمان نہیں۔ کیا جاسکتا اور ابو جعفر قمی کی کتاب "الاعتقاد" اور ملا محسن کی "تفسیر صافی" یہ دونوں کتابیں شیعہ کے نصاب درس میں داخل ہیں اس لئے یہ خیال نہیں ہو سکتا کہ وہ اپنے عقیدہ کے خلاف اپنے فرقہ کو تعلیم دیں گے"۔

(تاریخ القرآن صفحہ ۶۲ تا صفحہ ۶۷ طبع کراچی)

علامہ شمس الحق افغانی کا موقف

شیخ التفسیر دارالعلوم دیوبند و شیخ الحدیث جامعہ اسلامیہ ڈابھیل حضرت علامہ شمس الحق افغانی اپنی کتاب میں "شیعہ اور تحریف قرآن" کے تحت رقمطراز ہیں۔

"محققین جب ہر طرح قرآن کی تحریف ثابت کرنے سے عاجز آ گئے تو برے زور شور سے یہ لکھ دیا کہ اسلاف کا یہ فرقہ تحریف قرآن کا قائل ہے اور وہ شیعہ ہے اور اس انداز سے لکھا کہ گویا تحریف قرآن شیعوں کا مسلم عقیدہ ہے حالانکہ یہ بالکل غلط ہے شیعوں کا مذہب وہی ہے جو سنیوں کا ہے کہ قرآن مکمل طور پر محفوظ ہے اس میں ایک کی کمی بیشی نہیں ہوئی جس کے لئے شیعوں کی متعدد کتابوں کے حوالہ جات پیش کرتا ہوں۔

اس کے بعد علماء شیعہ کے اقوال نقل کئے اور پھر تحریر کیا کہ

"ان مستند حوالہ جات شیعہ کے بعد یہ حقیقت واضح ہو جاتی ہے کہ شیعہ میں چند ناقابل اعتبار افراد کے سوا کوئی بھی تحریف یا قرآن میں کمی و بیشی ہونے کا قائل نہیں مزید تفصیل نعمان آلوسی کی کتاب "الجواب النسیح لما نفقہ الشیعہ" میں ملاحظہ کی جائے۔ قرآن حکیم تحریری اور دماغی دونوں طرح محفوظ ہے اور الفاظ قرآن اور مطالب قرآنی دونوں محفوظ ہیں"۔

(علوم القرآن صفحہ ۱۳۴ تا صفحہ ۱۳۶ طبع لاہور)

علامہ عبدالحق حقانی دہلوی کی رائے

علامہ عبدالحق حقانی دہلوی لکھتے ہیں

"آج تک سے لے کر خلف تک کوئی محقق شیعہ بلکہ کوئی اہل اسلام بھی یہ عقیدہ (کہ قرآن میں کمی و زیادتی و تحریف ہوئی) نہیں رکھتا چنانچہ علماء شیعہ اس خیال کی برات اپنی کتابوں میں بڑی شدومد سے کرتے ہیں۔

(تفسیر حقانی جلد ۱ صفحہ ۶۳ طبع لاہور)

علامہ سالم البہانی مصری کا بیان

(۸) عالم اہل سنت اخوان المسلمین کے عظیم مفکر علامہ استاد سالم البہانی مصری تحریر کرتے ہیں۔

ان المصحف الموجود بین اهل السنة هو نفسه الموجود فی مساجد و بیوت الشیعة

جو قرآن ہم اہل سنت کے پاس موجود ہے بالکل وہی شیعہ مساجد اور گھروں میں موجود ہے۔

(الستہ المفتری علیھا صفحہ ۶۰ طبع مصر)

پھر صفحہ ۲۶۳ پر لکھتے ہیں۔

ان الشیعة الجعفریة (الاثنی عشریة) یرون کفر من حرف القرآن الذی اجمعت علیه الامة منذ صدر الاسلام

"فقہ جعفریہ اثنا عشریہ اس قرآن مجید میں تحریف کے قائل کو کافر سمجھتے ہیں جن کے بارے میں صدر اسلام سے لے کر آج تک امت کا اجماع ہے"۔

شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی کا فیصلہ

(۹) شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی شیعہ کی عدم تحریف کو ثابت کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

پس در جمیع روایات امامیه موجود است که همه اہل بیت همیں قرآن رامی خوانند و بعام و خاص و دیگر وجوه نظم و تمسک می کردند و بطریق اشتهاد می آوردند و آیات اورا تفسیر می کردند تفسیرے که منسوب است به امام حسن عسکری رضی اللّٰه عنه که همین قرآن است لفظ به لفظ و صبیان و جواری و خدم و اہل و عیال خودرا همیں قرآن می فرمودند بخواندن در نماز امری کردند و بنا برین امور شیخ ابن بابویه در اعتقادات خود ازین عقیده کاذبه دست بردار شده و فارغ خطی داده ازین جهت اگر او را صدوق نامند بجااست

پس تمام روایات امامیہ میں موجود ہے کہ تمام اہل بیت اسی قرآن کو پڑھتے تھے اسی کے عام و خاص اور وجوہ نظم سے تمسک فرماتے اور اسی قرآن مجید سے اشتہاد لاتے اور اسی قرآن مجید کی تفسیر فرماتے اور جو تفسیر شیعہ امام حسن عسکریؑ کی جانب منسوب ہے وہ فقط اسی قرآن کی تفسیر ہے اور اپنے بچے اور بچیوں، غلاموں اور اہل و عیال کو اسی قرآن کی تعلیم فرماتے۔ نماز میں اسی کے پڑھنے کا حکم دیا ہے انہیں امور کی بناء پر شیخ ابن بابویہؒ اپنی کتاب "الاعتقادات" میں تحریف قرآن کے عقیدہ کاذبہ سے دستبردار ہوئے اور اسے فارغ خطی دے دی اسی بناء پر اگر انہیں صدوق کہا جائے تو درست اور بجا ہے۔" (تحفہ اثنا عشریہ، صفحہ ۲۸۱ طبع استنبول)

علامہ شبلی نعمانی کی رائے

علامہ شبلی نعمانی اخبار الضیاء لاہور ۹ اکتوبر ۱۹۱۴ء میں اپنے ایک مضمون "قرآن کا خدا حافظ ہے ترتیب قرآنی" کے [illegible] میں لکھتے ہیں۔

[illegible] ہے [illegible] کی [illegible] ہے کی سب سے بڑی دلیل ہے۔

علامہ طبرسی جو مشہور اور مستند شیعی مفسر ہیں تفسیر مجمع البیاں میں لکھتے ہیں.... اور متعدد موقعوں پر لکھا ہے کہ قرآن کی صحت کا علم ایسا ہی ہے جیسا کہ شہروں کا علم بڑے بڑے واقعات اور مشہور کتابوں اور عرب کے مدون [illegible] کا علم کیونکہ قرآن کی نقل و حفاظت کے اسباب غایت کثرت سے تھے اور اس حد تک پہنچے تھے کہ اور کسی [illegible] کے نہیں گئے اس لئے کہ قرآن نبوت کا معجزہ اور علوم شرعیہ اور احکام دینیہ کا ماخذ ہے اور علماء اسلام نے اس کی حفاظت اور جماعت میں انتہا درجہ کی کوشش کی یہاں تک کہ قرآن کے اعراب قرات حروف آیات [illegible] حرکات تک انہوں نے محفوظ رکھے اس لئے کیونکر قیاس ہو سکتا ہے کہ اس احتیاط شدید کے ہوتے اس میں نقصان یا تغیر آنے پائے۔ سید مرتضیٰ نے یہ بھی کہا ہے کہ قرآن مجید آنحضرت کے زمانہ میں ایسا ہی مکتوب اور مرتب تھا جیسا اب ہے اور اس پر دلیل یہ ہے کہ قرآن اس زمانہ میں پڑھا جاتا تھا اور لوگ اس کو حفظ کرتے تھے اور آنحضرت ﷺ کو سناتے تھے"۔

[illegible] کے اخبار الضیاء لاہور کے صفحہ ۶ کالم نمبر ۱ میں لکھتے ہیں۔

"قرآن کے محفوظ چلے آنے کے متعلق تمام اہل اسلام کی روایتیں پہلے نقل ہو چکی ہیں اہل تشیع کے [illegible] کی تشریح بھی گذشتہ نمبر میں ان کی سب سے مشہور تفسیر (مجمع البیان علامہ طبرسی) کے حوالہ سے ہو چکی [illegible]

[illegible] علاوہ درج ذیل علماء نے بھی اس حقیقت کا اعتراف کیا ہے کہ شیعہ تحریف قرآن کے قطعی طور پر قائل [illegible]

(۱) احمد ابراہیم بیگ استاد شیخ شلتوت در "علم اصول الفقہ" صفحہ ۲۱ طبع مصر
(۲) علامہ سمیع عاطف الدین در "المسلمون من ھم" صفحہ ۹۸ طبع مصر
(۳) علامہ محمد علی ایم اے لاہور در "جامع القرآن" صفحہ ۱۱۱ طبع لاہور
(۴) مولانا غلام دستگیر آنجہانی در "امامتہ البرھان" صفحہ ۵ طبع لاہور
(۵) غلام احمد پرویز در "مذاہب عالم کی آسمانی کتابیں" صفحہ ۱۴۴ طبع لاہور
(۶) امام ابو زہرہ مصری در "الامام الصادق" صفحہ ۲۰۶ طبع مصر

ایک نظر ادھر بھی

آخر میں ہم اس نکتہ کی وضاحت بھی کرتے چلیں کہ وہ لوگ جو خود تحریف قرآن کے قائل تھے یا جن کے اسلاف سے یہ غلطی شعوری یا غیر شعوری طور پر سرزد ہوئی تھی انہوں نے اپنے آپ کو الزام سے محفوظ رکھنے کے لئے اس کا الزام شیعہ مکتب پر تھونپ دیا کاش وہ لوگ اہل تشیع پر تحریف قرآن کا بے بنیاد الزام عائد کرنے سے پہلے اپنے اکابر و اسلاف کی کتب کا مطالعہ فرما لیتے تو انہیں معلوم ہو جاتا کہ تحریف قرآن کا قائل کون ہے؟ اس ضمن میں سینکڑوں روایات کو نظر انداز کرتے ہوئے ہم صرف چند حوالہ جات نقل کر رہے ہیں تاکہ بات واضح ہو سکے۔

(۱) امام بخاری ابن عباس سے نقل روایت کرتے ہیں

لما نزلت و انذر عشیر تک الا قربین ورھطک منھم المخلصین

لیکن جمہور نے اس آیت کو نہیں پڑھا مصحف عثمانی میں نہیں لکھی گئی۔

(صحیح بخاری کتاب التفسیر باب تبت یدا صفحہ ۱۴)

(۲) ابراہیم ابن علقمہ کہتے ہیں کہ

جب میں عبداللہ کے اصحاب کے پاس شام پہنچا اور ابو درداء کو خبر ہوئی تو وہ ہمارے پاس آئے اور کہا کیا تم میں کوئی قرآن پڑھنے والا ہے؟ ہم نے کہا "ہاں" تو ابو درداء نے کہا "وہ کون ہے" تو لوگوں نے میری طرف اشارہ کر دیا۔ ابودردا نے کہا "پڑھو" میں نے پڑھا "واللیل اذا یغشی و النھار اذا تجلی والذکر والانثی" ابو درداء نے کہا کیا تم نے پیغمبرؐ کے دہن مبارک سے اسے سنا ہے؟ میں نے کہا "جی ہاں" تو ابو درداء نے کہا میں نے بھی آنحضرتؐ کے دہن اقدس سے اس کو سنا ہے لیکن یہ لوگ میری بات کا انکار کرتے ہیں۔

(صحیح بخاری جلد ۳ صفحہ ۱۳۹، جلد ۶ صفحہ ۲۱۱ جلد ۵ صفحہ ۳۵)

(۳) حضرت عائشہ فرماتی ہیں کہ

آیت "رجم" اور آیت " رضاع کبیر" نازل ہوئی تھیں میرے تکیہ کے نیچے ایک کاغذ میں لکھی ہوئی رکھی تھیں۔ آنحضرتؐ کی وفات کے بعد جب ہم لوگ اس مصیبت میں مبتلا ہوئے تو ایک بکری آئی اور ان کو کھا گئی۔

(۱) سنن ابن ماجہ جلد ۲ صفحہ ۳۹ طبع کراچی

(۲) مسند امام احمد جلد ۶ صفحہ ۲۶۹ طبع بیروت

(۳) تاویل مختلف الحدیث صفحہ ۳۱۰ طبع بیروت

(۴) انور شاہ کشمیری دیوبندی تحریف قرآن کے بارے میں اپنا عقیدہ یوں بیان کرتے ہیں۔

ذی تحقق عندی ان التحریف فیه لفظی ایضاً اما انه عن عمد او لمغلطته

رے نزدیک یہ چیز تحقیق سے ثابت ہے کہ قرآن میں لفظی تحریف بھی ہے اور یہ یا تو (اصحاب) نے جان بوجھ کی ہے یا غلطی سے۔

(فیض الباری علی صحیح البخاری جلد ۳ صفحہ ۳۹۵ طبع ڈابھیل)

) عبداللہ بن عمر کا بیان ہے کہ

یقولن احدکم قد اخذت القرآن کله وما یدریه ما کله قد ذهب منه قران کثیرا

میں سے کوئی شخص یہ دعویٰ نہ کرے کہ میں نے تمام قرآن کو حاصل کیا ہے ہرگز تمام قرآن حاصل نہیں کیا ونکہ زیادہ قرآن تو ضائع ہو گیا ہے۔

(۱) تفسیر در منثور جلد ۱ صفحہ ۱۰۴ طبع میمنیہ مصر

(۲) اتقان فی علوم القرآن جلد ۲ صفحہ ۲۵ طبع لاہور

) ابی بن کعب سے روایت ہے کہ انہوں نے اپنے مصحف میں "سورۃ الخلع" اور سورۃ الحفد" بھی درج کی ں اس کی آیتیں یہ ہیں اللهم انا نستعینک و نستغفرک و نثنی علیک ولا نکفرک و نخلع و رک من یفجرک اللهم ایاک نعبد ولک نصلی و نسجد والیک نسعی و نحفد نرجو حمتک و نخشی عذابک ان عذابک بالکفرین ملحق

(۱) (مجمع الزوائد جلد ۷ صفحہ ۱۵۷ طبع مصر)

(۲) (اتقان فی علوم القرآن جلد ۲ صفحہ ۶۶ طبع لاہور)

(۳) (روح المعانی آلوسی بغدادی جلد ۱ صفحہ ۲۵ مصر)

) علامہ جلال الدین سیوطی تحریر کرتے ہیں کہ۔

ہ بن زبیر کہتے ہیں کہ میں نے حضرت عائشہ سے قرآن کی موجودہ غلطیوں کے متعلق سوال کیا جو ان آیات ں ہیں۔

هذا الساحران والمقیمین الصلواة والموتون الزکواة ان الذین امنو والذین هادو اوا الصائبون

حضرت عائشہ نے فرمایا اے فرزند خواہر یہ کاتبوں کی غلطیاں ہیں انہوں نے کتابت میں غلطیاں کیں۔

(اتقان فی علوم القرآن جلد ۱ صفحہ ۱۸۳- ۱۸۴ طبع مصر لاہور)

(الفرقان لابن الخطیب صفحہ ۴۱ باب لحن الکتاب فی المصحف)

) حضرت عائشہ فرماتی ہیں کہ قرآن مجید کے تین حروف کاتبوں کی غلطیوں کا نشانہ بنے۔

ان هذان لساحران

(۲) ان الذین امنوا والذین ھادو الصائبون
(۳) والمقیمین الصلواۃ والموتون الزکاۃ
(تاویل مشکل القرآن صفحہ ۳۷ طبع دار احیاء الکتب العربیہ مصر)

(۹) ابن مسعودؓ سے راویت ہے کہ
"نبی اکرم ﷺ کے زمانے میں ہم صحابہ ایت یا ایھا الرسول بلغ ما انزل الیک من ربک کے بعد "ان علیا مولی المومنین" پڑھا کرتے تھے"
(۱) تفسیر فتح القدیر جلد ۲ صفحہ ۵۷ طبع مصطفیٰ البابی مصر
(۲) تفسیر در منثور جلد ۲ صفحہ ۲۹۸ طبع المطبعہ المیمنیہ قاھرہ

دوسرا اعتراض :۔

اہل تشیع کے نزدیک اہل بیت کے سوا باقی لوگ (صحابہ کرامؓ) لائق اعتبار نہیں بلکہ انہیں اہل ایمان میں شامل کرنا بھی درست نہیں۔

صحابہ کرام کا احترام کوئی ایسا مسئلہ نہیں ہے کہ مسلمانوں کو خواہ مخواہ اس میں الجھایا جائے اور امت مسلمہ میں اختلافات کا بیج بویا جائے اصحاب رسول کے متعلق تشیع اور اہل سنت کے درمیان بعض امور میں اختلافات کا یہ مطلب ہرگز نہیں ہے کہ شیعہ اصحاب رسول کے قائل نہیں۔ بلکہ شیعہ کتب اصحاب رسول کے فضائل و مناقب سے بھری پڑی ہیں البتہ شیعہ کے نزدیک یہ بات مسلم ہے کہ یونہی آنکھیں بند کرکے کسی کی اقتداء و تاسی نہ کی جائے بلکہ کتاب و سنت کو مدنظر رکھ کر کسی کی پیروی کی جائے۔ شیعہ اصحاب رسول کی قربانیوں کا اعتراف کرتے ہیں۔ ہاں شیعہ صحابیت کی کسوٹی کو پرکھنے کے لئے قرآن و سنت کو معیار قرار دیتے ہیں۔ تشیع اور اہل سنت دونوں کا صحابہ کرام کے بارے میں ایک ہی مسلک ہے فرق صرف اتنا ہے کہ ایک فریق علمی اور اخلاقی پہلو کو ترجیح دیتا ہے جبکہ دوسرا فریق اس کے برعکس بعض دوسرے پہلوؤں کو برتری دیتا ہے۔ مشہور عالم علامہ وحید الزمان حیدر آبادی نہایت اچھے انداز میں اس بات کی یوں وضاحت کرتے ہیں۔

"یحسن صحابتی میری صحبت کا حق اچھی طرح سے ادا کرے وہی در حقیقت آنحضرت کا صحابی ہے جو آپ سے اور آپ کے اہل بیت کرام سے سچی محبت اور الفت رکھتا ہو ورنہ صرف نام کی صحبت کافی نہیں ہے اس کی مثال یہ ہے کہ ایک بادشاہ کے چند غلام ہوں جو بادشاہ کی محبت کی وجہ سے آپس میں بھی ایک دوسرے

ے محبت رکھتے ہوں پھر ایک غلام ان میں سے اپنے بادشاہ سے باغی ہو جاوے اس کی آل اولاد عزیز و اقرباء دستوں کو قتل کرے ان کا دشمن بن جائے تو کیا اس کے بعد بھی اس غلام سے محبت رکھیں گے صرف اس وجہ سے ہے کہ وہ اس بادشاہ کا غلام تھا؟

(انوار للغتہ پارہ ۱۴ صفحہ ۲۰ طبع بنگلور)

ایک دوسرے مقام پر لکھتے ہیں۔

جو آیتیں یا حدیثیں صحابہ کی فضیلت میں وارد ہیں ان سے مراد وہی صحابہ ہیں جنہوں نے آنحضرت صلعم کے حقوق صحبت کو ادا کیا آپ کے اقربہ اور اہل بیت سے محبت رکھی ان کی حمایت اور امداد کی"۔

(انوار اللغتہ پارہ ۱۴ صفحہ ۱۰)

علامہ سید اسد حیدر اصحاب رسول کے متعلق شیعہ عقیدہ ان الفاظ میں تحریر فرماتے ہیں۔

شیعہ اہل بیت حضور نبی کریمؐ کے اصحاب کا احترام کرتے ہیں اور ان کی عزت میں کوئی کمی نہیں کرتے لیکن وہ صحابہ کے متعلق آنحضرتؐ کی سیرت مبارک کی پیروی کرتے ہوئے یہ کہتے ہیں کہ شرعی احکام صحابہ اور غیر صحابہ سب کے لئے یکساں ہیں ہر صحابی کا مرتبہ اور مقام اس کے اعمال اور کردار کے مطابق ہے"۔

(الصحابتہ فی نظر الشیعہ صفحہ ۳۲ طبع مصر)

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام اصحاب رسولؐ کے متعلق ارشاد فرماتے ہیں۔

"اللہ تعالیٰ نے اپنے رسولؐ کے اصحاب میں سے ایک گروہ کو منتخب فرمایا ان کو بہت عزت عطا کی اور تائید و نصرت سے آراستہ کیا اور آنحضرتؐ کی زبان مبارک پر ان کے فضائل و مناقب اور کرامات جاری فرمائے تم ان سے محبت کے ساتھ اعتقاد رکھو اور ان کی فضیلت کا ذکر کرو اور اہل بدعت سے اجتناب کرو کیونکہ ان کی صحبت دلوں میں کفر و ضلالت پیدا کرتی ہے"۔

(مصباح الشریعہ صفحہ ۶۷ طبع ایران)

تاریخ شاہد ہے کہ صحابہ کرام کی کثیر تعداد جنگ صفین میں حضرت علی مرتضیٰ کی معیت میں معاویہ سے جنگ لڑ رہی تھی حضرت علی مرتضیٰ کے لشکر میں اڑھائی سو وہ اصحاب رسول موجود تھے جنہوں نے بیعت شجرہ کا شرف حاصل کیا تھا جبکہ آپ کے ہمراہ کل صحابہ کی تعداد اٹھ سو تھی جو معاویہ کے خلاف برسرپیکار رہی۔ تاریخ شاہد ہے کہ حضرت علی کی ہمراہی میں تین سو ساٹھ صحابہ کرام نے جام شہادت نوش فرمایا جن میں ۸۰ بدری صحابہ بھی تھے۔

شیعہ پر بے جا الزام

اصحاب رسولؐ کے بارے میں شیعہ موقف سابقہ اوراق پر بیاں کیا جا چکا ہے مگر اس کے باوجود شیعوں پر

تہمت لگائی جاتی ہے کہ وہ صحابہ کو مرتد اور منافق سمجھتے ہیں۔

گذشتہ اوراق پر صحابہ کرام کے متعلق شیعہ موقف کی وضاحت کے بعد اس مفروضہ کی کوئی حیثیت نہیں۔ یہ صرف مسلمانوں کے مابین باہمی تصادم اور جھگڑا برپا کرنے کا استعماری نسخہ ہے جو بنی امیہ اور بنی عباس کی ظالم وجابر حکومتوں کے تاریک اور متعصب دور میں بھی استعمال کیا جاتا رہا۔ چنانچہ علامہ سید اسد حیدر رقمطراز ہیں۔

کانت الحکومة اذا ارادت ان تعاقب شیعیا لمذهبه لم تذکر اسم علی بل یجعل سبب العقوبة انه شتم ابابکر و عمر

"حکومت جب کسی شیعہ مسلمان کو اس کے مذہب کی وجہ سے تعاقب کرتی تو حضرت علیؑ کا نام لینے کی بجائے سزا دینے کا سبب یہ بیان کیا جاتا تھا کہ یہ شخص حضرت ابوبکر و عمر کی توہین کرتا ہے"۔

(الصحابۃ فی نظر الشیعہ صفحہ ۶۲ طبع مصر)

لہٰذا شیعیان حیدر کرار کے خلاف اس قسم کے الزامات سے عوام الناس کے دلوں میں نفرت اور اشتعال کی آگ بھڑکانے کے علاوہ اور کوئی مقصد نہیں ہے۔

ایک شبہ کا علمی ازالہ

بعض نافہم حضرات کی جانب سے عام طور پر یہ اعتراض کیا جاتا ہے کہ روضہ کافی کی روایت میں ہے کہ تین صحابہ کے سوا باقی سب مرتد ہو گئے تھے۔

یہ اعتراض چند وجوہ کی بناء پر ناقابل اعتبار ہے۔

اولاً۔ یہ مسلمہ امر ہے کہ آنکھیں بند کر کے ہر روایت کو تسلیم کر لینا اہل علم کے لئے شایان شان نہیں ہے چونکہ مذکورہ روایت اصول روایت کے معیار پر پوری نہیں اترتی کیونکہ اس کا ایک راوی حنان بن سدید واقفی المذہب ہے۔

ملاحظہ فرمائیں ..... (رجال کشی صفحہ ۴۶۵ مطبوعہ کربلا معلیٰ)

واقفی مذہب کے متعلق امام رضا علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ۔

واقفی المذہب لوگ زندیق ہو کر مرتے ہیں اور یہ لوگ کافر، مشرک اور زندیق ہیں۔

دوسری روایت میں امام رضاؑ فرماتے ہیں۔

الواقف عاند عن الحق و مقیم علی سیئة ان مات بها کانت جهنم مثواه

واقفی مذہب والا شخص حق کا مخالف ہے اور ایسی بدکاری پر قائم ہے اگر اس کو اسی پر موت آ جائے تو اس کا

جہنم ہوگا۔

(مقیاس الدرایہ فی علم الروایہ صفحہ ۸۳ طبع ایران)

ایسی ایک دو روایات پر پورے مذہب کی بنیاد استوار نہیں کی جاسکتی۔

۔ اگر اس روایت کو تسلیم کر ہی لیا جائے تو اس سے کوئی سقم نہیں پیدا ہوتا کیونکہ یہی مفہوم احادیث
میں موجود ہے چنانچہ احادیث رسول سے یہ واضح طور پر ثابت ہے کہ آنحضرت کی وفات کے بعد بہت سے
ب جادۂ حق سے ہٹ گئے تھے۔

احادیث رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

(۱)

ی امت کے کچھ لوگوں کو اس حالت میں پکڑ کر لایا جائے گا کہ نامہ ہائے اعمال ان کے بائیں ہاتھوں میں
گے میں کہوں گا یہ تو میرے اصحاب ہیں۔ مجھے کہا جائے گا تم نہیں جانتے ہو انہوں نے تمہارے بعد کیا کیا؟
وہی بات کہوں گا جو بندہ صالح (حضرت عیسیٰؑ) نے کہی تھی کہ میں تو اس وقت تک ان پر نگران تھا جب تک
کے درمیان موجود تھا تب مجھ سے کہا جائے گا کہ تمہاری وفات کے بعد یہ لوگ مرتد ہو گئے تھے دین سے پھر
تھے"۔

۱۔ صحیح بخاری جل ۱ صفحہ ۷۹ طبع مصر
۲۔ صحیح مسلم جلد ۲ صفحہ ۳۸۴ طبع دہلی

(۲)

روز آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے صحابہ کرام کو فرمایا۔

تم سے پہلے حوض کوثر پر موجود ہوں گا جو وہاں آئے گا اس سے پیئے گا وہ کبھی پیاسا نہ ہوگا اس اثناء میں
ے پاس کچھ ایسے لوگ آئیں گے جن کو میں پہچانتا ہوں گا اور وہ مجھے پہنچانتے ہوں گے کہ اچانک میرے اور
کے درمیان پردہ حائل ہو جائے گا میں کہوں گا یہ تو میری جماعت میں سے ہیں۔ کہا جائے گا۔ تم نہیں جانتے
ں نے تمہارے بعد کیا عمل کئے اس وقت میں کہوں گا دوری ہو دوری ہو اس کے لئے جس نے میرے بعد
حالت بدل لی"۔

(صحیح مسلم جلد ۲ صفحہ ۲۴۹ طبع دہلی)

(۳)

انس بن مالک سے روایت ہے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا

میرے اصحاب میں سے کچھ لوگ حوض کوثر پر وارد ہوں گے لیکن میرے قریب آئیں گے تو پیچھے دھکیل دیئے جائیں گے میں کہوں گا۔ اے میرے رب یہ تو میرے اصحاب ہیں۔ آواز آئے گی۔ کیا آپ کو معلوم نہیں کہ ان لوگوں نے آپ کے بعد کیا بدعات کیں۔

(صحیح بخاری جلد ۲ صفحہ ۹۷۴ کتاب الرقاق)

(۴)

کچھ اصحاب ایسے بھی ہیں جنہیں حضور پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم دیکھنا بھی گوارا نہیں کرتے تھے چنانچہ ام المومنین حضرت ام سلمہؓ فرماتی ہیں کہ

"حضورؐ نے فرمایا کہ میرے اصحاب کچھ ایسے بھی ہیں کہ میں انہیں دیکھنا نہیں چاہتا اور میری وفات کے بعد وہ مجھے نہ دیکھ پائیں گے"۔

۱۔ (استیعاب جلد ۳ صفحہ ۳۹۰ طبع حیدر آباد دکن)

۲۔ (کنزالعمال کتاب الفتن جلد ۶ صفحہ ۶۷ طبع حیدر آباد)

شیخ الحدیث مولانا سرفراز خان صفدر فاضل دیوبند مندرجہ احادیث رسول کو نقل کرنے کے بعد لکھتے ہیں

یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے آپ کے سامنے کلمہ پڑھا اور بعد کو مرتد ہو گئے یا بعد کو قیامت تک آنے والے برائے نام امتی ہوں جو مرتد ہو گئے ہوں یا ان کے علاوہ کوئی اور اہل بدعت ہوں۔ الفاظ ان سب کو شامل ہیں۔ (تفصیل کے لئے ملاحظہ فرمائیں نووی شرح مسلم جلد ۱ صفحہ ۱۲۹ مطبوعہ لکھنؤ)

(ازالۃ الرائب صفحہ ۳۹۸ طبع گوجرانوالہ)

مزید حوالہ جات

(۱) سنن نسائی جلد ۴ صفحہ ۱۱۴ طبع مجتبائی دہلی (۲) مشکوٰۃ المصابیح صفحہ ۴۸۷ - ۴۸۸ طبع اصح المطابع دہلی (۳) تفسیر خازن جلد ۷ صفحہ ۲۵۱ طبع بیروت (۴) تفسیر فتح القدیر جلد ۶ صفحہ ۴۹۰ طبع مصر (۵) تفسیر در منثور جلد ۶ صفحہ ۴۰۰ طبع مصر (۶) تفسیر روح المعانی جلد ۳ صفحہ ۲۴۴ طبع مصر۔

ان مندرجہ بالا احادیث رسولؐ کو امام بخاری نے اپنی کتاب صحیح بخاری میں تقریباً سات مقامات پر درج کیا ہے۔

مرتد کا مفہوم

واضح رہے کہ مرتد کی دو قسمیں ہیں۔

(۱) مرتد عن الاسلام سے مراد وہ لوگ ہیں جو اسلام سے مرتد ہو جائیں اور صاف طور پر اسلام کا انکار کردیں۔

رتد عن الاستقامتہ سے مراد وہ لوگ ہیں کہ جو اسلام سے مرتد نہ ہوں بلکہ صراط مستقیم سے دور اور اعمال سے محروم ہو جائیں۔

م نووی فرماتے ہیں کہ یہ احادیث مرتد کی دونوں قسموں کو شامل ہیں۔ اور علامہ بدرالدین عینی فرماتے ہیں کہ بل بدعت اور ظالم لوگ ان احادیث کے معنی میں داخل ہیں۔

علامہ سعد الدین تفتازانی کا فیصلہ

سعد الدین تفتازانی فرماتے ہیں۔

نگ و جدال اور فتنہ و فسادات صحابہ کے درمیان واقع ہوئے جیسا کہ تاریخ کی کتابوں میں معتبر راویوں کی کردہ مستند اسناد کے ساتھ مذکور ہے بظاہر اس امر پر دلالت کرتے ہیں کہ بعض صحابہ جادۂ حق سے ہٹ کر ظلم کی حد تک پہنچ گئے تھے اس کا سبب یہ ہے کہ ان کے دلوں میں بغض و عناد اور کینہ بھر گیا تھا۔ انہیں ت اور ریاست کی لالچ تھی اور لذات و خواہشات کی طرف ان کا دھیان تھا کیونکہ ہر صحابی گناہوں سے نہیں اور ہر وہ شخص جس نے آنحضرت صلعم سے ملاقات کی نیکی و بھلائی سے مزین نہیں۔

(شرح مقاصد مبحث ۶ جلد ۲ صفحہ ۳۰۶ طبع استنبول)

علامہ شبلی نعمانی کا اعتراف

حقیقت کا اعتراف علامہ شبلی نعمانی نے بھی ان الفاظ میں کیا ہے کہ

ضرتؐ نے جب وفات پائی تو مدینہ منافقوں سے بھرا پڑا تھا۔ جو مدت سے اس بات کے منتظر تھے کہ رسول کا سایہ اٹھ جائے تو اسلام کو پامال کر دیں"۔

(الفاروق حصہ اول صفحہ ۳۴ مطبع قدیمی دہلی)

اکثر روایات سے واضح ہوتا ہے کہ نبی کریم ﷺ کے سانحہ رحلت کے بعد منافقون کی حالت بد سے ہو گئی تھی چنانچہ حضرت حذیفہ یمانیؓ فرماتے ہیں کہ۔

منافقین الیوم شر منھم علی عھد النبی صلی اللہ علیہ وسلم کانوا یومئذ یسرون والیوم رون

منافقوں کی حالت عہد نبوی سے بدتر ہے کیونکہ اس وقت یہ لوگ خفیہ ریشہ دوانیاں کرتے تھے مگر آج کھلم اظہار کر رہے ہیں۔

(صحیح بخاری جلد ۴ صفحہ ۱۴۱ طبع دارالکتب العربیہ مصر)

مقام صحابہ کے متعلق سنی شیعہ موقف پر محاکمانہ نظر

اس مقام پر مناسب ہو گا کہ ہم مقام صحابہ کے موضوع پر اہل سنت کے ممتاز سکالر' علامہ ڈاکٹر حامد داؤد حفنی سابق پروفیسر جامعہ عین الشمس مصر و حال پروفیسر الجزائر یونیورسٹی الجزائر کے ایک مقالے "مقام صحابہ کے متعلق سنی شیعہ موقف پر محاکمانہ نظر" پر بھی ایک نگاہ ڈالیں۔

علوم عقیدہ و شریعت کے موضوعات میں عدالت صحابہ کا موضوع ایک نہایت ہی نازک اور مشکل موضوع ہے' بلکہ یہ مسائل کی ایک ایسی پرخار وادی ہے' جس میں علماء کوئی فیصلہ صادر کرنے سے ہمیشہ گریزاں رہے۔

مجھے اس نازک موضوع پر لکھنے کی جسارت اس وقت ہوئی جب میرے ایک عراقی شیعہ دوست نے اس موضوع پر کتاب لکھ کر مجھ سے دیباچہ لکھنے کی استدعا کی اور چونکہ ہمیشہ میری یہی کوشش رہی کہ "اہل قبلہ واحدہ" اہل السنتہ و شیعہ' برادران کے مابین باہمی غلط فہمیاں دور کروں اور ان کو آپس میں قریب تر لاؤں اور یہ ایکد وسرے کے موقف کو جذبات سے بالا تر ہو کر سمجھیں۔ کیونکہ استعماری قوتیں ہی ان دونوں کے درمیان تفریقات پیدا کرکے اپنے سیاسی مقاصد کی برآوری کے لئے کوشاں ہیں۔

اہل السنت کا عقیدہ یہ ہے کہ صحابہ کرام کل کے کل عادل ہیں اور عدالت میں سب برابر کے حصہ دار ہیں' اگرچہ درجات عدالت میں ان کے مابین باہمی تفاوت موجود ہے' صحابی کو کافر قرار دینے والا خود کافر ہے' اور صحابی کو فاسق کہنے والا خود فاسق ہے' صحابی پر طعن و تشنیع کرنے والا خود رسول پر تشنیع کرنے والا ہے' جو کہ کفر و زندیقی کے مترادف ہے۔

اکابر علماء اہل السنتہ کی رائے ہے کہ حضرت علیؑ اور معاویہ کے مابین مشہور تاریخی معرکوں کے متعلق بھی لب کشائی نہ کی جائے' کیونکہ کچھ صحابہ ایسے ہیں' جنہوں نے اجتہاد کیا اور درست کارنامے انجام دیئے' مثلاً حضرت علیؑ اور ان کے انصار و تابعین اور کچھ ایسے تھے' جنہوں نے اجتہاد کیا اور خطا کی مثلاً معاویہ اور حضرت عائشہ۔ اہل سنت کی نظر میں ان واقعات اور ان شخصیات پر کوئی حکم لگانے کی بجائے توقف اختیار کیا جائے اور کسی کی برائی نہ کی جائے' اسی وجہ سے ان کے نزدیک معاویہ پر سب کرنا بھی منع ہے' محض اس لئے کہ وہ صحابی تھے' اور اس سے بھی زیادہ حضرت عائشہ کے خلاف لب کشائی کرنا منع ہے' کیونکہ وہ حضرت خدیجہؑ کے بعد دوسری ام المومنین اور آنحضرتؐ کی اہلیہ تھیں' اور ایسے تمام واقعات میں کوئی فیصلہ کرنے کی بجائے ان کا معاملہ اللہ کے سپرد کیا جائے۔

اس سلسلہ میں حسن بصری کا قول مشہور ہے "یہ ایسے خون تھے جن سے اللہ نے تمہارے ہاتھوں کو ملوث ہونے سے محفوظ رکھا' تو ہمیں اپنی زبانوں کو بھی ملوث کرنے سے گریز کرنا چاہئے۔

شیعہ حضرات کی رائے یہ ہے کہ صحابہ کرام اور ان کے بعد قیامت تک آنے والے مسلمانوں میں کوئی

یاز نہیں ہے' کیونکہ سب کے لئے عدالت کا ترازو برابر ہے' جہاں جہاں عدالت پائی جائے گی' وہاں مدح گی' کیونکہ صحابیت بذات خود کوئی منقبت نہیں ہے' جب تک کہ صاحب صحابیت میں اس منقبت کی اہلیت اور وہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پیغام شریعت کی تبلیغ کی استعداد بھی نہ رکھتا ہو۔

اس لئے کچھ ان میں معصوم بھی تھے جیسے حضرت علیؑ اور حسنین شریفینؑ اور کچھ عدول بھی تھے' جیسے وہ کرام جو آنحضرتؐ کے وصال کے بعد حضرت علیؑ سے وابستہ رہے اور کچھ درست کار مجتہد تھے تو کچھ خطا ے فاسق بھی تھے اور کچھ زندیق اور کچھ وہ بھی تھے جنہوں نے اپنے نفاق سے توبہ نہ کی اور اسلام کے بعد و گئے۔

اہل تشیع جو اہل قبلہ کا ایک عظیم حصہ ہیں' عدالت کے اعتبار سے ان کے نزدیک صحابی' تابعی اور متاخر قی طور پر کوئی فرق نہیں ہے' جو عدالت کا ملکہ و صفت رکھے گا' وہی عادل ہو گا' چاہے صحابی ہو یا تابعی۔

گویا ان کے نزدیک صحابیت خود کوئی ایسا قلعہ نہیں ہے' جو کسی غلطی سے تحفظ کا ذریعہ ہو' اسی مضبوط بنیاد ہ سے ان کے نزدیک صحابہ اور ان کی عدالت وغیرہ پر تنقید کرنا مباح ہے۔ خصوصاً" وہ ایسے صحابہ کی ت نہیں کرتے جنہوں نے بعد میں صحابیت کے شرف کی رعایت نہیں کی' اور آلؑ محمدؐ کی محبت سے منحرف اور ایسا کیوں نہ ہو جبکہ رسول اعظمؐ کا ارشاد ہے کہ میں تم میں دو گرانقدر' چیزیں چھوڑ کر جا رہا ہوں اگر ے ان دونوں سے تمسک کیا تو ہرگز گمراہ نہ ہوں گے اللہ کی کتاب اور میری عترت و اہل بیت اور یہ آپس ز جدا نہ ہوں گے حتی کہ میرے پاس حوض کوثر کے مقام پر وارد ہوں۔

اس حدیث کی اساس پر ان کا خیال ہے' کہ بہت سے صحابہ نے آلؑ محمدؐ پر ظلم کرکے ارشاد رسولؐ کی ت کی اور کچھ نے آلؑ رسولؐ پر (معاذ اللہ) لعنت کی' لہٰذا ایسی صورت میں ان کے لئے شرف صحابیت کیونکر ت رہ سکتا ہے؟ یہ صحابہ کے بارے میں شیعہ عقیدہ کا خلاصہ ہے۔

بالبصیت شخص پر یہ حقیقت واضح ہے کہ صحابہ کے بارے میں سنی شیعہ موقف میں اگر کوئی فرق ہے تو ے علمی اور اخلاقی نہج پر ہے۔ اہلسنّت بھی صحابہ کے بارے میں عصمت کے قائل نہیں ہیں' بلکہ عدالت کا مطلب صرف اخلاقی منہج ہے' اسی وجہ سے وہ ان کے معاملات اللہ کے سپرد کرنے کے قائل ہیں' اور صحابی کے متعلق تنقیص کے قائل نہیں ہیں اور میرے خیال میں ان کے اس عقیدہ کی بنیاد خود آنحضرتؐ کا ہ طریق ہے' جب عبداللہ بن سلول منافق کو قتل کرنے کے لئے اس کے بیٹے نے آنحضرتؐ سے اجازت ی کی تو حضور اکرمؐ راضی نہ ہوئے اور فرمایا ایسا مت کرو کیونکہ کہا جائے گا کہ محمدؐ اپنے اصحاب کو قتل کرا ے ہیں اور میرے خیال میں شیعہ مسلک مضبوط علمی منہج پر قائم ہے' وہ صحابہ کا معاملہ اللہ کے سپرد کرنے پر ں اثبات عدالت کو مقدم سمجھتے ہیں' اور میرے خیال میں ان کے موقف پر خود کلام رسولؐ بطور حجت موجود

ہے' کہ آنحضرتؐ نے حضرت فاطمہ زہرا علیہا السلام سے فرمایا۔

"اے فاطمہ بنت محمدؐ تم عمل کرو میں بغیر عمل کے تمہیں اللہ سے کوئی فائدہ نہیں دلا سکتا"۔ دیکھئے یہاں آنحضرتؐ نے عمل کو حضرت فاطمہؑ کے لئے صحبت و قرابت سے مقدم قرار دیا' اور آنحضرتؐ کا یہ کلام بھی عمومی حیثیت رکھتا ہے' ورنہ حضرت فاطمہؑ کی جلالت و منزلت آنحضرتؐ سے ان کی قربت و شدت تمسک میں کس کو شک ہو سکتا ہے؟

اسی طرح جب ایک بنی مخزوم کی خاتون چوری کرتی ہے اور اسامہ بن زید اس کی سفارش کرتے ہیں' تو وہاں بھی حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا' بخدا اگر میری دختر فاطمہ طاہرہؑ ایسا کرتی تو میں فاطمتہ الزہراؑ پر بھی قانون الٰہی نافذ کرتا۔

گویا آنحضرتؐ نے یہاں بھی اپنی دختر کی مثال دے کر جہاں ان کی جلالت و منزلت کو اجاگر کیا وہاں یہ بھی ثابت کر دیا کہ صحابیت ہو یا قرابت اس کی آڑ میں کسی کو بھی غیر شرعی جرم کرنے کی اجازت نہیں دی جا سکتی۔

یہ تو تلمیح ہے' جب کہ احادیث و قرآنی آیات تصریح کے طور پر یہ ثابت کرتی ہیں کہ بعض صحابہ صحبت کے معنی سے نکل گئے۔ سورہ توبہ منافقین کے ذکر سے پر ہے اور بہت سے منافقین تھے' جو دعوت اسلامیہ کے مرکز میں آنحضرتؐ کے ساتھ مدینہ میں زندگی بسر کر رہے تھے' قرآن نے خود کہا ہے۔

و ممن حولکم من الاعراب منافقون و من اھل المدینۃ مردوا علی النفاق لا تعلمھم نحن نعلمھم

"اور تمہارے ارد گرد اعراب میں منافق لوگ ہیں اور اہل مدینہ میں بھی جو منافقت میں سرکشی رکھتے ہیں ان کو تم نہیں جانتے' ہم جانتے ہیں"۔

بعض کو قرآن نے کفر کی صفت سے بھی روشناس کرایا ہے 'اور فرمایا ہے کہ

"اللہ نے منافقین و منافقات اور کافروں سے جہنم کی آتش کا وعدہ کیا ہے' جو ان کے لئے کافی ہے اور ان پر اللہ نے لعنت کی ہے اور ان کے لئے نہ ختم ہونے والا عذاب ہے"۔

اگر اللہ اپنی مخلوق پر رحیم نہ ہوتا اور ستار نہ ہوتا تو قرآن کریم میں ایک ایک منافق کا نام لے کر بتا دیتا' اور ان کے دلوں میں جو کفر اور مخفی گناہ تھے ان سے پردہ اٹھا دیتا۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے قرآن ہی کا مسلک اختیار فرمایا اور منافقین کی صفات بیان کرنے پر اکتفا فرمایا' کیونکہ وہ بھی اللہ کے اخلاق سے آراستہ رؤف و رحیم نبی تھے' جنہوں نے اس دین کے استحکام کے لئے حلم ' شفقت ' مہربانی اور صبر کی صفات کا مظاہرہ فرمایا' بہت ہی کم ایسا ہوا ہے کہ آنحضرتؐ نے کسی منافق کا

لے کر رسوا کیا ہو' جیسا کہ مروان بن حکم کے بارے میں آپ نے فرمایا۔
ہم ایسے نامزد اور نام بردہ منافقین کو مفہوم صحابیت سے نکال سکتے ہیں' اور مزید برآں اہل سنت و شیعہ سب
بات پر متفق بھی ہیں کہ منافقین صحابہ میں شامل نہیں ہیں۔

باوجود اس کے کہ میں سنی العقیدہ مسلمان ہوں میں اس لحاظ سے صحابہ کے متعلق علمی منہج کو اخلاقی منہج
ترجیح دے سکتا ہوں' کیونکہ ہماری کتب سنن میں ایسے عجیب و غریب احادیث بھی صحابہ کے حوالے سے آ گئی
جو خلاف عقل و ذوق ہیں اور وہ نور نبوت سے محروم ہیں' بلکہ دشمنان اسلام کے سامنے ہمارے لئے باعث
رف نہیں ہیں' مثلاً نبات لبید کے آنحضرتؐ پر جادو کرنے کی حدیث جو حضرت ابو ہریرہ سے منقول ہے۔

میں حدیث کا ہر پہلو ماننے پر تیار ہوں' مگر یہ ہرگز نہیں مان سکتا کہ جادو نے آنحضرتؐ کی عقل پر اثر کیا
' بلکہ میں تو اس پر عقیدہ رکھنے والے کو کافر سمجھتا ہوں کیونکہ انبیاء و مرسلین پر سحر شیطانی کا اثر کرنا مقام وحی
ے ہرگز مناسبت نہیں رکھتا' حالانکہ یہ حدیث حضرت ابوہریرہ سے منقول ہے اور صحیحین میں موجو دہے اس
ح اس کی اور بھی مثالیں موجود ہیں۔

یہ منہج علمی جس پر شیعہ گامزن ہیں یہ صدر اول اسلام سے بھی جاری ہے اور آئمہ اہل بیتؑ کا مسلک
ی ہے۔

شیعہ ہمیشہ مظلوم رہے ہیں اور بے بنیاد تہمتوں کا شکار رہے ہیں۔ میرے عقیدہ کے مطابق معتدل شیعوں
دفاع کرنا چاہئے' جو کہ شیعہ امامیہ کے سواد اعظم ہیں' کیونکہ میرے نزدیک معتدل شیعہ اور معتدل سنی میں
وئی فرق نہیں ہے' بلکہ یہ فرق ایسے ہی ہے جیسے آنکھ کی سفیدی اور سیاہی کا فرق ہے' بحیثیت اتصال کے اگر
ل محمدؐ کی محبت پر شیعہ فخر و مباہات کرتا ہے تو سنی بھی اس محبت کو باعث فخر سمجھتا ہے' در حقیقت سنی و شیعہ
خلافات کی تشہیر عباسی حکمرانوں کی سیاسی ضرورت تھی' اس لئے امت اسلامیہ علماء شیعہ اور مذہب شیعہ کی
دیوں سے بے خبر رہی' اور ان پر تکفیر شیخین کی تہمت لگا کر اس کو ہوا دی گئی ورنہ میں بھی جانتا ہوں کہ معتدل
شیعہ امامیہ اس کے قائل نہیں اگرچہ وہ حضرت علیؑ کی افضلیت کے قائل ہیں ہاں تنقید کرنا تکفیر کرنے کے
ترادف نہیں ہے۔

مذہب جعفری کے پیروکار جو معتدل شیعہ ہیں' وہ صحابہ کی تکفیر نہیں کرتے' اور نہ ہی اہل بیتؑ کی
ربوبیت کے قائل ہیں نہ ہی وہ تحریف کلام اللہ کے معتقد ہیں اور نہ ہی انہوں نے اسلام کے مفاہیم سے جدا کسی
مفہوم کو ایجاد کیا ہے' کیونکہ ان کے فقہی اصول و عبادات ان کی احادیث امام جعفر بن محمد الصادقؑ سے ماخوذ ہیں
ور آخر میں یہ کہوں گا کہ اے اہل قبلہ ایسے کلمہ کی طرف آجاؤ جو ہمارے اور تمہارے درمیان برابر مسلم
ہے۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو دشمن پر فتح دے گا اور تفرقہ و استعمار کے مقاصد کا تحفظ کرنے والوں کی مکاریوں سے

محفوظ رکھے گا۔

اے علماء اہل قبلہ:۔

آپ ہی کا حق ہے کہ مسلمانوں کو صف بہ صف کریں، عقائد کی تصحیح کریں کیونکہ اسلام اس بات کی ہرگز اجازت نہیں دیتا کہ ہم دین کے حساب پر سیاست کی تجارت کریں اور قرون گذشتہ کی طرح ہمارے مابین تفرقہ پیدا ہو دین کا مقام و مرتبہ سیاست سے بلند و بلا تر ہے۔

سیاست دین کی طرف بلندی کی محتاج ہے، مگر دین سیاست کی طرف پستی اختیار کرنے کا محتاج نہیں ہے۔

وہ دن دور نہیں جس دن تمام اسلامی مذاہب خمسہ، جعفری، حنفی، مالکی شافعی اور حنبلی یک زبان ہوں گے، سب کی صفوں میں وحدت ہوگی، سب کے نظریاتی مقاصد یکساں ہوں گے، سب کے ضمیر پاکیزہ ہوں گے اور اللہ کا دین ہی غالب ہوگا۔

اللہ تعالیٰ امت مسلمہ کے دلوں سے پرانے زنگ صاف کر دے گا اور نفرت و بغض مٹ جائیں گے وہ دن قریب ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

(فخر اہل سنت) علامہ ڈاکٹر حامد حفنی داؤد
سابق پروفیسر جامعہ عین الشمس مصر
حال پروفیسر الجزائر یونیورسٹی الجزائر

تیسرا اعتراض :۔

شیعہ لفظی طور پر ختم نبوت کے قائل ہیں اور آنحضرتؐ کو خاتم النبیین مانتے ہیں لیکن انہوں نے نبوت محمدیہ کے مقابل میں متوازی نظام عقیدہ امامت کے نام سے وضع کیا ہوا ہے۔

یہ مسلمہ حقیقت ہے کہ شیعان حیدر کرار آنحضرت صلعم کے بعد دعویٰ نبوت کرنے والے کو صرف کافر ہی نہیں کہتے بلکہ ایسے شخص کو واجب القتل سمجھتے ہیں چنانچہ امام علی رضاؑ ارشاد فرماتے ہیں

شریعه محمد الی یوم القیامه ولا نبی بعده الی یوم القیامه فمن ادعی بعده نبوة اواتی بعد القران بکتاب فدمه مباح لکل من سمع منه

محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شریعت قیامت تک باقی ہے اور ان کے بعد تا قیامت کوئی نبی نہیں آئے گا جو ان کے بعد نبوت کا دعوی کرے یا قرآن کے بعد کوئی کتاب کو الہامی طور پر پیش کرے تو ہر اس شخص کے لئے

محفوظ رکھے گا۔

اے علماء اہل قبلہ:۔

آپ ہی کا حق ہے کہ مسلمانوں کو صف بہ صف کریں' عقائد کی تصحیح کریں کیونکہ اسلام اس بات کی ہرگز اجازت نہیں دیتا کہ ہم دین کے حساب پر سیاست کی تجارت کریں اور قرون گذشتہ کی طرح ہمارے مابین تفرقہ پیدا ہو دین کا مقام و مرتبہ سیاست سے بلند و بلا تر ہے۔

سیاست دین کی طرف بلندی کی محتاج ہے' مگر دین سیاست کی طرف پستی اختیار کرنے کا محتاج نہیں ہے۔

وہ دن دور نہیں جس دن تمام اسلامی مذاہب خمسہ' جعفری' حنفی' مالکی شافعی اور حنبلی یک زبان ہوں گے' سب کی صفوں میں وحدت ہوگی' سب کے نظریاتی مقاصد یکساں ہوں گے' سب کے ضمیر پاکیزہ ہوں گے اور اللہ کا دین ہی غالب ہوگا۔

اللہ تعالیٰ امت مسلمہ کے دلوں سے پرانے زنگ صاف کر دے گا اور نفرت و بغض مٹ جائیں گے اور وہ دن قریب ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

(فخر اہل سنت) علامہ ڈاکٹر حامد حفنی داؤد
سابق پروفیسر جامعہ عین الشمس مصر
حال پروفیسر الجزائر یونیورسٹی الجزائر

تیسرا اعتراض :۔

شیعہ لفظی طور پر ختم نبوت کے قائل ہیں اور آنحضرتؐ کو خاتم النبین مانتے ہیں لیکن انہوں نے نبوت محمدیہ کے مقابل میں متوازی نظام عقیدہ امامت کے نام سے وضع کیا ہوا ہے۔

یہ مسلمہ حقیقت ہے کہ شیعان حیدر کرار آنحضرت صلعم کے بعد دعویٰ نبوت کرنے والے کو صرف کافر ہی نہیں کہتے بلکہ ایسے شخص کو واجب القتل سمجھتے ہیں چنانچہ امام علی رضاؑ ارشاد فرماتے ہیں

شریعه محمد الی یوم القیامه ولا نبی بعده الی یوم القیامه فمن ادعی بعده نبوة اواتی بعد القران بکتاب فدمه مباح لکل من سمع منه

محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شریعت قیامت تک باقی ہے اور ان کے بعد تا قیامت کوئی نبی نہیں آئے گا جو ان کے بعد نبوت کا دعوی کرے یا قرآن کے بعد کوئی کتاب کو الہامی طور پر پیش کرے تو ہر اس شخص کے لئے

ں کا خون حلال ہے جو اس سے سن لے۔

(تفسیر برہان جلد ۳ صفحہ ۱۰۱ طبع ایران)

حضرت امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں

ن اللہ ختم نبیکم النبیین فلا نبی بعدہ ابداً و ختم بکتابکم الکتب فلا کتاب بعدہ ابدا

اللہ تعالیٰ نے تمہارے نبی پر انبیاء کو ختم کر دیا اور ان کے بعد ہمیشہ کے لئے کوئی الہامی کتاب نہ ہوگی۔

(اصول کافی جلد ۱ صفحہ ۲۱۱ طبع ایران)

یعہ کسی امام کو نبی نہیں کہتے بلکہ اسے ختم نبوت کے منافی سمجھتے ہیں اور جو شخص کسی امام کو انبیاء میں سے سمجھے خود ائمہ اطہار نے ایسے شخص پر کفر اور قتل کا حکم لگایا ہے۔

(بحار سابع صفحہ ۲۶۴ طبع کمپانی)

ذا عقیدہ امامت کو کسی طرح بھی نبوت سے تعبیر نہیں کیا جاسکتا۔ اہل تشیع کا عقیدہ ہے کہ نبوت آنحضرتؐ پر وحی الٰہی کا سلسلہ بھی منقطع ہو چکا ہے۔

جہاں تک ائمہ اہل بیت کو انبیاء کرام سے زیادہ درجہ دینے کی بات ہے تو خود آپ کے اکابر علماء تو اس سے بھی بڑھ کر حضرت ابوبکر (جو کہ تمام اسلامی مسالک کے نزدیک غیر معصوم ہیں کیونکہ کوئی مسلک بھی صحابہ کی عصمت کا قائل نہیں) کو حضرت موسیٰ علیہ السلام اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام جیسے اولوالعزم انبیاء سے افضل و اعلیٰ قرار دیتے ہیں جیسا کہ سپاہ صحابہ کے ممدوح اور صحیح بخاری کے مترجم مرزا حیرت دہلوی نے لکھا ہے کہ

"ایک ابوبکر کل انبیاء کا خلاصہ موجود ہے نہ موسیٰ اس کی برابری کر سکتے ہیں نہ عیسیٰ' خداوند قدوس نے خود اس سے باتیں کیں اور مصیبت و تکلیف میں اس کی تسکین فرمائی' اور جب صحابہ کی طرف سے اصرار ہو تو چند باتوں پر قناعت کرنا' غرض دنیا نے یا تو آنکھ کھول کر محمد بن عبداللہ کو کامل اور عظیم الشان انسان دیکھا' یا ابوبکر کو' اگرچہ جلوہ فاروقی اپنی جگہ خوب چمکا اور اس نے بھی بنی اسرائیل کے انبیاء کی بہت سی روشنیوں کو ماند کر دیا"

(کتاب الشہادت صفحہ ۱۴' ۱۵' طبع مکتبہ جاء الحق کراچی)

اسی طرح علامہ شہاب الدین قسطلانی حضرت ابوبکر کو رسول اللہ ﷺ سے بھی پہلے معراج پر جانے کا اقرار دیتے ہوئے لکھتے ہیں کہ۔

"نبی کریمؐ نے فرمایا کہ جب میں شب معراج مقام " قاب قوسین" تک پہنچا تو مجھ کو وہاں وحشت محسوس ہوئی اس وقت میں نے ابوبکر کی آواز سنی کہ اے محمد ٹھہرا جاؤ آپ کے رب نماز پڑھ رہے ہیں۔

(مواھب اللدنیہ صفحہ ۲۲۱ طبع مصر)

مقام "قاب قوسین" جہاں آنحضرت ﷺ کے علاوہ کوئی فرشتہ مقرب اور نبی مرسل نہ پہنچ سکے وہاں حضرت

ابوبکر پہلے پہنچ گئے مگر اس کے باوجود عقیدہ ختم نبوت محفوظ رہا اور اس پر کوئی حرف نہ آیا لیکن شیعہ جب ائمہ اہل بیت کے مرتبہ و مقام کو بیان کریں تو یہ ختم نبوت کے منافی کیسے ہو سکتا ہے؟۔

☆☆☆☆☆

انجمن سپاہ صحابہ (A.S.S) کے سرپرست اعلیٰ ضیاء الرحمن فاروقی اپنی تصنیف "گستاخ صحابہ کی شرعی سزا" صفحہ ۱۱ پر امام کسائی کی کتاب "قصص الانبیاء" کے حوالے سے لکھتے ہیں کہ۔

"حضرت نوح علیہ السلام جب کشتی کا کچھ حصہ بناتے تو رات کو اسے زمین کا کیڑا کھا جاتا۔ حضرت نوح علیہ السلام نے اللہ کی جناب میں اس کا شکوہ کیا۔ اللہ نے فرمایا اس پر میری مخلوق کے اکابر کے نام لکھ دو۔ جناب نوحؑ نے عرض کیا وہ کون ہیں؟تو اللہ نے فرمایا وہ میرے نبی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ نے اصحاب ابوبکرؓ، عمرؓ، عثمانؓ اور علیؓ ہیں"۔

واضح رہے کہ اللہ تعالیٰ نے جدالانبیاء حضرت ابراہیم علیہ السلام کو یوں مخاطب کیا۔

وان من شیعتہ لابراھیم

"اور بے شک یقیناً نوح کے پیروکاروں میں سے ابراہیم بھی تھے"۔

(سورۃ الصفت آیت نمبر ۸۳)

گویا مقام اور مرتبہ میں حضرت نوح علیہ السلام حضرت ابراہیم علیہ السلام سے بھی برتر اور اعلیٰ تھے۔ اب منصف ملاحظہ فرمایئے کہ حضرت نوح علیہ السلام جیسا الوالعزم پیغمبر ایک مصیبت سے چھٹکارا حاصل کرنے کے لئے اللہ سے مدد طلب کرتا ہے اور جواب میں اللہ (اپنی عاجزی کا اظہار کرتے ہوئے) انہیں رسول اکرم ﷺ اور حضرت ابوبکر، حضرت عمر، حضرت عثمان اور حضرت علی کے نام لکھنے کا مشورہ دیتا ہے۔

بات اگر خاتم النبین محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تک محدود رہتی تو قابل فہم اور قابل قبول ہوتی کہ ان کا افضل الانبیاء ہونا ہر شک و شبہ سے بالا تر ہے۔ لیکن نوحؑ جیسے الوالعزم پیغمبر کو خلفائے راشدین کے تعویذ کا محتاج بنا دینا کیا انبیاء علیہم السلام کی توہین نہیں؟

چوتھا اعتراض

"شیعہ تقیہ کے قائل ہیں جس کے معنی جھوٹ بولنا اور دھوکہ دینا کے ہیں؟"

تقیہ کا معنی "جھوٹ" اور "دھوکہ" کرنا جہالت مرکبہ ہے اور قرآن و سنت سے ناواقفی پر مبنی ہے بلکہ

سے مراد یہ ہے کہ خوف کی وجہ سے اظہار کفر پر مجبور کیا جائے مگر اس کا دل ایمان سے مطمئن ہو۔ بالفاظ
تقیہ دراصل حفاظت خود اختیاری کو کہا جاتا ہے جس میں حفاظت جان' حفظ مال' حفظ آبرو اور حفظ ایمان
شامل ہیں اور شرعی نقطہ نظر سے یہ بات قطعی طور پر ثابت ہے کہ جب انسان کے لئے دو ضرر موجود ہوں
ن میں سے ایک کا برداشت کرنا ناگزیر ہو تو بڑے ضرر سے بچنے کے لئے تھوڑے ضرر کو برداشت کر لینا بہتر
نانچہ علامہ فخر الدین رازی بڑی صراحت سے لکھتے ہیں کہ۔

ند تعارض الضررين يجب تحتمل الاولٰى لدفع الاعلٰى فهذا هو الاصل المعتبر

دو ضرروں کا سامنا ہو تو بڑے ضرر سے تحفظ کی خاطر چھوٹے ضرر کا برداشت کرنا واجب ہے۔ یہ معتبر
ہے۔

(تفسیر کبیر جلد ۵ صفحہ ۷۵۰ - ۷۴۶ طبع استنبول)

ف اپنی اسی تفسیر جلد ۲ صفحہ ۶۴۶ طبع دار الطباعہ استنبول میں رقمطراز ہیں۔

عوف عن الحسن انه قال التقيه جائزة للمومنين الى يوم القيامة و هذا القول اولى لان
الضرر عن النفس واجب بقدر الامكان

تقیہ مومنین کے لئے قیامت تک جائز ہے اور یہ قول بہتر ہے۔ چونکہ نفس سے بقدر امکان ضرر کا دفع
واجب ہے۔ یہی روایت لباب التاویل جلد اول صفحہ ۲۸۳ مطبع التقدیم قاہرہ میں بھی موجود ہے۔

بعض جب راست گوئی سے عزت و آبرو یا جان عزیز ضائع ہوتی ہو یا ناقابل تلافی مالی نقصان ہوتا ہو تو
ی قدرت کا تقاضا یہ ہے کہ ان کے تحفظ کے لئے خلاف واقع بات کا اظہار نہ صرف جائز بلکہ بعض اوقات
ہو جاتا ہے۔ دین اسلام' دین فطرت ہونے کا علمبردار ہے جو انسانی اقدار کی بلندی کے پیش نظر جان بچانے
خاطر مردار اور خنزیر کے گوشت کو بقدر ضرورت کھانا جائز قرار دیتا ہے تاکہ انسانی جان بچ جائے۔ فمن
غير باغ ولا عاد فلا اثم عليه ان اللّٰه غفور رحيم جو ناچار ہو جائے (اور) حد سے بڑھ جانے
ہو تو اس پر (ان چیزوں میں سے کسی چیز کے کھا لینے کا) گناہ نہیں بے شک اللہ بخشنے والا اور مہربان ہے۔

(سورۃ بقرہ آیت ۱۷۳)

تقیہ کا جواز قرآن و سنت کی روشنی میں

یہ حقیقت ہر شک و شبہ سے بالا تر ہے کہ تقیہ کا جواز قرآن حکیم' احادیث سید المرسلینؐ میں ناقابل انکار
تصریحات سے ثابت ہے۔ انبیاء مرسلین' سلف صالحین اور دیگر جلیل القدر آئمہ دین کا بعض موارد میں

تقیہ کرنا مذکور ہے۔ ذیل میں چند آیات پیش کی جاتی ہیں۔

پہلی آیت۔ من کفر باللّٰہ من بعد ایمانہ الا من اکرہ و قلبہ مطمئن بالایمان ولکن من شرح بالکفر صدرا" فعلیھم غضب من اللّٰہ ولھم عذاب عظیم

جو شخص (کفر پر) مجبور کیا جائے مگر اس کا دل ایمان کی طرف مطمئن ہو (اس سے کچھ مواخذہ نہیں) لیکن جو شخص ایمان لائے اور کفر بھی کرے تو دل کھول کر تو ایسے لوگوں پر خدا کا غضب اور ان کے لئے بڑا (سخت) عذاب ہے۔

(سورۃ نحل آیت ۱۰۶)

مفسرین اسلام کا اتفاق ہے کہ یہ آیت جناب عمارؓ بن یاسر کے واقعہ کے متعلق نازل ہوئی ہے۔ چنانچہ لکھا ہے۔

اخذ المشرکون عمار بن الیاسر فلم یترکوہ حتی سب النبی صلی اللّٰہ علیہ و آلہ وسلم و ذکر الھتھم بخیر ثم ترکوہ فلما اتی رسول اللّٰہؐ قال ذکرت الھتم بخیر قال کیف تجد قلبک؟ قال مطمئن بالایمان قال ان عادوا فعد قنزلت الامن اکرہ و قلبہ مطمئن بالایمان

ایک بار مشرکین نے جناب عمار بن یاسر کو پکڑ لیا اور ان کو اپنے معبود ان باطل کی تعریف اور پیغمبرؐ اسلام پر سب و شتم کرنے پر مجبور کیا حتی کہ وہ ایسا کر گذرے۔ اس کے بعد جب وہ بارگاہ رسالت میں حاضر ہوئے تو تمام ماجرا بیان کیا۔ نبی اکرمؐ نے فرمایا اپنے دل کو کیسے پاتے ہو؟ عرض کیا وہ تو پوری طرح ایمان پر مطمئن ہے فرمایا اگر کفار دوبارہ یہی کلمات کہلوائیں تو کہہ دینا اس وقت یہ آیت نازل ہوئی الا من اکرہ و قلبہ مطمئن بالایمان

(تفسیر در منثور جلد ۴ صفحہ ۱۳۲ طبع المطبعۃ المیمنیہ قاھرہ)

بلکہ بعض کتب تفاسیر میں یوں لکھا ہے کہ

جب جناب عمارؓ کے ساتھ یہ واقعہ پیش آیا تو بارگاہ نبوی میں عرض کیا گیا۔ یا رسول اللّٰہ ان عمار اکفر فقال کلا ان عمار ملئی ایمانا من قرنہ الی قدمہ واختلط الایمان بالحمہ و دمہ فاتی عمار رسول اللّٰہ و ھو یبکی فجعل رسول اللّٰہؐ یمسح عینیہ و قال مالکؐ ان عادوا لک فعدلھم بما قلت

یا رسول اللہ ! عمار کافر ہو گیا ہے۔ آنحضرتؐ نے فرمایا۔ ایسا ہرگز نہیں ہو سکتا عمار تو سر سے پاؤں تک ایمان سے لبریز ہے اور اس کے گوشت و پوست میں ایمان مخلوط ہے بعد ازاں جناب عمارؓ روتے ہوئے بزم رسالت میں حاضر ہوئے۔ نبی اکرم ﷺ نے ان کے آنسو صاف کرتے ہوئے فرمایا تجھے کیا ہے؟ اگر کفار

ں کلمات دوبارہ کہلوانا چاہیں تو بے شک کہہ دینا"۔

یہ واقعہ لکھنے کے بعد قاضی بیضاوی اس طرح رقمطراز ہیں۔

ھو دلیل جواز التکلم بالکفر عند الاکراہ یعنی یہ آیت مبارکہ جبر و اکراہ کے وقت کلمہ کفر کہنے کے واز کی قطعی دلیل ہے۔

(تفسیر بیضاوی جلد ۱ صفحہ ۴۵۳ طبع نو لکشور لکھنؤ)

اس آیت کے ذیل میں علامہ ابو حسین فراء البغوی نے یہاں تک تحریر کیا ہے کہ واجمع العلماء علی ن من اکرہ علی کلمۃ الکفر یجوزلہ ان یقول بلسانہ

یعنی جبر و اکراہ کے وقت زبان سے کلمہ کفر کہنے کے جواز پر پوری امت مسلمہ کے علماء کا اجماع ہے"

(تفسیر معالم التنزیل جلد ۲ صفحہ ۲۱۴ طبع بمبئی)

علامہ رازی تفسیر کبیر جلد پنجم صفحہ ۵۲۴ مطبوعہ استنبول میں فرماتے ہیں۔

جمعوا علی انہ عند ذکر کلمۃ الکفر یجب علیہ ان یبری قلبہ من الرضاء بہ و ان یقتصر لی التعریضات مثل ان یقول ان محمدا کذاب و یعنی عندالکفار او یعنی بہ محمدا" آخر ذکر علی نیۃ الاستفہام بمعنی الانکار

اس پر اجماع قائم ہے کہ کلمہ کفر کہنے کے وقت اس پر واجب ہے کہ دل سے اس پر راضی نہ ہو اور یہ کہ تعریضات کہنے پر اکتفاء کرے مثلاً ایسا کہ (معاذ اللہ) محمد جھوٹا ہے اور مراد یہ ہو کہ کافروں کے نزدیک یا کوئی اور محمد نام دل میں ٹھان لے اور یا استفہام انکاری کے طور پر ایسا کہے"

علامہ خازن نے لباب التاویل جلد ۳ صفحہ ۱۳۶ مطبوعہ مصر میں اس آیت کی تفسیر میں ان روایتوں کو جو کتاب عمارؓ وغیرہ کے متعلق ہیں نقل کرنے کے بعد لکھا ہے۔

ن الایۃ عامۃ فی کل من اکرہ علی الکفر و قلبہ مطمئن بالایمان و ان کان السبب خاصا

یہ آیت عام ہے ہر اس شخص کے متعلق جو کفر بولنے یا قبول کرنے پر مجبور کر دیا جائے مگر اس کا دل ایمان کی طرف سے پورا پورا مطمئن ہو اگرچہ اس کا سبب کوئی خاص بات ہی ہو۔

دوسری آیت۔ ارشاد قدرت ہے۔

لا یتخذ المومنون الکافرین اولیآء من دون المومنین و من یفعل ذلک فلیس من اللّٰہ فی شی الا ان تتقوا منھم تقاۃ و یحذر کم اللّٰہ نفسہ و الی اللّٰہ المصیر

"مومنوں کو چاہئے کہ مومنین کو چھوڑ کر کافروں کو اپنا دوست نہ بنائیں اور جو ایسا کرے گا تو اس سے اللہ سے کچھ سروکار نہیں مگر (اس تدبیر سے) کسی طرح ان کی شرارت سے بچنا چاہو (تو خیر) اور اللہ تم کو اپنے (جلال) سے ڈراتا ہے اور (آخرکار) اللہ کی طرف جانا ہے"۔

(سورہ آل عمران آیت ۲۸)

علامہ جار اللہ زمخشری تفسیر کشاف جلد ۱ صفحہ ۱۹۷ مطبوعہ کلکتہ میں اس آیت کی تفسیر میں لکھتے ہیں۔

رخص لهم فی موالا تهم اذا خاف هم والمراد بتلك المولاة مخالفة و معاشرة ظاهرة و القلب مطمئن بالعداوة والبغضاء۔

ان مومنون کو اجازت دی ہے کہ دشمنان دین سے دوستی اور محبت کریں جبکہ ان سے ڈرتے ہوں اور اس موالات سے مراد مخالفت بھی ہے اور معاشرت ظاہری بھی اس حال میں کہ ان سے بغض اور عداوت پر دل مطمئن ہو۔

تفسیر بیضاوی جلد ۱ صفحہ ۱۳۴ مطبوعہ نو لکشور میں مندرجہ بالا آیت کے ذیل میں یوں تحریر ہے۔

و قراء یعقوب تقیة منع عن موالتهم ظاهرا و باطنا فی الاوقات کلها الاوقت المخافة فان اظهار الموالاة حنیئذ جائز۔

یعقوب قاری نے تقاۃ کو تقیہ پڑھا ہے اللہ تعالیٰ نے اس آیت مبارکہ میں اہل ایمان کو کفار کے ساتھ ہر قسم کی ظاہری و باطنی دوستی کرنے سے سوائے حالت خوف کے باقی تمام اوقات و حالات میں ممانعت فرمائی ہے البتہ بوقت خوف ان سے دوستی ظاہر کرنا جائز ہے۔

ان التقیة انما تجوز اذا کان الرجل فی قوم کفار و یخاف منهم علی نفسه و ماله فید اریهم باللسان و ذلك بان لا یظهر العداوة باللسان بل یجوز ایضا" ان یظهر الکلام الموهم للحبة و الموالاة و لکن بشرط ان یضمر خلافه و ان یعرض فی کل ما یقول فان التقیة تاثیر ها فی الظاهره فی احوال القلوب۔

بے شک تقیہ کرنا جائز ہے جبکہ کوئی مومن کافروں کے درمیان پھنس جائے اور اپنے جان اور مال کا خوف ان سے رکھتا ہو ان کی دشمنی کو زبان سے ظاہر نہ کرے بلکہ ایسی حالت میں کافروں کے ساتھ تقیہ سے بات چیت کرے جس سے محبت کی بو آتی ہو بشرطیکہ ضمیر اور دل میں ان کی مخالفت ہو اور جو بات کہے اس سے اعراض کرتا جائے کیونکہ تقیہ کا اثر ظاہر میں ہوتا ہے نہ دلوں کے اندر۔ (تفسیر کبیر جلد ۲ صفحہ ۶۴۶ طبع استنبول)

سری آیت

راوند عالم نے ارشاد فرمایا۔

قال رجل مومن من آل فرعون یکتم ایمانه اتقتلون رجلا ان یقول ربی اللّٰه

عون کے لوگوں میں سے ایک شخص جو ایماندار تھا اور اپنے ایمان کو چھپاتا تھا بولا کیا تم صرف اتنی بات پر کہ وہ تا ہے کہ میرا پروردگار اللہ ہے اس کو قتل کرنا چاہتے ہو۔

(سورہ المومن آیت ۲۸)

اور ظاہر ہے کہ وہ شخص اپنے ایمان کو اسی وجہ سے چھپاتا تھا کہ فرعون کو معلوم ہو جائے گا تو اس کو قتل دے گا غرضیکہ اپنی جان کی حفاظت کے لئے اور فرعون کے قتل کے ڈر ہی سے وہ شخص اپنا ایمان پوشیدہ رکھتا اور یہی تقیہ ہے۔

اس آیت میں مومن آل فرعون کے اخفا ایمان کا ذکر کیا ہے جن کا شمار صدیقین میں تھا جیسا کہ علامہ فخر ین الرازی نے تحریر کیا ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا ہے الصدیقون ثلاثة حبیب النجار و ومن آل فرعون حیث قال اتقتلون رجلا ان یقول ربی اللّٰه والثالث علی ابن ابی طالب و وافضلهم

ی صدیق تو بس تین ہی شخص ہیں ایک حبیب نجار - دوسرے آل فرعون کا مومن جس نے فرعون سے کہا تھا کیا تم لوگ ایسے شخص کو قتل کرتے ہو جو کہتا ہے کہ میرا پروردگار اللہ ہے۔ تیسرے علی بن ابی طالب اور یہ ں میں افضل ہیں۔

(تفسیر کبیر جلد ۷ صفحہ ۳۱۷ طبع استنبول)

تاریخ اسلام کا سرسری مطالعہ کرنے سے پیغمبر اسلامؐ کے قول اور ان کے عمل و فعل سے تقیہ کا جواز ثابت تا ہے چنانچہ عبداللہ بن مسعود سے روایت ہے۔

ما زال النبی صلی اللّٰه علیه وسلم مستخفیا سنین لا یظهر شیئا مما انزل اللّٰه علیه حتی زلت فاصدع بما تومر

کئی برس (۳ سال) تک نبی اکرم ﷺ نے اپنے امر نبوت کو پوشیدہ رکھا جو کچھ خدا ان پر نازل کرتا ا اسے ظاہر نہیں کرتے تھے یہاں تک کہ آیت مبارکہ فاصدع بما تومر نازل ہوئی۔

(۱) تفسیر کبیر جلد ۵ صفحہ ۴۱۹ طبع دارالطباعہ استنبول

(۲) تفسیر معالم التنزیل جلد ۲ صفحہ ۲۰۰ طبع بمبئی

تیسری آیت

خداوند عالم نے ارشاد فرمایا۔

و قال رجل مومن من آل فرعون یکتم ایمانه اتقتلون رجلا ان یقول ربی اللّٰه

فرعون کے لوگوں میں سے ایک شخص جو ایماندار تھا اور اپنے ایمان کو چھپاتا تھا بولا کیا تم صرف اتنی بات پر کہ وہ کہتا ہے کہ میرا پروردگار اللہ ہے اس کو قتل کرنا چاہتے ہو۔

(سورہ المومن آیت ۲۸)

اور ظاہر ہے کہ وہ شخص اپنے ایمان کو اسی وجہ سے چھپاتا تھا کہ فرعون کو معلوم ہو جائے گا تو اس کو قتل کردے گا غرضیکہ اپنی جان کی حفاظت کے لئے اور فرعون کے قتل کے ڈر ہی سے وہ شخص اپنا ایمان پوشیدہ رکھتا تھا اور یہی تقیہ ہے۔

اس آیت میں مومن آل فرعون کے اخفا ایمان کا ذکر کیا ہے جن کا شمار صدیقین میں تھا جیسا کہ علامہ فخر الدین الرازی نے تحریر کیا ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے الصدیقون ثلاثة حبیب النجار و مومن آل فرعون حیث قال اتقتلون رجلا ان یقول ربی اللّٰه والثالث علی ابن ابی طالب و هو افضلهم

یعنی صدیق تو بس تین ہی شخص ہیں ایک حبیب نجار - دوسرے آل فرعون کا مومن جس نے فرعون سے کہا تھا کہ کیا تم لوگ ایسے شخص کو قتل کرتے ہو جو کہتا ہے کہ میرا پروردگار اللہ ہے۔ تیسرے علی بن ابی طالب اور یہ تینوں میں افضل ہیں۔

(تفسیر کبیر جلد ۷ صفحہ ۳۱۷ طبع استنبول)

تاریخ اسلام کا سرسری مطالعہ کرنے سے پیغمبر اسلامؐ کے قول اور ان کے عمل و فعل سے تقیہ کا جواز ثابت ہوتا ہے چنانچہ عبداللہ بن مسعود سے روایت ہے۔

صلی النبی صلی اللّٰه علیه وسلم مستخفیا سنین لا یظهر شیئا مما انزل اللّٰه علیه حتی نزلت فاصدع بما تومر

نبی ۷ برس (۳ سال) تک نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے امر نبوت کو پوشیدہ رکھا جو کچھ خدا ان پر نازل کرتا تھا اسے ظاہر نہیں کرتے تھے یہاں تک کہ آیت مبارکہ فاصدع بما تومر نازل ہوئی۔

(۱) تفسیر کبیر جلد ۵ صفحہ ۴۱۹ طبع دار الطباعہ استنبول

(۲) تفسیر معالم التنزیل جلد ۲ صفحہ ۲۰۰ طبع بمبئی

(۳) تفسیر در منثور جلد ۴ صفحہ ۱۰۶، ۱۰۷ طبع میمنیہ قاہرہ

حضرت رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے صحابی جناب ابوذرؓ کو کتمان دین کا حکم صادر فرمایا تھا۔ چنانچہ صحیح بخاری جلد ۲ صفحہ ۱۶۶ مطبوعہ مصر میں موجود ہے کہ جب جناب ابوذرؓ اوائل اسلام میں اسلام لائے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان سے ارشاد فرمایا۔

یا ابا ذرؓ اکتم ھذا الامر وارجع الی بلدک فاذا بلغک ظھورنا ... فاقبل الخ

اے ابو ذرؓ ابھی اس امر اسلام کو چھپائے رکھو اور اپنے شہر پلٹ جاؤ ہاں جب ہمارے غلبہ و ظہور کی اطلاع ملے تو ہمارے پاس چلے آنا۔

انہی حالات کے مد نظر آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جناب معاذؓ کو اظہار حدیث سے منع فرمایا جیسا کہ خود حضرت معاذ سے منقول ہے کہ نبی اکرمؐ نے فرمایا۔

ما من احد یشھد ان لا الہ الا اللّٰہ و ان محمدا رسول اللّٰہ صدقا من قلبہ الا حرمہ اللّٰہ علی النار قال فان اخبرت بہ الناس فیستبشرون قال اذا یتکلون و اخبر بھا معاذ عند موتہ تاثما

"کہ جو شخص صدق دل سے کلمہ شہادتین پڑھ لے تو خدا اس کے جسم کو آتش جہنم پر حرام قرار دے دیتا ہے۔ معاذؓ بیان کرتے ہیں میں نے عرض کیا یا رسول اللہ آیا میں لوگوں کو یہ حدیث سنا دوں تاکہ وہ خوش ہو جائیں؟ آنحضرتؐ نے فرمایا وہ اسی پر بھروسہ کر لیں گے۔ جناب معاذؓ نے اپنی موت کے وقت محض اس خیال کے پیش نظر کہ کتمان حدیث کر کے گنہگار نہ ہوں۔ یہ حدیث بیان کی"

آج وہی لوگ جو تقیہ کو جھوٹ کا نام دے کر اہل حق پر زبان درازی کرتے ہیں ان کے اپنے مذہب میں ضرورت کے وقت جھوٹ بولنا نہ صرف جائز بلکہ واجب ہے۔ چنانچہ امام نووی لکھتے ہیں۔

قد اتفق الفقہاء علی انہ لو جاء ظالم یطلب انسانا مختفیا لیقتلہ او یطلب ودیعۃ لانسان لیاخذھا غصبا و سئل عن ذلک و جب علی من علم ذلک اخفائہ و انکارہ العلم بہ و ھنا کذب جائز بل واجب لکونہ فی دفع الظلم .... الخ

تمام فقہاء کا اس بات پر اتفاق ہے کہ اگر کوئی ظالم کسی چھپے ہوئے آدمی کو قتل کرنے آئے یا کسی کے پاس محفوظ امامت کو غصب کرنا چاہے اور آ کر دریافت کرے تو جن لوگوں کو اس کا علم ہے ان پر اس کا پوشیدہ رکھنا اور اپنے علم کا انکار کرنا واجب ہے اور یہ جھوٹ نہ صرف جائز بلکہ واجب ہے کیونکہ یہ ایک مظلوم کو ظالم کے پنجہ ظلم سے بچانے کے لئے ہے۔ شرح مسلم نووی۔ ج ۲۔ ص۔ ۱۰۶۔۲۶۶۔ طبع۔ لکھنؤ

انہی حقائق کی بناء پر بعض انصاف پسند علماء اہل سنت نے واشگاف الفاظ میں تقیہ کے جواز کا اعتراف کر لیا ہے۔

چنانچہ علامہ فاضل عقیلی لکھتے ہیں۔

قلت اتفق اصحابنا علی جواز الکذب عند الضرورۃ بل و للمصلحۃ و ھو عین التقیۃ لکن ان عبرت بلفظ التقیۃ منعہ کثیر منھم لکونہ من تعبیرات الشیعۃ فالخلاف فیما یظھر لفظی واللہ اعلم

میں کہتا ہوں ہمارے علماء (اہل سنت) کا اس بات پر اتفاق ہے کہ ضرورت بلکہ مصلحت کے وقت جھوٹ بولنا جائز ہے اور یہ بعینہ تقیہ ہی ہے البتہ اگر اس بات کو لفظ "تقیہ" سے تعبیر کیا جائے تو بہت سے علماء نے اس کی ممانعت کی ہے کیونکہ یہ تعبیر اہل تشیع کی ہے بنابریں یہ (شیعہ سنی اختلاف) صرف لفظی اختلاف ہے"

النصائح الکافیہ۔ص۔۱۰۹۔ طبع۔بمبئی

شیخ احمد فہمی مصری حاشیہ الملل والنحل جلد اول صفحہ ۱۹۵ طبع قاہرہ میں رقمطراز ہیں

التقیۃ جائزۃ فی الدین عند الخوف علی النفس و قال الطبری قال اصحابنا انھا جائزۃ فی الاحوال کلھا عند الضرورۃ و ربما و جبت فیھا بصرب من الطلیف والاستصلاح و ظاھر النصوص تدل علی انھا واجبۃ

"تقیہ دین میں خوف نفس کے وقت واجب ہے اور طبری نے کہا ہے کہ ہمارے اصحاب کہتے ہیں کہ تقیہ ضرورت کے وقت تمام حالات میں جائز ہے بلکہ بعض حالات میں از روئے لطف و صلاح واجب ہو جاتا ہے اور ظاہر نصوص روایات وجوب پر دلالت کرتی ہیں"۔

پانچواں اعتراض

"متعہ ایک خلاف شرعی فعل ہے"

کہتے ہیں کہ اس اعتراض کی حقیقت کیا ہے؟ دراصل یہ اعتراض اس بات سے عدم آگاہی کی بدولت کیا جاتا ہے کہ اسلام میں نکاح دو قسمیں ہیں۔ (۱) نکاح دائمی (۲) نکاح منقطع جو نکاح متعہ کے نام سے موسوم ہے۔ تمام شرائط اور احکام جو نکاح دائمی کیلئے ضروری ہیں وہ سب نکاح متعہ میں بھی ضروری ہیں۔ فرق صرف یہ ہے کہ اس میں مرد و عورت کی باہمی رضامندی سے مدت

معین کی جاتی ہے اگر مدت نہ ہوگی تو وہ نکاح دائمی متصور ہوگا اور یہ نکاح متعہ قرآن حکیم' حدیث رسول ؐ کے علاوہ عمل صحابہ کرام ؓ سے بھی ثابت ہے پہلے قرآن حکیم سے اس کا اثبات پیش کیا جاتا ہے ارشاد باری ہے۔

فما استمتعتم به منهن فاتوهن اجورهن فريضه ولا جناح عليكم فيما تراضيتم به من بعد الفريضه ان الله كان عليما حكيما

"جن عورتوں سے تم متعہ کرلو تو انہیں جو مہر معین کیا ہے دے دو اور مہر کے مقرر ہونے کے بعد اگر آپس میں (کم و بیش پر) راضی ہو جاؤ تو اس میں کچھ گناہ نہیں ہے بیشک اللہ تعالیٰ (ہر چیز سے) واقف اور مصلحتوں کا جاننے والا ہے"

(سورۃ النساء آیت ۲۴)

مفسرین اہل سنت نے تسلیم کیا ہے کہ یہ آیت تصریحاً جواز متعہ پر دلالت کرتی ہے جیسا کہ علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی بھی اس آیت کے ذیل میں فرماتے ہیں۔

المراد بالاستمتاع عقد المتعته وهي عقد يراد بها ملك البضعته الى مدة معينته بمهر معين بانت المواة بعد انقضاء تلك المدة بالاطلاق

"مراد اس استمتاع سے نکاح متعہ ہے اور یہ ایسا نکاح ہے کہ جس کے سبب انسان زن ممتوعہ کی شرمگاہ کا ایک مدت معینہ تک مہر معین کے معاوضہ میں مالک ہو جاتا ہے اور وہ عورت مدت (معینہ) پوری ہو جانے پر بغیر طلاق کے خود بخود بائنہ ہو جاتی ہے"

(تفسیر مظہری ج ۲ صفحہ ۷ ۴ طبع دہلی)

علامہ بیضاوی بھی اسی طرح تحریر کرتے ہیں کہ

نزلت الايت فى المتعته "کہ یہ آیت متعہ کے بارے میں نازل ہوئی ہے"۔

(تفسیر بیضاوی ج ۱ صفحہ ۱۸۲۔ طبع مصر)

حلت نکاح متعہ پر احادیث رسول صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم

اس بارے میں نبی اکرم ؐ سے بکثرت احادیث موجود ہیں چنانچہ جابر بن عبداللہ اور سلمہ بن اکوع دونوں صحابیوں کا بیان ہے کہ

☆۔ **كنا فى جيش فاتانا رسول الله صلى الله عليه وسلم انه قد اذن لكم ان تستمتعوا فاستمتعوا**

"ہم ایک لشکر میں جنگ کے محاذ پر تھے کہ حضور اکرم ؐ کا فرستادہ شخص ہمارے پاس آیا اور اس نے کہا کہ تمہیں اجازت دی گئی ہے کہ تم متعہ کرو پس تم متعہ کر سکتے ہو"

(صحیح البخاری ج ۲ صفحہ ۷۲۷ طبع دہلی)

☆ **قال عبدالله كنا نغزو مع رسول الله صلى الله عليه وسلم وليس لنا شئى فقلنا الا نستخصى فنهانا عن ذلك ثم رخص لنا ان ننكح المراة بالثوب**

"عبداللہ بن مسعود سے روایت ہے کہ ہم جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ جنگوں پر جایا کرتے تھے اور ہمارے لئے کوئی سامان نہ ہوتا تھا تو ہم نے کہا کہ ہم اپنے اعضائے شہوانی کو قطع نہ کرا دیں تو آنحضرت ؐ نے ہم کو اس کی ممانعت فرمائی پھر ہم کو اجازت دی کہ عورت سے کچھ لباس وغیرہ کے عوض متعہ کر لیا کریں"

(صحیح البخاری ج ۲ صفحہ ۷۵۹ طبع دہلی)

یہی حدیث جمع الفوائد للشیخ محمد سوسی مغربی مالکی نزیل حرمین ج ۱ صفحہ ۲۲۲ مطبع میرٹھ' مسند امام ابی عبداللہ محمد بن ادریس شافعی ص ۱۳۵ مطبوعہ مصر' کنز العمال علی متقی الہندی ج ۸ صفحہ ۲۹۵ مطبوعہ حیدر آباد میں بھی موجود ہے۔ علاوہ ازیں صحیح مسلم ج ۱ صفحہ ۴۵۰

مطبوعہ حیدر آباد دکن میں چھ عدد احادیث، سلمہ بن اکوعؓ سبرہ جہنیؓ اور سبرہ بن معبدؓ سے موجود ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نکاح متعہ کا حکم صادر فرمایا بلکہ امام احمد بن حنبل نے تو اس طرح لکھا ہے کہ

ابن عباس کہتے ہیں کہ نبی اکرمؐ نے خود متعہ کیا تھا

(مسند الامام احمد ج ۱ صفحہ ۳۳۷ طبع مصر)

نکاح متعہ اور صحابہؓ وتابعین کا عمل

تاریخ اسلام پر سرسری نظر ڈالی جائے تو یہ حقیقت واضح ہو جاتی ہے کہ نکاح متعہ نبی اکرمؐ کی زندگی میں اور بعد میں بھی صحابہ کرامؓ تابعین اور دیگر فقہاء کرتے رہے ہیں چنانچہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی عثمانی رقم طراز ہیں۔

وروی تحلیلها عن جماعته من الصحابته

اس (نکاح متعہ) کا حلال ہونا صحابہ کی ایک بڑی جماعت سے مروی ہے۔ عبداللہ بن عباسؓ جابر بن عبداللہؓ سلمہ بن اکوعؓ عبداللہ بن مسعودؓ معاویہ بن ابی سفیانؓ سلمہ بن امیہؓ سعید بن امیہؓ ان صحابہ کے بیانات نقل کرنے کے بعد تحریر فرماتے ہیں

قال الحافظ انه روی بها من التابعین ابن جریج و طاؤس و عطاء و اصحاب ابن عباس و سعید بن جبیر و فقهاء مکته

"حافظ ابن حجر عسقلانی نے کہا کہ متعہ کے حلال ہونے پر فتویٰ تابعین میں سے ابن جریجؒ طاؤسؒ عطاءؒ ابن عباسؓ کے شاگردوں اور سعید بن جبیرؒ اور فقہائے مکہ معظمہ نے بھی دیا ہے۔

(تفسیر مظہری ج ۲ صفحہ ۷۵-۷۴ طبع دہلی)

بعض صحابہ کرامؓ ہمیشہ نکاح متعہ کے جواز کے قائل رہے جیسے جابر بن عبداللہؓ عبداللہ بن مسعودؓ ابو سعیدؓ معاویہؓ اسماء بنتؓ عبداللہ بن عباسؓ عمرو بن حویرثؓ اور سلمہ بن اکوع اور ایک جماعت تابعین میں سے بھی جواز کی قائل ہوئی ہے ملاحظہ

(موطا امام مالک مترجم ج ۲ صفحہ ۳۴ طبع کراچی)

واختلف اصحاب ابن عباس من اهل مکه والیمن علی اباحتها قال (ابن حزم) و من التابعین طاؤس و سعید بن جبیر و عطاء و سائر فقهاء مکه

ابن حجر نے کہا ہے کہ ابن عباس کے تمام اصحاب جو اہل مکہ ویمن سے تھے جواز متعہ کے قائل تھے ابن حزم نے کہا کہ تابعین میں سے طاؤس اور سعید بن جبیر اور عطاء اور تمام فقہائے مکہ اس کو جائز سمجھتے تھے"

(فتح الباری ج ۹ صفحہ ۱۳۸ طبع بولاق مصر)

نیل الاوطار شوکانی جلد چہارم صفحہ ۴۴ میں بھی مندرجہ بالا کے علاوہ ابن جریج فقیہ مکہ کا اسم گرامی بھی درج ہے۔

حضرت اسماء بنت ابی بکرؓ کا متعہ

اگر نکاح متعہ شریعت کی رو سے جائز نہ ہوتا تو صحابہ کرامؓ کی اتنی بڑی جماعت اور حضرت ابوبکرؓ کی صاحبزادی اسماء اس فعل کا

حضرت اسماء بنت ابی بکرؓ فرماتی ہیں

عن اسماء بنت ابی بکرؓ قالت فعلناها علی عهد رسول الله صلی الله علیه وسلم

"ہم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں خود میں نے متعہ کیا ہے" (تفسیر مظہری ج ۲ صفحہ ۷۴ طبع دہلی)

(مسند ابوداؤد الطیالسی ج ۱ صفحہ ۳۰۹ طبع حیدر آباد دکن)

عبداللہ بن زبیر کے ساتھ نکاح متعہ کے موضوع پر ابن عباسؓ کی گفتگو مشہور ہے کہ ایک دفعہ عبداللہ بن عباس کو حضرت عروہ بن زبیر نے سرزنش کے انداز میں کہا کہ

افاتتقی اللہ تو رخص فی المتعہ

"اے عبداللہ بن عباس تجھے خدا کا خوف نہیں کہ متعہ کے جواز کا فتویٰ دیتے ہو"

تو اس کا جواب حضرت عبداللہ بن عباسؓ نے عروہ کو یوں دیا

سل امک یا عروۃ

"اے عروہ متعہ کی رخصت کا یہ مسئلہ میری بجائے اپنی ماں سے جاکر پوچھ"

(زاد المعاد ابن قیم ج ۱ صفحہ ۲۱۹ طبع مصر)

ابن عباسؓ فرماتے ہیں۔

ما کانت المتعہ الا رحمہ رحم اللہ بھا ھذہ الامہ ولو لا نھی عمر بن الخطاب عنھا ما زنا الا شقی

نکاح متعہ خدا کی رحمت ہے جو اللہ تعالیٰ نے اس امت پر رحمت کیا ہے اور اگر عمر بن خطاب متعہ سے ممانعت نہ کرتے تو سوائے بدبخت کے کوئی بھی زنا نہ کرتا۔

(شرح معانی الآثار ج ۲ صفحہ ۲۱ طبع مصطفائی لاہور)

مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودی کی وضاحت

"متعہ کو مطلقاً حرام قرار دینے یا مطلقاً مباح ٹھہرانے میں سنیوں اور شیعوں کے درمیان جو اختلاف پایا جاتا ہے اس میں بحث اور مناظرے نے بے جا شدت پیدا کر دی ہے ورنہ امر حق معلوم کرنا کچھ مشکل نہیں ہے۔ انسان کو بسا اوقات ایسے حالات سے سابقہ پیش آتا ہے جس میں نکاح ممکن نہیں ہوتا اور وہ زنا یا متعہ میں سے کسی ایک کو اختیار کرنے پر مجبور ہوتا ہے۔ ایسے حالات میں زنا کی بہ نسبت متعہ کر لینا بہتر ہے۔ مثلاً فرض کیجئے کہ ایک جہاز سمندر میں ٹوٹ جاتا ہے اور ایک مرد و عورت کسی تختے پر بہتے ہوئے ایک ایسے سنسان جزیرہ میں جا پہنچتے ہیں جہاں کوئی آبادی نہ ہو وہ ایک ساتھ رہنے پر بھی مجبور ہیں اور شرعی شرائط کے مطابق ان کے درمیان نکاح بھی ممکن نہیں ہے ایسی حالت میں ان کیلئے اس کے سوا چارہ نہیں کہ باہم خود ہی ایجاب و قبول کر کے اس وقت تک کیلئے عارضی نکاح کر لیں جب تک وہ آبادی میں پہنچ جائیں یا آبادی ان تک پہنچ جائے کم و بیش ایسی ہی اضطراری صورتیں اور بھی ہو سکتی ہیں متعہ اسی قسم کی اضطراری حالتوں کیلئے ہے"

(ترجمہ القرآن اگست ۱۹۵۴ء جلد ۴)

ثابت ہوا کہ شرعی نقطہ نظر سے متعہ ایک نکاح ہے جس کی شارع علیہ السلام نے زنا سے بچنے کیلئے اجازت مرحمت فرمائی ہے۔

چند اشتباہات اور ان کا ازالہ

اس امر میں کوئی شک نہیں کہ صحابہ کرامؓ و امہات المومنینؓ لائق تعظیم ہیں اور ہر مسلمان دین اسلام اور رسول پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے جانثار صحابہ کرامؓ کی عزت و تکریم کا قائل ہے لیکن اس کے باوجود بعض حلقوں کی جانب سے گستاخ صحابہ، منکرین خلافت شیخین اور توہین امہات المومنین جیسے اختلافی مسائل پر سزائے موت اور تکفیر کا مطالبہ ایک ایسا فعل ہے کہ جس کا کوئی شرعی جواز موجود نہیں۔ سپاہ صحابہ کی طرف سے قومی اسمبلی میں پیش کئے جانے والے "ناموس صحابہ بل" (جسے بعدازاں ناموس صحابہ و اہل بیت بل کے نام سے موسوم کیا گیا تھا) اور حال ہی میں پیش کی جانے والی "تاریخی دستاویز" میں متذکرہ بالا وجوہ کی بناء پر سزائے موت اور کافر قرار دینے کے مطالبات پیش کئے گئے ہیں۔ ذیل میں ہم کتب احادیث، صحاح ستہ اور دیوبند کے اکابر علماء اور ان کی مستند تصانیف کے اقتباسات دے رہے ہیں جن سے ثابت ہوتا ہے کہ قرآن و حدیث، صحابہ کرامؓ، آئمہ اربعہ اور سپاہ صحابہ کے اکابرین کبھی بھی ان مطالبات کے قائل نہیں رہے اور یہ مطالبات، اشتباہات سے زیادہ حیثیت نہیں رکھتے۔ اگرچہ خود یہ بات بھی محل بحث ہے کہ آیا اہل تشیع متذکرہ بالا امور کے قائل بھی ہیں؟ یا نہیں۔ لیکن ہم یہاں اسے زیر بحث نہیں لانا چاہتے اور ان اشتباہات کی شرعی حیثیت کے جائزے تک ہی خود کو محدود رکھنا چاہتے ہیں تاکہ یہ امر واضح ہوجائے کہ آیا فقہی اور شرعی نقطہ نظر سے (اگر کوئی ان امور کا مرتکب ہو تب بھی) اس کے لئے سزائے موت یا تکفیر کا مطالبہ کیا جا سکتا ہے؟

پہلا شبہ

"توہین صحابہ و امہات المومنین کی سزا موت یا عمر قید یا ۸۰ کوڑے ہیں؟ یا تعزیر؟

قرآن پاک میں توہین صحابی پر سزائے موت کا قطعاً" کوئی حکم نہیں پایا جاتا۔ اور نہ ہی سنت پیغمبرؐ میں ایسا کوئی تصور موجود ہے۔ صحاح ستہ کے علاوہ بھی کسی حدیث یا سیرت و تاریخ کی کتب سے ایسی کوئی صحیح السند اور صریح الدلالت حدیث میں یہ ہرگز موجود نہیں ہے کہ آنحضرت ﷺ نے توہین صحابہ کا ارتکاب کرنے والے کے لئے سزائے موت قرار دی ہو یا توہین صحابہ کے مرتکب کسی شخص کے قتل کا حکم جاری فرمایا ہو۔ یا اسے

کوئی اور سزا دی ہو لہٰذا کسی غیر معصوم کے اقدامات پر رائے زنی کرنے والے کے لئے سزا موت قرار دینا کتاب و سنت کے سراسر خلاف ہے۔ حالانکہ ایسے کئی ایک مواقع آئے کہ جب خود رسول اکرم ﷺ کے روبرو صحابہ کرام کی توہین کی گئی۔ لیکن ایسا قانون نہ ہی رسول اللہ ﷺ نے اپنے دور حکومت میں بنایا اور نہ ہی بعد والے حکمرانوں نے۔ اس سلسلہ میں کئی ناقابل انکار تاریخی واقعات موجود ہیں۔ مثلاً

انس ابن مالک سے روایت ہے کہ

قیل للنبی صلی اللّٰہ علیہ وسلم لو اتیت عبداللّٰہ بن ابی فانطلق الیہ النبی صلی اللّٰہ علیہ وسلم و رکب حمارا فانطلق المسلمون یمشون معہ وھی ارض سبخۃ فلما اتاہ النبی صلی اللّٰہ علیہ وسلم قال الیلٔ عنی واللّٰہ لقد اذانین تن حمارک فقال رجل من الانصار منھم واللّٰہ لحمار رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم اطیب ریحا" منلٔ فغضب لعبد اللّٰہ رجل من قومہ فشتما فغضب لکل واحد منھما اصحابہ فکان بینھما ضرب بالجرید والایدی والنعال

"آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو کہا گیا کہ وہ عبداللہ ابن ابی کے پاس تشریف لے جائیں پس حضور گدھے پر سوار ہو کر صحابہ کے ساتھ اس کے پاس پہنچے تو اس منافق نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کہا کہ مجھ سے دور ہو جایئے بخدا آپ کے گدھے کی بدبو نے مجھے اذیت دی ہے۔ ایک انصاری صحابی نے اس کو کہا حضورؐ کے گدھے کی خوشبو تجھ سے زیادہ پاکیزہ ہے اس پر ایک صحابی نے ہم قوم ہونے کی بناء پر عبداللہ ابن ابی کی حمایت میں غصہ دکھایا اس سے ان کی آپس میں لڑائی ہو گئی اور چھڑیوں، تھپڑوں اور جوتیوں سے ایک دوسرے کو مارا پیٹا گیا تو حضور نے ان کے درمیان صلح کرا دی"۔

(صحیح بخاری جلد ۱ صفحہ ۷۱، صفحہ ۳۷۰ طبع دہلی)

مزید حوالہ جات

(۱) صحیح مسلم جلد ۲ صفحہ ۱۱۰ طبع دہلی، (۲) تفسیر در منثور جلد ۶ صفحہ ۹۰ طبع بیروت، (۳) اسباب النزول صفحہ ۲۶۳ طبع دار نشر لاہور، (۴) لباب النقول صفحہ ۹۷ مطبعہ المشہد الحسینی قاہرہ، (۵) تفسیر القرطبی جلد ۱۶ صفحہ ۲۰۷ طبع قاہرہ، (۶) بیان القرآن جلد ۱۱ صفحہ ۴۴ مطبع اشرف المطابع تھانہ بھون، (۷) التعلیق المجد علی موطا محمد صفحہ ۴۰۷ طبع مکتبہ رحیمیہ دیوبند، (۸) الروضۃ الندیہ جلد ۲ صفحہ ۳۵۸ طبع دار المعرفہ بیروت۔

☆ ☆ ☆

امام احمد بن حنبل نے حضرت ابوہریرہ سے روایت کی ہے کہ

ان رجلا شتم ابابکر والنبی صلی اللّٰہ علیہ وسلم جالس فجعل النبی صلی اللّٰہ علیہ وسلم یعجب و یتبسم فلما اکثر ردعلیہ بعض قولہ فغضب النبی صلی اللّٰہ علیہ وسلم و قام ملحقہ

ابوبکر فقال یا رسول اللّٰہ کان یشتمنی و انت جالس فلما رددت علیه بعض قوله غضبت و قمت قال انه کان معک ملک یردعنک فلما رددت علیه بعض قوله وقع الشیطان فلم اکن لا قعد مع الشیطان

"ایک شخص حضرت ابوبکر کو گالیاں دیتا رہا اور آنحضرت ﷺ بیٹھ کر خوش ہوتے رہے اور مسکراتے رہے۔ جب اس شخص کی زبان درازی بڑھ گئی تو حضرت ابوبکر نے اس کی رد کر دی۔ اس پر آنحضرتؐ اٹھ کھڑے ہوئے اور چل دیئے۔ حضرت ابوبکر صدیق نے کہا حضورؐ جب تک وہ مجھے گالیاں دیتا رہا آپ بیٹھے رہے اور جب میں نے اس کی رد کی تو آپ ناراض ہو گئے؟ حضورؐ نے فرمایا۔ اے ابوبکر جب وہ تمہیں گالیاں دے رہا تھا تو ایک فرشتہ تمہاری طرف سے اس کی رد کر رہا تھا اور جب تو نے خود رد کر دی تو شیطان آگیا میں شیطان کے ساتھ نہیں بیٹھ سکتا"۔

(مسند امام احمد جلد ۲ صفحہ ۴۳۶ طبع المیمنیہ مصر)

اور اسی طرح مندرجہ بالا روایت مشکوٰۃ المصابیح باب الرفق صفحہ ۴۳۲ مطبوعہ اصح المطابع دہلی میں بھی موجود ہے۔

☆ ☆ ☆

صحابی رسول ﷺ حضرت عمار بن یاسر اور خالد بن ولید نے نبی اکرم ﷺ کے سامنے ایک دوسرے کو گالیاں دیں اور برا بھلا کہا مگر حضورؐ نے کسی کے قتل کا حکم جاری نہیں فرمایا چنانچہ۔

کان بینی و بین عمار بن یاسر کلام فاغلظت له فی القول فانطلق عمار یشکونی الی النبی صلی اللّٰہ علیه وسلم فجاء خالد و هو یشکوه الی النبی صلی اللّٰہ علیه وسلم قال فجعل یغلظ له ولا یزید الاغلظة والنبی صلی اللّٰہ علیه وسلم ساکت لا یتکلم فبکی عمار و قال یا رسول اللّٰہ الا تراه فرفع رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیه وسلم راسه و قال من عادی عمارا عاداه اللّٰہ و من ابغض عمارا ابغضه اللّٰہ تعالٰی

خالد بن ولید سے روایت ہے کہ میرے اور عمار بن یاسر کے درمیان تلخ کلامی ہو گئی اور میں نے اسے گالیاں دیں عمار آنحضرتؐ کے پاس میری شکایت کرنے کے لئے گئے اور میں عمار کی شکایت کرنے کے لئے گیا۔ ہم حضور نبی کریمؐ کے سامنے سب و شتم کے سوا کوئی بات نہ کر رہے تھے اور رسول اللہ بیٹھے کوئی بات نہ کر رہے تھے۔ جب عمار رونے لگے اور کہا یا رسول اللہ کیا آپ نہیں دیکھ رہے کہ وہ مجھے گالیاں دے رہا ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے اپنا سر بلند کیا اور فرمایا کہ جو عمار سے دشمنی رکھے اللہ تعالیٰ اس سے دشمنی رکھے گا"۔

(مسند امام احمد جلد ۴ صفحہ ۸۹-۹۰)

علامہ علی متقی برہان پوری حنفی اسی واقعہ کو ان الفاظ میں لکھتے ہیں۔

"خالد اور عمار بن یاسر کے درمیان جھگڑا ہوا اور ان دونوں نے ایک دوسرے کو سب و شتم کیا جب یہ دونوں رسول اللہ کے پاس گئے تو وہاں بھی ایک دوسرے کو گالیاں دینے لگے خالد نے کہا یا رسول اللہ ﷺ یہ غلام آپ کے سامنے مجھے گالیاں دے رہا ہے۔ بخدا اگر آپ نہ ہوتے تو یہ مجھے گالیاں نہ دیتا۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اے خالد عمار سے باز رہو جو عمار سے بغض رکھے اللہ تعالیٰ اس سے بغض رکھتا ہے"۔

(کنز العمال جلد ۱ صفحہ ۲۴۲)

مزید حوالہ جات

(۱) اسباب النزول صفحہ ۹۱۔ طبع دار نشر الکتب الاسلامیہ لاہور (۲) مسند ابو داؤد طیالسی جز خامس صفحہ ۱۵۸ طبع حیدر آباد دکن (۳) اصابہ فی تمیز الصحابہ جلد ۲ صفحہ ۵۱۲ مطبع سعادہ مصر (۴) تفسیر در منثور جلد ۲ صفحہ ۱۷۶ طبع میمنیہ مصر، (۵) لباب النقول صفحہ ۳۲ مطبعہ المشہد الحسینی قاھرہ (۶) مستدرک علی الصحیحین جلد ۳ صفحہ ۳۸۹، ۳۹۰ طبع حیدر آباد دکن (۷) مشکل آلاثار جلد ۴ صفحہ ۲۵۵ طبع حیدر آباد دکن (۸) مشکواۃ المصابیح صفحہ ۵۸۰ طبع اصح المطابع دہلی (۹) مجمع الزوائد جلد ۹ صفحہ ۲۹۳ طبع مکتبہ القدسی قاھرہ (۱۰) تاریخ بغداد جلد ۱ صفحہ ۱۵۲ طبع سعادہ مصر (۱۱) درالسحابہ فی مناقب القرابہ والصحابہ صفحہ ۳۶۱ طبع دمشق۔

واضح ہو کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی کسی بات پر خاموشی بھی شریعت میں اس کے جواز کی قطعی دلیل ہے اور اس کو فنی اصطلاح میں حدیث تقریری کہا جاتا ہے۔

☆ ☆ ☆

حضرت ابو برزہ اسلمی سے منقول ہے کہ

اغلظ رجل لا بی بکر الصدیق فقلت اقتله فانتهر نی و قال لیس هذا لا حد بعد رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلم

"ایک شخص نے حضرت ابوبکر سے سخت کلامی کی تو میں نے پوچھا کہ اس شخص کو قتل کردوں؟ انہوں نے مجھے ڈانٹ دیا اور کہا کہ سزائے قتل آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی توہین کے علاوہ کسی اور توہین پر نہیں دی جاسکتی"۔ (سنن نسائی جلد ۲ صفحہ ۷۰ طبع دہلی)

کتاب مسند ابی بکر الصدیق تالیف علامہ ابوبکر مروزی کے فاضل محشی علامہ شعیب الارنووط نے اس روایت کی توثیق ان الفاظ میں کی ہے۔

اسنادہ صحیح

"اس روایت کی سند صحیح ہے"

(حاشیہ مسند ابی بکر الصدیق صفحہ ۱۰۸ طبع بیروت)

مزید حوالہ جات

(۱) مسند امام احمد جلد ۱ صفحہ ۹ طبع مصر (۲) سنن ابو داؤد جلد ۲ صفحہ ۴۴۳ طبع مصر (۳) التعلیق المحمود علی سنن ابی داؤد جلد ۲ صفحہ ۲۴۴ طبع کراچی (۴) الشفا جلد ۲ صفحہ ۳۲۵ طبع بریلی (۵) مسند حمیدی جلد ۱ صفحہ ۵ طبع حیدر آباد دکن (۶) اخبار القضاۃ جلد ۲ صفحہ ۵۷ طبع قاہرہ (۷) محلی ابن حزم جلد ۱۱ صفحہ ۴۱۰ طبع منیرہ مصر (۸) اقناع ابن منذر جلد ۲ صفحہ ۵۸۳ طبع حلب (۹) سلالتہ الرسالہ صفحہ ۱۷ طبع اردن (۱۰) مسند ابی بکر الصدیق صفحہ ۱۰۹، ۱۱۰ طبع بیروت۔

☆ ☆ ☆

ابوہریرہ اور ابان بن سعید نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے روبرو ایک دوسرے کو گالیاں دیں اور آپس میں توہین آمیز الفاظ استعمال کئے امام بخاری تحریر کرتے ہیں

خیبر کے دن ابوھریرہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آئے تو ابان بن سعید نے کہا

"یا رسول اللہ ابوھریرہ کو کچھ نہ دیجئے"۔

ابوھریرہ نے کہا

"یا رسول اللہ ابان نے تو جنگ احد میں
نعمان قوقل صحابی کو قتل کیا تھا"۔

ابان یہ سن کر غصے میں آ گئے اور کہنے لگے

"واہ واہ (تمہاری شکل میں) ضان کے
جنگل میں سے کتنا خوب بلا نیچے اترا
ہے"۔

ابان نے کہا

" واہ واہ تمہیں بھی باتیں آگئیں۔ ارے
بلے تو ابھی ابھی ضان کے پہاڑ سے یا
جنگلی بیری سے اتر کر آیا ہے اور ابھی
سے ایسی باتیں"

(صحیح بخاری جلد ۴ صفحہ ۲۰۰ طبع نعمانی کتب خانہ لاہور)

اور صحیح بخاری کے اسی صفحہ پر حاشیہ نمبر ۴ میں لکھا ہے

کہ ابان بن سعید نے ابوھریرہ کی تحقیر کی کہ ابھی ابھی تو پہاڑ سے اتر کر آیا ہے اور دخل در معقولات بھی کرنے لگے۔

☆ ☆ ☆

حضرت معاویہ بن ابی سفیان کی توہین ان کے اپنے دربار میں کی گئی توہین کے مرتکب کو نہ انہوں نے سزا دی اور نہ ہی ان کے حواریوں نے ان سے کسی قسم کی سزا کا مطالبہ کیا اگرچہ یہ روایتیں نوک قلم پر لانے کے قابل نہیں ہیں لیکن "نقل کفر کفر نہ باشد" کے اصول پر صرف بطور دلیل پیش کی جا رہی ہیں۔ چنانچہ عقائد کی مشہور کتاب نبراس علی شرح العقائد کے فاضل محشی ملا برخوردار ملتانی لکھتے ہیں۔

دخل شریک بن الاعور علی معاویة و کان ذمیما فقال له معاویة انك للنمیم والجمیل خیر من النمیم و انك شریک و ما للّٰه من شریک و ان اباک الاعور والصحیح خیر من الاعور فکیف سدت قومك فقال انك معاویة و ما معاویة الاکلبة عوت فاستعوت الکلاب و انك ابن صخر والسهل خیر من الصخر و انك لابن حرب والسلم خیر من الحرب و انك ابن امیة وما امیة الا امة صغرت فکیف صرت امیر المومنین

"شریک بن اعور معاویہ کی خدمت میں حاضر ہوا اور یہ کریہہ المنظر تھا معاویہ نے اس کو کہا تو کریہہ المنظر ہے اور خوش منظر' کریہہ المنظر سے اچھا ہوتا ہے اور تو شریک ہے خدا کا کوئی شریک نہیں ہے اور تیرا باپ اعور ہے اور صحیح' اعور سے اچھا ہوتا ہے تو پھر تو کس طرح اپنی قوم میں سردار بن گیا ہے شریک نے معاویہ سے کہا تو معاویہ ہے اور معاویہ اس کتیا کا نام ہے جو اپنے پیچھے کتوں کو بلاتی ہے اور تو بیٹا ہے صخر کا اور سہل' صخر سے بہتر ہے اور تو بیٹا ہے حرب کا اور صلح حرب سے بہتر ہوتی ہے اور تو بیٹا ہے امیہ کا اور وہ تصغیر ہے امتہ (لونڈی) کی پس تو کیونکر امیرالمومنین ہو گیا ہے"۔

(حاشیہ نبراس علی شرح العقائد صفحہ ۵۱۰ طبع مطبع ہاشمی میرٹھ)

(المستطرف فی کل فن مستظرف جلد ا صفحہ ۸۲ طبع دارالکتب العربیہ مصر)

کچھ معمولی تغیر الفاظ کے ساتھ یہی واقعہ تاریخ الخلفاء للسیوطی صفحہ ۱۳۹ طبع مجیدی کانپور میں جاریہ بن قدامہ السعدی سے بھی مروی ہے۔

☆ ☆ ☆

ابن حجر مکی نے بیان کیا ہے کہ حضرت عمر کے فرزند عبداللہ بن عمر نے صحابی رسول حضرت مقداد بن اسود کو گالی دی تو انہوں نے بیٹے کی زبان کاٹ دینے کی دھمکی تو دی مگر بعد میں اسے چھوڑ دیا۔

(صواعق محرقہ صفحہ ۲۵۸ طبع مکتبہ القاھرہ مصر)

☆ ☆ ☆

معروف حنفی عالم شیخ محمد بن قاسم الحنفی اپنی تالیف روض الاخیار المنتخب میں ربیع الابرار صفحہ ۱۹۵ مطبوعہ

مصر میں تحریر کرتے ہیں۔

کان معاویة رضی اللّٰہ عنه معروفا بالحلم فلم یغضبه احد فادعی واحد ان یغضبه فدخل علیه و قال اطلب منک ان تزوجنی والدتک فان بها دبرا کبیر افقال ذالک سبب حب ابی لها ثم قال للخازن اعطیه الف دینار یشتری بهاجاریة

"معاویہ بن ابی سفیان بردباری میں مشہور تھا کہ کوئی شخص اسے غصہ نہ دلا سکتا تھا پس ایک شخص نے دعویٰ کیا کہ معاویہ کو میں غضبناک کروں گا وہ شخص معاویہ کے پاس داخل ہوا اور کہنے لگا میں تم سے اس بات کا خواہشمند ہوں کہ اپنی والدہ کا مجھ سے نکاح کر دے کیونکہ اس کے چوتڑ بڑے اور موٹے ہیں۔ (العیاذ باللہ) معاویہ نے کہا اس لئے تو میرے والد ان سے محبت کرتے تھے پھر معاویہ نے خزانچی کو حکم دیا کہ اس شخص کو ہزار اشرفی دے دے تاکہ یہ ان سے کنیز خرید سکے"۔

☆ ☆ ☆

ان کے علاوہ اس قسم کے درجنوں واقعات آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی موجودگی میں ہوئے۔ مثلاً حضرت عمر نے صحابی رسول حاطب بدری کو منافق کہا۔

قال عمر یا رسول اللّٰہ دعنی اضرب عنق هذا المنافق

"حضرت عمر نے عرض کیا یا رسول اللہؐ مجھ کو اس (حاطب بدری) منافق کی گردن اڑانے دیجئے"۔

حوالہ جات

(۱) صحیح بخاری جلد۱' صفحہ ۱۰۶ جلد ۳ صفحہ ۳۷ طبع مصر (۲) عمدہ القاری شرح بخاری جلد ۷ صفحہ ۴۴ طبعہ قاھرہ (۳) تیسیر الباری شرح بخاری پارہ ۱۲ صفحہ ۲۲ و پارہ ۱۷ صفحہ ۳۴ طبع نعمانی کتب خانہ لاہور

☆ ☆ ☆

حدیث الافک میں اسید بن حضیر نے صحابی رسول حضرت سعد بن عبادہ انصاری بدری کو کاذب اور منافق کہا۔ چنانچہ صحیح بخاری کے الفاظ یہ ہیں۔

فقال لسعد ابن عبادة کذبت لعمر اللّٰہ لنقتلنه فانک منافق تجادل عن المنافق فثار الحیان الاوس والخزرج حتی هموا ان یقتتلوا و رسول اللّٰہ قائم علی المنبر فلم یزل رسول اللّٰہ یخفضهم حتی سکتوا و سکت

"اللہ کی قسم تو جھوٹ کہہ رہا ہے ہم ضرور اسے قتل کریں گے تو خود منافق ہے اور منافقون کی طرفداری میں جھگڑ رہا ہے (اس گفتگو پر) دونوں قبیلے اوس اور خزرج بھڑک اٹھے اور قریب تھا کہ آپس میں قتل و غارت ہو جائے حتی کہ وہ خاموش ہو گئے آنحضرت ﷺ بھی خاموش ہو رہے"۔ (صحیح بخاری جلد ۳ صفحہ ۲۵ طبع مصر)

سقیفہ بنی ساعدہ میں جب صحابہ کرام کی آپس میں سخت جھڑپیں ہوئیں تو اس وقت حضرت عمر بن الخطاب کی سعد ابن عبادہ سے تلخ کلامی ' ہاتھا پائی اور داڑھی نوچنے نچوانے تک نوبت پہنچی اور حضرت عمر نے للکار کر کہا

اقتلوہ قتلہ اللّٰہ فانہ صاحب فتنۃ

"اسے قتل کرو خدا اسے مارے یہ فتنہ پرداز ہے"

(عقد الفرید جلد ۳ صفحہ ۶۳ طبع دار الفکر بیروت)

بلکہ تاریخ طبری کے الفاظ تو یہ ہیں۔ کہ حضرت عمرؓ نے کہا

قتلہ اللّٰہ انہ منافق

"خدا اسے مارے یہ منافق ہے"

(تاریخ طبری جلد ۲ صفحہ ۴۵۹ طبع مصر)

معاذ بن جبل نے ایک صحابی کو جس نے نماز کو مختصر پڑھا تھا منافق کہا۔

(تیسیر الباری شرح بخاری جلد ۱ صفحہ ۴۵۱ طبع لاہور)

لیکن حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان توہین آمیز الفاظ استعمال کرنے والے کو نہ سزائے موت دی اور نہ ہی کوئی دوسری سزا تجویز فرمائی۔

اکابرین امت کی تصریحات

(۱) حضرت عمر بن عبد العزیز

کوفہ سے ان کے عامل نے لکھا کہ

مجھے ایک ایسے شخص کے بارے میں مشورہ دیں جس نے حضرت عمر بن الخطاب کو گالیاں دی ہیں کیا میں اس کو قتل کردوں؟

تو انہوں نے جواب میں یوں لکھا کہ۔

انہ لا یحل قتل امری مسلم بسب احد من الناس الا رجلا سب رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم فمن سبہ فقد حل دمہ

"کسی بھی مسلمان شخص کو کسی کو گالی دینے کی بناء پر قتل کرنا جائز نہیں ہے سوائے اس شخص کے جس نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو گالی دی ہو۔ پس جس نے نبی کو گالی دی اس کا خون مباح ہے"۔

(۱) الشفا بتعریف حقوق المصطفیٰ جلد ۲ صفحہ ۳۲۵ طبع بریلی

(۲) سلالہ الرسالہ لملا علی القاری صفحہ ۱۸ طبع اردن

(۳) الطبقات الکبری جلد ۵ صفحہ ۳۶۹ طبع جدید بیروت

(۲) امام مالک

حضرت امام مالک کا موقف یہ ہے کہ۔

من شتم النبی صلی اللّٰہ علیہ و آلہ وسلم قتل و من شتم اصحابہ ادب

"جس نے پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کو گالی دی اس کو قتل کیا جائے گا اور جس نے صحابہ کو گالی دی اس کو ادب سکھایا جائے گا"

(۱) الشفاء قاضی عیاض جلد ۲ صفحہ ۳۷۶ مطبع صدیقی بریلی

(۲) (الصارم المسلول صفحہ ۵۶۹ بحوالہ دفاع ابوھریرہ صفحہ ۲۶ طبع پشاور)

شرح نبراس اس کے فاضل محشی ملا برخوردار ملتانی لکھتے ہیں۔

"امام مالک کا مشہور مذہب یہ ہے کہ اس میں اجتہاد ہے لہذا ایسے شخص کو ادب سکھایا جائے"۔

(نبراس علی شرح العقائد صفحہ ۵۵۰ حاشیہ نمبر۴ طبع میرٹھ)

امام مالک کی یہی رائے صواعق محرقہ صفحہ ۲۵۹ طبع مکتبہ القاھرہ مصر اور نسیم الریاض شرح الشفاء القاضی عیاض جلد ۴ صفحہ ۵۶۵ طبع مکتبہ سلفیہ مدینہ منورہ میں بھی موجود ہے۔

(۳) امام نووی الشافعی

امام محی الدین النووی الشافعی جمہور علماء اہل سنت کا اتفاق رائے بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

"جمہور آئمہ اور فقہائے اہل سنت کا متفقہ مسلک ہے کہ صحابہ کرام کو گالی دینا حرام اور فواحش محرمات میں سے ہے مگر اس کی سزا قتل نہیں"۔

(النووی شرح مسلم جلد ۲ صفحہ ۳۱۰ طبع دہلی)

(۴) ملا علی قاری حنفی

فقہ حنفیہ کے ترجمان ملا علی القاری الحنفی صحابہ کی توہین کے سلسلہ میں اپنی رائے یوں پیش فرماتے ہیں۔

فلم یرد عن الصحابۃ ولا عن التابعین ان من سب الشیخین کفر ' ولا ثبت عنھم قتل من سبھما' وقد اتفق الائمۃ الثلاثۃ علی عدم کفرہ و قتلہ' و صح عن ابی حنیفۃ و ابی یوسف ان شھادۃ اھل الاھواء من الخوارج والروافض مقبولۃ الا الخطابیۃ

" ابوبکر و عمر کی توہین کرنے والے کو کافر کہنا اور اسے قتل کرنا نہ صحابہ سے ثابت ہے اور نہ ہی تابعین

سے۔ اور ائمہ ثلاثہ یعنی امام ابو حنیفہ' امام محمد اور امام ابو یوسف اس بات پر متفق ہیں کہ توہین شیخین کرنے والا نہ تو کافر ہے اور نہ ہی واجب القتل۔ امام ابوحنیفہ اور امام ابو یوسف کے نزدیک تو ایسے شخص کی گواہی بھی قابل قبول ہے"۔

(سلالتہ الرسالہ صفحہ ۱۹ طبع اردن)

اسی حقیقت کو مزید بیان کرتے ہوئے ملا علی قاری حنفی امام ابو حنیفہ کی کتاب "فقہ اکبر" کی شرح میں "سب الشیخین و قتلھما لیس بکفر" پر بحث کرتے ہوئے رقمطراز ہیں۔

ثم فی بسط الامام الکلام فی نفی تکفیر ارباب الاثام من اھل القبلة ولو من اھل بدعة دلالة علی ان سب الشیخین لیس بکفر کما صححه ابو شکور السلمی فی تمھیده و ذالک لعدم ثبوت مبناه و عدم تحقق معناه فان سب المسلم فسق کما فی حدیث ثابت و حینئذ یستوی الشیخان و غیرھما فی ھذا الحکم وانه لو فرض ان احدا قتل الشیخین بل والختنین بوصف الجمع لا یخرج' عن کونه مسلما" عندا ھل السنة والجماعة و من المعلوم ان السب دون القتل

"پھر امام (ابو حنیفہ) کا اہل قبلہ سے خواہ وہ اہل بدعت ہی کیوں نہ ہوں گناہوں کی بدولت عدم کفر کی وضاحت کرنا اس بات کی دلیل ہے کہ حضرت ابو بکر و عمر کو سب و شتم کرنے سے کوئی کافر نہیں ہو جاتا جیسا کہ ابو شکور سالمی نے اپنی کتاب "تمہید" میں اس قول کو صحیح قرار دیا ہے اور اس کا کوئی ثبوت نہیں کیونکہ ہر ایک مسلمان کو سب و شتم کرنا گناہ ہے جیسا کہ حدیث رسول میں ثابت ہے اور اس حکم کے ماتحت حضرت ابوبکر و عمر اور دیگر مسلمان سب برابر ہیں۔ اور اگر یہ بھی فرض کر لیا جائے کہ کسی شخص نے شیخین (ابوبکر و عمر) بلکہ ان کے ساتھ ختنین (حضرت علی و عثمان) کو بھی قتل کر دیا ہے تب بھی ایسا شخص اہل سنت و جماعت کے نزدیک اسلام سے خارج نہیں ہوگا' یہ بات تو واضح ہی ہے کہ سب و شتم کا درجہ قتل سے کم تر ہے۔

(شرح فقہ اکبر صفحہ ۸۶ طبع مطبع قیومی کانپور)

محترم قارئین!

سوچنے کی بات تو یہ ہے کہ قتل تو انتہائی سنگین جرم ہے جب اس کا ارتکاب کرنے کے باوجود کوئی شخص خارج از اسلام نہیں ہے لہٰذا محض سب و شتم کرنے سے کوئی شخص کیسے کافر ہو سکتا ہے؟

(۵) امام حافظ ابن تیمیہ الدمشقی

امام ابن تیمیہ الدمشقی اپنی کتاب الصارم المسلول صفحہ ۵۷۹ طبع اولی مطبع سعادہ مصر میں توہین صحابہ کے مرتکب کے عدم کفر پر دلیلیں پیش کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

و مطلق السب لغير الانبياء لا يستلزم الكفر لان بعض من كان على عهدے النبى عليه الصلوة والسلام كان ربما سب بعضهم بعضا فلم يكفر احد بذالك

"انبیاء کرام کے علاوہ کسی کو سب و شتم کرنے سے ہرگز کفر لازم نہیں آتا ہے کیونکہ نبی کریم ﷺ کے زمانے میں بعض صحابہ ایک دوسرے کو سب و شتم کرتے رہے اور کوئی ان کے کفر کا قائل نہیں"۔

(۶) علامہ ابن حجر الہیتمی المکی

مصر کے مشہور محدث علامہ شہاب الدین احمد بن حجر الہیتمی تحریر کرتے ہیں۔

ولم اجد فى كلام احد من العلماء ان سب الصحابى يوجب القتل الا ما ياتى من اطلاق الكفر من بعض اصحابنا و اصحاب ابى حنيفة ولم يصر حوا بالقتل و قد قال ابن المنذر لا اعلم احدا يوجب القتل بمن سب من بعد النبى صلى اللّٰه عليه وسلم

اور میں نے کسی اہل علم کے کلام میں یہ بات نہیں پائی کہ صحابی کو گالی دینا قتل کو واجب کرتا ہے سوائے اس کے جو ہمارے بعض اصحاب اور اصحاب ابو حنیفہ کے اطلاق کفر کے متعلق آتا ہے مگر انہوں نے بھی قتل کی تصریح نہیں کی اور ابن المنذر کہتے ہیں کہ میں کسی شخص کو نہیں جانتا جو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد کسی کو گالی دینے والے کا قتل واجب قرار دیتا ہو۔

(صواعق محرقہ صفحہ ۲۵۵ طبع مکتبہ القاہرہ مصر)

(۷) علامہ علاء الدین الحصکفی الحنفی

حنفی فقہ کے مشہور امام علامہ محمد علاء الدین الحصکفی الحنفی اپنی کتاب در المختار باب الامامت صفحہ ۷۲ مطبوعہ احمدی دہلی میں رقمطراز ہیں۔

و كل من كان من قبلتنا لايكفر بها حتى الخوارج الذين يستحلون دماء ناوا موالنا وسب اصحاب الرسول صلى اللّٰه عليه و آله وسلم و ينكرون صفاته تعالٰى وجواز رويته لكونه عن تاويل و شبهة بدليل قبول شهادتهم الاالخطابيه

اور جتنے لوگ جو ہمارے قبلہ کی طرف نماز پڑھتے ہیں وہ کافر نہیں ہوتے حتی کہ خارجی بھی کافر نہیں جو ہماری جان و مال کو حلال جانتے ہیں اور وہ لوگ جو صحابہ کرام کو سب کرنا جائز سمجھتے ہیں اور صفات باری تعالیٰ اور خدا کے دیدار کے جواز کے منکر ہیں یہ لوگ کافر نہیں کیونکہ ان کا یہ اعتقاد تاویل اور شبہ پر مبنی ہے اور ان کے کافر نہ ہونے کی ایک دلیل یہ بھی ہے کہ ان کی گواہی مقبول ہے (یعنی اگر کافر ہوتے تو ان کی گواہی مسلمان پر مقبول نہ ہوتی حالانکہ ان کی گواہی مقبول ہے اس سے معلوم ہوا کہ وہ مسلمان ہیں۔

(۸) علامہ عبدالحئ لکھنوی

برصغیر کے مشہور حنفی فقہی عالم علامہ عبدالحئ لکھنوی ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے تحریر کرتے ہیں۔
مفتی بہ واضح عدم تکفیر شان است و سب شیخین موجب کفر نمی شود و ہمیں مذہب موافق قول امام اعظم است و آنچہ در کتب فتاویٰ حکم کفر مرقوم ست از دائرہ تحقیق خارج است

"مفتی بہ اور صحیح ترین قول شیعہ کی عدم تکفیر کا ہے اور حضرت ابو بکر و عمر کو سب کرنا موجب کفر نہیں ہے اور یہی قول امام ابو حنیفہ کے مذہب کے موافق ہے اورجو فتاویٰ کی کتابوں میں کفر کا حکم مرقوم ہے وہ دائرہ تحقیق سے خارج ہے"

اور اس کے بعد ابو شکور السالمی کی کتاب "التمہید فی بیان التوحید" کے حوالے سے تحریر کرتے ہیں۔

و اما الذین یکون بدعة ولا یکون کفرا فهو قولهم ان علیا کان افضل الشیخین و منهم من قال یجب اللعن علی من خالف علیا لعائشة و معاویة و هذا کله و ماشبهة بدعته لیس بکفر لا نه صادر عن تاویل انتی ملخصا الحاصل حکم کفر شیعه بسبب سب شیحین خلاف مذهب محققین ست

"اور وہ جو بدعت ہیں لیکن کفر نہیں ہے ان کا قول علیؓ افضل ہیں شیخین سے اور ان میں بعض کہتے ہیں کہ مخالف علیؓ پر مثل حضرت عائشہ و حضرت امیر معاویہ کے لعنت بھیجنا واجب ہے یہ (سب) بدعت ہے کفر نہیں ہے کیونکہ یہ تاویل سے صادر ہوا ہے۔ اس کلام کا حاصل یہ ہے کہ صحابہ کو سب کرنے کی وجہ سے شیعہ کو کافر کہنا محققین کے مذہب کے سراسر خلاف ہے"۔

(مجموعہ الفتاویٰ جلد ۱ صفحہ ۳-۴ مطبع یوسفی فرنگی محلی لکھنؤ)

(۹) مولانا رشید احمد گنگوھی

ان کے نزدیک صحابہ کرام کو ملعون و مردود کہنے والا سنت و جماعت سے خارج نہیں ہوتا سوال و جواب ملاحظہ فرمائیں۔

سوال - صحابہ کرام کو مردود و ملعون کہنے والا.... اپنے اس کبیرہ کے سبب سے سنت و جماعت سے خارج ہو جائے گا یا نہیں؟

جواب - وہ اپنے اس کبیرہ کے سبب سنت و جماعت سے خارج نہ ہوگا۔

(ملخصاً از فتاویٰ رشیدیہ جلد ۲ صفحہ ۱۴۰-۱۴۱ طبع دہلی)

مولانا محمد رفیق اثری مدرس دارالحدیث محمدیہ جلالپور پیروالہ ضلع ملتان لکھتے ہیں۔

"صحیح یہ ہے کہ سزا قتل صرف رسول اللہ ﷺ کی ذات ستودہ صفات پر بیہودہ گوئی پر ہی دی جا سکتی ہے جیسا کہ حضرت ابوبکر نے فرمایا جبکہ ایک شخص نے ابوبکر صدیق پر تنقید کرنے والے کے بارہ میں اجازت مانگی۔ ابوبکر صدیق سے کہ میں اسے قتل کردوں؟ ابوبکر صدیق نے فرمایا رسول اللہؐ کے بعد کسی کے لئے یہ استحقاق نہیں ہے کہ اس پر تنقید کی وجہ سے ناقد کو قتل کر دیا جائے۔ (سنن نسائی جلد ۲ صفحہ ۱۷ باب فیمن سب النبیؐ)

(السیف المسلول مترجم صفحہ ۵۲۰ حاشیہ نمبر ۲ مطبوعہ ملتان)

اہل حدیث کے نامور عالم علامہ حافظ محمد ابراہیم سیالکوٹی بحوالہ صارم المسلول لکھتے ہیں

"کہ نبی کریم ﷺ کو گالی دینے والے کی سزا قتل ہے لیکن کسی امیرالمومنین کو گالی دینے والے کو محض اس بناء پر قتل نہیں کر سکتے"

(احیاء المیت مع تنویر الابصار صفحہ ۴۶ طبع لاہور)

(۱۰) جسٹس ملک غلام علی

" میں کہتا ہوں کہ سب و شتم کا آغاز اور اس کے جواب میں سب و شتم جس نے بھی کیا بہت برا کیا ہے آج بھی جو ایسا کرتا ہے بہت برا کرتا ہے لیکن یہ جرم بغاوت کے مترادف نہیں نہ اس کی سزا قتل ہے بعض علمائے سلف اس بات کے قائل تو ہوئے ہیں کہ شاتم رسول واجب القتل ہے لیکن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات اقدس کے سوا کسی دوسرے کی بدگوئی کرنا یا اسے گالی بھی دے دینا اسلام میں ہرگز موجب قتل نہیں۔"

(خلافت و ملوکیت پر اعتراضات کا تجزیہ صفحہ ۲۷۲ طبع لاہور)

مندرجہ بالا بیان سے یہ بات کھل کر سامنے آتی ہے کہ اگر شریعت مقدسہ میں توہین صحابہ پر سزائے موت یا کوئی اور سزا موجود ہوتی تو حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ضرور اس کو جاری فرماتے۔ درحقیقت اس قسم کے تاریخی واقعات کو بیان کرنا صحابہ کی توہین بھی نہیں ہے ورنہ سب سے پہلے ان کتابوں کو دریا برد کرنا پڑے گا جن میں ایسے واقعات موجود ہیں۔ ستم ظریفی تو یہ ہے کہ آج جتنا اسلام ہمارے پاس موجود ہے اس کا تقریباً ۸۰ فیصد انہی کتابوں ہی سے اخذ کیا گیا ہے۔

تاہم مذکورہ الصدر تحقیقات کی روشنی میں اس کا خلاصہ ذیل میں پیش کرنے کی سعادت حاصل کی جاتی ہے۔

۱۔ قرآن حکیم میں توہین صحابہ پر سزائے موت کا کوئی حکم یا اشارہ موجود نہیں۔

۲۔ حضرت محمد ﷺ کے کسی قول یا کسی فعل سے ثابت نہیں ہوتا کہ توہین صحابہ پر موت کی سزا دی جا سکتی ہے۔

۳۔ صحابہ کرام، آئمہ اربعہ (امام ابو حنیفہ، امام شافعی، امام مالک، امام احمد بن حنبل) کا موقف بھی یہی ہے کہ توہین صحابہ کے مرتکب شخص کو سزائے موت نہیں دی جاسکتی۔

۴۔ تمام اسلامی مکاتب فکر کے فقہا اور اکابرین کا فیصلہ ہے کہ صحابہ کرام کی توہین پر موت کی سزا نہیں دی جا سکتی۔

دوسرا شبہ

جو مسلمان حضرت عائشہ صدیقہؓ کو برے اعمال یا افعال کا ذمہ دار گردانتا ہے' ان کے ایمان کا منکر ہے' ان کو غیر مومنہ تصور کرتا ہے اور حد کا سزا وار جانتا ہے اسے مرتد قرار دے کر سزائے موت دی جائے۔

ازواج رسولؐ واقعی قابل احترام ہیں لیکن تاریخی واقعات سے انکار کرنا کیسے ممکن ہے۔ علاوہ بریں یہ تکرار کہ امہات المومنین کی شان میں گستاخی اور ان سے غلط روایات منسوب کرنے والا بھی سزائے موت کا مستحق اور دائرہ اسلام سے خارج ہے' ناقابل فہم اور غیر ضروری ہے۔ بدقسمتی تو یہ ہے کہ تاریخ اسلام اس بات کی شاہد ہے کہ یہ صحابہ ہی تھے جنہوں نے حضرت عائشہؓ پر بدی کی تہمت لگائی جس کی تفصیل آئندہ صفحات میں واقعہ افک کے ذیل میں آئے گی۔ "توہین" اور "گستاخی" کی تشریح اور ان کا تعین از حد ضروری ہے کیونکہ قرآن و حدیث سے ثابت شدہ واقعات کے بیان کرنے کو تہمت یا گستاخی قرار نہیں دیا جاسکتا اور صالح کو نیک اور فاسق و فاجر کو برے الفاظ سے یاد کرنا انسانی فطرت ہے اور کسی غیر معصوم کے اقدامات پر رائے زنی کرنے کو توہین یا گستاخی نہیں کہا جا سکتا ایسی ہی ناقابل تردید صداقتوں کی چند مثالیں پیش کی جاتی ہیں۔

(ا) قرآن مجید امہات المومنین کے اعمال اور افعال کے بارے میں جب کئی ایک مقامات پر ناراضگی اور ناپسندیدگی کا اظہار کرتا ہے اور گناہ سے دور رہنے کی تاکید کرتا ہے۔ کیا ایسی آیات کی تلاوت و تفسیر پر بھی سزائے موت کا مطالبہ کیا جائے گا؟

جیسا کہ سورہ تحریم کی آیت ۴ اور ۵ میں ارشاد ہوتا ہے

ان تتوبا الی اللّٰہ فقد صغت قلوبکما و ان تظھرا علیہ فان اللہ ھو مولیہ و جبریل و صالح المومنین والملائک بعد ذالک ظھیر ○ عسی ربہ ان طلقکن ان یبدلہ ازواجا خیرا منکن مسلمات مومنات قانتات تائبات عابدات سائحات ثیبات وابکارا

"(اے نبی کی) دونوں بیبیو اگر تم اللہ سے توبہ کرو (تو بہتر ہے) کیونکہ بیشک تمہارے دل ٹیڑھے ہو گئے اگر تم دونوں نبی پر غلبہ کرو گی تو بے شک اللہ ان کا مددگار ہے اور جبرئیل اور نیک ایماندار (بھی) اور سب فرشتے بھی اس کے بعد مددگار ہیں عنقریب اگر وہ تم کو طلاق دے دیں تو ان کا پروردگار ان کو (تمہارے) بدلہ

میں تم سے اچھی بیبیاں عنایت کرے گا جو مسلمان ہوں گی' ایماندار' دعا کرنے والی ' توبہ کرنے والی عبادت گذار بیاہی ہوئی (بھی) اور کنواری (بھی)"۔

(سورہ تحریم آیت ۴-۵ مترجم مرزا حیرت دہلوی)

جبکہ امام محمد بن اسماعیل بخاری اپنی معتبر کتاب صحیح بخاری میں ان آیات کی تفسیر کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ "عبداللہ بن عباس کہتے ہیں کہ مجھے مدت سے یہ خیال تھا کہ حضرت عمرؓ بن خطاب سے پوچھوں کہ وہ دونوں عورتیں جن کے دل ٹیڑھے ہو گئے کون ہیں جو حضورؐ پر غلبہ کرنا چاہتیں اور آپؐ کی مخالفت کرتی تھیں لیکن موقع نہیں ملتا تھا۔ اتفاق سے ایک مرتبہ حج کے سفر میں ان کا ساتھ ہو گیا جب وہ بیت الخلاء کی طرف روانہ ہوئے تو میں بھی ساتھ ہو لیا۔ واپسی پر جب میں نے اس بارے میں پوچھا تو حضرت عمرؓ نے جواب دیا اے ابن عباس تجھ پر تعجب ہے اس سے مراد حضرت عائشہؓ اور حفصہ ہیں"۔

(صحیح بخاری مترجم جلد۲ صفحہ ۵۷۲ طبع لاہور)

(ارشاد الساری جلد ۷ صفحہ ۳۱۶ طبع نول کشور)

قرآن مجید کی متذکرہ بالا آیات سے یہ مفہوم بھی واضح ہو جاتا ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی جن ازواج کا ذکر اس سورہ مبارکہ میں آیا ہے ان سے بہتر عبادت گزار اطاعت و تقوی کی پابند خواتین بھی تھیں جو حضورؐ کے عقد میں آنے کی بہتر مستحق تھیں۔ کیونکہ قرآن خود گواہی دیتا ہے کہ اگر رسولؐ تم سے بیزاری فرمائیں اور طلاق دے دیں تو ان کا پروردگار تمہارے بدلے ان کو تم سے اچھی بیویاں عطا کرے۔

(۲) کیا واقعہ مغافیر کو بیان کرنا بھی گستاخی ہے جبکہ یہ واقعہ قرآن مجید سورہ تحریم کی پہلی آیت یایھاالنبی لم تحرم ما احل اللہ لک تبتغی مرضات ازواجک کی تفسیر میں موجود ہے یعنی حضرت عائشہؓ و حفصہ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر ایک غلط الزام لگایا کہ آپؐ نے مغافیر(ایک بدبودار گوند) پیا ہے۔ آپ کے منہ سے بدبو آرہی ہے آپ بار بار فرماتے تھے کہ میں نے زینب کے ہاں شہد پیا ہے لیکن یہ نہیں مانتی تھیں۔

(صحیح بخاری جلد ۳ صفحہ ۱۳۷ طبع مصر)

(ارشاد الساری جلد ۷ صفحہ ۳۱۳ طبع نو لکشور)

(۳) حضرت عائشہؓ کا خلیفہ راشد حضرت علی مرتضیٰ کے خلاف آمادہ بہ جنگ ہونا اور عملاً" اس میں شامل ہونا اور جب اس واقعہ کو یاد کرکے یہ آیت " و قرن فی بیوتکن " (اے نبی کی بیویو! اپنے گھروں میں ٹھہری رہو) پڑھتیں تو اتنا روتی تھیں کہ دوپٹہ تر ہو جاتا تھا۔ کو بیان کرنا بھی ' کیا ان کی شان میں گستاخی اور ان پر تہمت یا ان کے مومنہ ہونے پر شک کرنے کی سعی ہے۔ اور جنگ جمل میں جناب عائشہؓ کے خلاف نبرد آزما ہونے والے حضرت علی مرتضیٰ اور ان کے لشکر میں شامل دیگر جلیل القدر اصحاب رسولؐ سزائے موت کے

مستوجب ٹھہرتے ہیں۔

(۴) کیا "صحیح بخاری" کی درس و تدریس اور نشرواشاعت کرنا بھی توہین کے زمرے میں آتا ہے جبکہ اس میں امہات المومنین کے ایمان و اخلاق کے حوالے سے انتہائی چونکا دینے والی روایات جابجا ملتی ہیں جن میں سے ایک یہ ہے کہ "آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک روز خطبہ پڑھتے وقت حضرت عائشہؓ کے گھر کی طرف اشارہ کرکے تین مرتبہ یہ ارشاد فرمایا تھا۔

"یہی فتنہ کے ظہور کی جگہ ہے جہاں سے شیطانی سینگ ابھریں گے۔

(صحیح بخاری جلد ۲ صفحہ ۱۲۷ باب ماجاء فی بیوت النبی)

(مسند امام احمد بن حنبل جلد ۲ صفحہ ۲۳ طبع مصر)

یہ تو بات تھی تہمت اور کردار کشی کے حوالے سے اور اب سوال یہ پیدا ہوتا کہ آیا رسول خداؐ اور آپؐ کے بعد دور خلافت میں بھی ایسی سزا و جزا کا اہتمام تھا؟

حضرت عائشہؓ پر تہمت کس نے لگائی

حدیث افک یعنی ام المومنین حضرت عائشہؓ پر زنا کی تہمت لگانے والوں میں حضرت ابوبکر کے بھانجے اور صحابی رسولؐ مسطح بن اثاثہ بدری، دربار رسالتؐ کے شاعر حسان بن ثابت انصاری اور حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سالی اور ام المومنین حضرت زینب کی بہن حمنہ بنت جحش بھی شامل ہیں۔

كان ناس من اصحاب رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وآله وسلم قد رموا عائشة بالقبيح وافشوا ذالک و تكلموا فيها

حضرت عائشہؓ پر تہمت بد لگانے، اسے افشا کرنے اور لوگوں میں پھیلانے والے صحابہ ہی میں سے تھے۔

(تفسیر فتح القدیر جلد ۴ صفحہ ۱۸ طبع قاہرہ)

ان کی تہمت کے سبب حضورؐ حضرت عائشہؓ سے بد ظن ہوئے اور حضرت عائشہؓ سے قطع تعلق فرما لیا اور نوبت طلاق تک جا پہنچی۔ اور خود حضرت عائشہؓ کہتی ہیں کہ

"اس دن میں دو راتیں اور ایک دن روتی رہی نہ مجھے نیند آئی اور نہ میرے آنسو تھمے اور میں روتی ہی رہی۔ میرے والدین خیال کر رہے کہ رونا میرے جگر کا ٹکڑے ٹکڑے کر دے گا۔

اما زينب بنت جحش فعصمها اللّٰه بدينها فلم تقل الاخيرا و اما اختها حمنةفهلكت فيمن هلك و كان الذى يتكلم فيه مسطح حسان بن ثابت

زینب بن جحش کو اللہ نے ان کی دینداری کی وجہ سے بچا لیا۔ انہوں نے میری نسبت اچھی ہی بات کہی البتہ اور لوگوں کے ساتھ جو تباہ ہوئے ان کی بہن حمنہ بنت جحش بھی تباہ ہوئی اور اس تہمت کا چرچا دو شخص

مسطح بن اثاثہ اور حسان بن ثابت کرتے تھے۔

(۱) صحیح بخاری جلد ۳ صفحہ ۲۴ - ۲۶ طبع دارلکتب العربیہ مصر

(۲) الاستیعاب جلد ۱ ص ۲۹۴ طبع مطبعہ السادہ مصر

(۳) الوسائل الی مسامرۃ الاوائل صفحہ ۷۵ طبع مکتبہ المثنی بغداد

(۴) محاضرۃ الاوائل صفحہ ۱۶۹ طبع مطبعہ المیریہ بولاق مصر

(۵) اسد الغابہ جلد ۲ صفحہ ۶ جلد ۵ صفحہ ۱۵۶ طبع دارالشعب قاھرہ

(۶) کتاب المعارف لابن قتیبہ صفحہ ۱۴۳ طبع مطبعہ حسینیہ مصر

(۷) تفسیر کبیر فخرالدین رازی جلد ۶ صفحہ ۳۵ طبع دارالطباعہ العامرہ استنبول

(۸) مسند امام احمد جلد ۶ صفحہ ۶۰ طبع المطبعہ المیمنیہ مصر

حبرالامت حضرت عبداللہ بن عباس نے جن کا مشہور اکابر اور فاضل صحابہ میں شمار ہوتا ہے نہایت ثقہ اور معتمد بزرگ ہیں حضرت عائشہؓ پر تہمت بد لگانے والوں کی مندرجہ ذیل الفاظ میں نشاندہی کی ہے۔ فرماتے ہیں کہ

ان الذین افتروا علی عائشۃ حسان و مسطح و حمنۃ و عبداللّٰہ بن ابی

"جن لوگوں نے حضرت عائشہؓ پر تہمت بد لگائی وہ حسان بن ثابت' حضرت ابوبکر کے بھانجے مسطح بن اثاثہ' حمنہ بنت جحش اور عبداللہ بن ابی تھے"۔

(تفسیر در منثور جلد ۳ صفحہ ۳۲ طبع بیروت)

لیکن اس کے باوجود حضور کریمؐ نے ان صحابہ کو سزائے موت نہیں دی۔

حضرت عمرؓ کی دخل اندازی

"نبی کریمؐ کے نجی معاملات میں حضرت عمرؓ کی دخل اندازی کا ایک اور واقعہ ہے جو شاید نہ ہوتا اگر ان کی صاحبزادی حضرت حفصہ امہات المومنین میں شامل نہ ہوتیں۔ واقعہ یہ ہے کہ ایک دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حضرت عائشہ صدیقہؓ کے پاس بیٹھے باتیں کر رہے تھے کہ ازواج مطہرات نے زینب بنت جحش کے ہاتھ پیغام بھیجا کہ ان سے انصاف نہیں کیا جاتا۔ عائشہؓ کی محبت میں ان پر زیادتی ہوتی ہے۔ اس کے بعد جب حضرت ماریہ کے ہاں حضرت ابراہیم پیدا ہوئے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ازراہ محبت بچے سے شغف فرمانے لگے تو حضرت حفصہ ' حضرت عائشہؓ اور ان کی دیکھا دیکھی تمام امہات المومنین نے شکایت کی یہاں تک کہ حضورؐ نے ان سے علیحدگی اختیار کر لینے کی تہدید کا خیال ظاہر فرمایا۔ حضرت ابن عباس سے ایک صحیح روایت ہے کہ انہوں نے حضرت عمرؓ سے سوال کیا۔ امہات المومنین میں سے وہ دو کون تھیں جنہوں نے یہ شکایت کی؟ حضرت عمرؓ نے فرمایا۔ حفصہ اور عائشہؓ ! اس کے بعد کہا' واللہ ! ہم جاہلیت میں عورتوں کی کوئی حیثیت نہ سمجھتے

تھے یہاں تک کہ اللہ نے ان کے بارے میں جو نازل کرنا تھا' کیا اور جو حصہ انہیں دلوانا تھا' دلوایا۔ ایک دفعہ مجھے کوئی معاملہ درپیش آیا۔ میری بیوی نے آکر کہا "آپ ایسا کیوں نہیں کر لیتے"؟ میں نے کہا۔ "تم کون ہوتی ہو؟ تم سے اس معاملے میں دخل دینے کو کس نے کہا ہے؟" وہ بولی۔ "ابن خطاب! تعجب ہے۔ تم میری ذرا سی دخل اندازی برداشت نہیں کرسکتے اور تمہاری بیٹی رسول اللہ ؐ کو ایسا جواب دیتی ہے کہ حضورؐ دن بھر غضب ناک رہتے ہیں۔ حضرت عمرؓ نے کہا۔ یہ سنتے ہی میں نے چادر اٹھائی اور گھر سے نکل کر سیدھا حفصہ کے پاس پہنچا اور اس سے کہا "بیٹی! کیا تم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ایسا جواب دیتی ہو کہ حضورؐ دن بھر غضب ناک رہتے ہیں؟ حضرت حفصہ ؓ نے کہا "ہاں! خدا کی قسم! ہم آپؐ کو جواب دیتے ہیں"۔ میں نے کہا "دیکھو! میں تمہیں اللہ کی سزا اور اس کے رسولؐ کے غضب سے ڈراتا ہوں۔ بیٹی! اپنے متعلق کسی غلط فہمی میں مبتلا نہ ہو۔ اس (عائشہ) کو تو اس کے حسن اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی محبت نے نازاں کر دیا ہے"۔ یہ کہہ کر میں وہاں سے نکلا اور ام سلمہ کے پاس پہنچا جو میری رشتہ دار تھیں۔ جب اس سلسلے میں ان سے بات ہوئی تو ام سلمہ نے کہا ابن خطاب! حیرت ہے تم ہر بات میں دخل دیتے دیتے اب یہ چاہتے ہو کہ رسول اللہؐ اور آپؐ کی ازواج کے معاملات میں بھی دخل دینے لگو!" حضرت عمرؓ فرماتے ہیں۔ ان کی یہ بات میرے دل میں بیٹھ گئی۔ میں جو آگے کہنا چاہتا تھا نہ کہہ سکا اور ان کے پاس سے اٹھ کر چلا آیا۔ ایک انصاری میرے دوست تھے۔ ہم میں سے کسی ایک کی غیر موجودگی میں جو باتیں ہوتیں وہ ہم ایک دوسرے کو سنا دیا کرتے تھے۔ ان دنوں ہم غسان کے ایک بادشاہ سے خوف زدہ تھے اس کے متعلق سننے میں آیا تھا کہ وہ ہم پر حملہ کرنا چاہتا ہے اور ہمارے دل ہر وقت اس متوقع حملے کے خیالات سے لبریز رہتے تھے۔ ایک دن میرے انصاری دوست نے زور زور سے کنڈی کھٹکھٹائی اور کہا "دروازہ کھولو!" دروازہ کھولو! میں نے گھبرا کر پوچھا۔ "کیا غسانی آگیا؟" بولے "نہیں! اس سے بھی بڑا حادثہ پیش آگیا ہے۔ رسول اللہؐ نے ازواج مطہرات سے علیحدگی اختیار فرمالی ہے۔" میں نے کہا " برا ہوا! حفصہ اور عائشہ کا!"۔

(عمر فاروق اعظم از محمد حسین ہیکل مترجم حبیب اشعر صفحہ ۸۶'۸۷ طبع لاہور)

امام بخاری نے اسی واقعہ کو ان الفاظ میں لکھا ہے

"حضرت عمرؓ کی زوجہ نے کہا خطاب کے بیٹے تم پر تعجب آتا ہے میں نے اگر تم سے دو باتیں کیں تو برائی ہوئی تمہاری بیٹی حفصہ تو آنحضرتؐ سے ایسی باتیں کرتی ہے۔ بڑھ بڑھ کر جواب دیتی ہے کہ حضور نبی کریمؐ سارا دن اس پر غصے رہتے ہیں حضرت عمرؓ نے کہا ہاں یہ بات ہے یہ سنتے ہی اپنی چادر سنبھالی اور سیدھے حفصہ کے پاس گئے ان سے کہنے لگے اے بیٹی یہ کیا بات ہے تو آنحضرتؐ سے بڑھ بڑھ کر باتیں بناتی ہے۔ سوال جواب کرتی ہے۔ آپؐ سارا دن تجھ پر غصے رہتے ہیں۔ حفصہ نے کہا بے شک ہم تو خدا کی قسم ایسا کیا کرتے رہتے ہیں۔

حضرت عمرؓ نے کہا دیکھ یاد رکھ میں تجھ کو اللہ اور اللہ کے عذاب اور اس کے رسولؐ کے غصے سے ڈراتا ہوں۔ تجھے یہ عورت (عائشہ) کہیں دھوکے میں نہ ڈالے جس کے حسن و جمال نے پیغمبرؐ کو دیوانہ بنا رکھا ہے مراد اس "عورت" سے عائشہ تھی"۔

(صحیح بخاری مترجم جلد ۲ صفحہ ۵۷۳ طبعہ نعمانی کتب خانہ لاہور)

ایک دفعہ امام شہاب الدین زہری نے حضرت عائشہ کو سب و شتم کرنے والے شخص کے قتل کا فتوی دیا تو وہ شخص باآواز بلند کہنے لگا۔

یا زھری ما حجتک عند اللّٰہ اتقتلون رجلا یقول ربی اللّٰہ و محمد رسول نبی

"اے زہری! تو اللہ تعالیٰ کے ہاں کیا جواب دے گا کیا تو اس شخص کو قتل کرنا چاہتا ہے جو اقرار کرتا ہے کہ اللہ میرا رب ہے اور محمدؐ اللہ کے رسول اور نبی ہیں"۔

شیخ الاسلام سراج الدین مخزومی کہتے ہیں کہ

فکان الزھری بعد ذالک لا یزال بذک قولہ و یبکی و یقول انی اخاف من قتل ذلک الرجل ان یواخذنی اللّٰہ بہ یوم القیامۃ

"امام زہری اپنے اس (غلط) فیصلے کو یاد کرکے ہمیشہ بہت روتے اور کہتے تھے کہ مجھے خوف ہے کہ اس شخص کے قتل پر اللہ تعالیٰ قیامت کے دن مجھ سے حساب لیں گے۔

(الیواقیت والجواھر جلد ۲ صفحہ ۱۲۶ مطبع حجازی مصر)

تیسرا شبہ

"جس نے ابوبکر صدیق کی خلافت یا حضرت عمر کی خلافت کے حق ہونے سے انکار کیا وہ کافر سمجھا جائے گا"۔

متذکرہ بالا رائے رکھنے والے کو جاننا چاہئے کہ کفر کے اس فتویٰ کی لپیٹ میں وہ بہت سے صحابہ کرام آجاتے ہیں جنہوں نے شیخین کی خلافت کو تسلیم نہیں کیا تھا۔

علاوہ ازیں خلافت شیخین کے منکر کے لئے سزا کا مطالبہ بھی بلا سوچے سمجھے کیا گیا کیونکہ اس جرم کی پاداش میں کئی ایک صحابہ کو بھی قید اور کوڑوں کی سزا کا مستحق ماننا پڑے گا جو بذات خود صحابہ کی توہین ہے۔

کتب احادیث و تواریخ کے سرسری مطالعے ہی سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ مہاجرین و انصار میں سے بڑے بڑے جلیل القدر بدری صحابہ کرام نے حضرت ابوبکر کی خلافت کو تسلیم نہیں کیا لیکن حکومت وقت کی طرف سے ان کے خلاف نہ کوئی شرعی حد جاری کی گئی اور نہ ہی کوئی تعزیری کارروائی عمل میں لائی گئی جس سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ حضرت ابوبکر کی خلافت کا انکار نہ تو کوئی گناہ ہے اور نہ ہی کوئی جرم۔

حضرت سعدؓ بن عبادہ انصاریؓ

۱۔ شاہ عبدالعزیز دہلوی لکھتے ہیں۔ "سعد بن عبادہ انصاری نے حضرت ابوبکر کی خلافت کو تسلیم ہی نہ کیا جبکہ ابان بن عثمان نے حضرت علی مرتضیٰ کی بیعت نہیں کی"۔

(فتاوی عزیزی جلد ۱ صفحہ ۲۰ مطبوعہ مجتبائی دہلی)

۲۔ حافظ امام ابن تیمیہ الحنبلی کہتے ہیں کہ

"سعد بن عبادہ کے ساتھ حضرت حباب بن منذر صحابی بھی خلافت ابوبکر کے منکر تھے"۔

(منہاج السنہ جلد ۳ صفحہ ۲۲۶ مطبع الامیریہ بولاق مصر)

۳۔ حضرت ملا علی قاری الحنفی ان الفاظ میں لکھتے ہیں۔

ثم کلهم بایعوا ابابکر الا سعد بن عبادة لکونه هو الذی کان یطلب الولایة

"تمام نے حضرت ابوبکر کی بیعت کر لی مگر حضرت سعد بن عبادہ نے حضرت ابوبکر کی بیعت نہ کی چونکہ یہ خود ہی خلافت کے طلبگار تھے"۔

(شرح فقہ اکبر صفحہ ۷۵ طبع مجتبائی دہلی)

۴۔ علامہ جمال الدین محدث ارقام فرماتے ہیں۔

"اس کے بعد انصار نے ابوبکر کی بیعت کر لی مگر انصار کے ایک گروہ نے کہا کہ کسی کی بیعت نہیں کرتے بلکہ ہم تو علی بن ابی طالب کی ہی بیعت کریں گے"۔ (روضتہ الاحباب جلد ۲ صفحہ ۲۳ طبع تیغ بہادر لکھنؤ)

۵۔ علامہ حافظ ابن عبدالبر قرطبی لکھتے ہیں

ان سعد (ابن عبادة) ابی یبایع اباکر حتی لقی اللّٰه تعالٰی

"حضرت سعد نے حضرت ابوبکر کی بیعت کرنے سے انکار کیا حتی کہ فوت ہو گئے"۔

(استیعاب بر حاشیہ اصابہ جلد ۲ صفحہ ۲۴۰ طبع مطبعہ سعادہ مصر)

۶۔ علامہ کمال الدین دمیری یوں رقمطراز ہیں

مما اشتهر ان سعد بن عبادة رضی اللّٰه عنه لما لم یبایعه الناس و بایعوا ابابکرؓ سار الی الشام فنزل حولان و اقام بها الی ان مات فی سنة خمس عشرة (الی ان قال) ووقع فی صحیح

مسلم ان سعدا شهد بدرا

"یہ بات مشہور ہے کہ جس وقت لوگ حضرت ابوبکر کی بیعت کر رہے تھے تو سعد بن عبادہ اس وقت شام کی طرف چلے گئے اور شام کے شہر حوران میں اقامت اختیار کی۔ یہاں تک کہ وہاں ہی ۱۵ ھ میں وفات پائی اور صحیح مسلم میں ہے کہ سعد بن عبادہ جنگ بدر میں شریک تھے"۔

(حیات الحیوان جلد ۱ صفحہ ۱۸۸ طبع مطبعہ الحلبی واولادہ مصر)

۷۔ قاضی القضاۃ علامہ ابن قتیبہ دینوری نے اس قضیہ کو عنوان "تخلف سعد بن عبادہ عن البیعہ" کے تحت ان الفاظ میں تحریر فرمایا ہے۔

فکان سعد لا یصلی بصلاتهم ولا یجتمع بجمعتهم ولا یفیض بافاضتهم ولو یجد علیهم اعوانا لصال بهم ولو یبایعه احد علی قتالهم لقاتلهم فلم یزل کذلک حتی توفی ابوبکر وولی عمر بن الخطاب فخرج الی الشام فمات بها و لم یبایع لاحد رحمة اللّٰه

"سعد بن عبادہ نے بھی ابوبکر کی بیعت نہ کی اور سعد بن عبادہ ان لوگوں کے ساتھ جو بیعت ابوبکر کرنے، کرانے والے تھے، نہ نماز پڑھتے نہ جمعہ ان کے ساتھ پڑھتے اور نہ ان کی نقل و حرکت میں انفاق کرتے تھے۔ اگر کوئی مدد گار پا لیتے تو ضرور حملہ کر دیتے۔ سعد اپنی اس بات پر قائم رہے تاآنکہ حضرت ابوبکر وفات پا گئے اور حضرت عمر والی بنے تو حضرت سعد بن عبادہ شام کی طرف چلے گئے اور وہاں ہی واصل بحق ہوئے اور کسی کی بیعت نہ کی۔ بنی ہاشم بیعت انصار کے وقت علی بن ابی طالب کے پاس جمع ہو گئے اور زبیر بن عوام بھی ان کے ساتھ تھے"۔

(الامامت والسیاست جلد ۱ صفحہ ۱۱ طبع مطبعہ فتوح الادبیہ مصر)

۸۔ علم عرب کی مشہور لغت المنجد فی الاعلام جلد ۲ صفحہ ۳۵۵ مطبوعہ دارالمشرق بیروت میں لکھا ہے۔

"سعد بن عبادہ صحابی انصاری قبیلہ خزرج کے سردار تھے اور بیعت عقبہ میں حاضر ہونے والے نقیبوں میں سے تھے۔ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی وفات کے بعد انہوں نے شیخین یعنی ابوبکر و عمر کی مرتے دم تک بیعت نہ کی"۔

۹۔ علامہ محمد عنایت اللہ حنفی فرنگی محلی کہتے ہیں کہ

"حضرت سعد بن عبادہ حضرت ابوبکر اور حضرت عمر کی خلافت کے خلاف تھے بلکہ وہ خود اپنے کو خلافت کا مستحق سمجھتے تھے اسی وجہ سے انہوں نے حضرت ابوبکر کی بیعت نہیں کی اور ترک سکونت کرکے حوران جو شام کے قریب ایک مقام ہے چلے گئے اور وہی ۱۵ھ میں یا کچھ بعد دفعتہً وفات پائی"۔

(الھدیہ المزجاہ لقراء المشکواہ صفحہ ۶۴ طبع لکھنؤ)

۱۰۔ حکومت مصر کے سابق وزیر تعلیم محمد حسین ھیکل عنوان "سعد بن عبادہ کا انکار بیعت" کے تحت لکھتے ہیں۔

"سعد بن عبادہ سے کہا گیا کہ آپ بھی بیعت کر لیجئے کیونکہ تمام مسلمانوں اور خود آپ کی قوم نے بیعت کر لی ہے لیکن انہوں نے انکار کر دیا اور کہا۔ اللہ کی قسم! ایسا نہیں ہوسکتا جب تک میرے ترکش کا آخری تیر تم پر وار کرنے میں ختم نہ ہو جائے میرے نیزے کا پھل تمہارے خون سے سرخ نہ ہو جائے میری تلوار کے جوہر نمایاں نہ ہو جائیں اور میں اپنے اہل خاندان اور پیروکاروں کے ساتھ تم سے جنگ نہ کرلوں.....

سعد نہ ان کے ساتھ نماز پڑھتے اور نہ ان کے ساتھ شامل ہو کر حج کے ارکان بجالاتے ابوبکر کی وفات تک ان کی یہی حالت رہی"۔

(سیرت ابوبکر صفحہ ۱۱۳ - ۱۱۵ طبع مکتبہ جدید لاہور)

۱۱۔ اسی طرح نبراس کے فاضل محشی ملا محمد برخوردار ملتانی نے بھی اس واقعہ کو تحریر کیا ہے جس کا خلاصہ ہم یہاں نقل کر رہے ہیں۔

"سعد بن عبادہ نے ان کی خلافت کو تسلیم نہیں کیا اور نہ ان کے ساتھ کسی پروگرام میں شامل ہوتے نہ ان کے ساتھ مسجد میں نماز پڑھتے نہ ان کو سلام دیتے تھے جب حضرت عمر خلیفہ بنے تو اس وقت ان کو بیعت کرنے کے متعلق کہا گیا تو صاف انکار کر دیا یہاں تک ۱۵ ہجری کو شام میں وفات پا گئے"۔

(حاشیہ نبراس علی شرح العقائد صفحہ ۴۹۴ طبع میرٹھ)

مزید حوالہ جات

(۱) تاریخ طبری جلد ۲ صفحہ ۲ طبع مصر (۲) عقد الفرید جلد ۴ صفحہ ۲۵۹۔ ۲۶۰ و جلد ۲ صفحہ ۲۵۱ طبع مصر (۳) مروج الذہب جلد ۲ صفحہ ۳۰۱ طبع مطبعہ سعادہ مصر (۴) تاریخ کامل ابن اثیر جلد ۳ صفحہ ۳۴۱ طبع مطبعہ الحلبی مصر (۵) اسد الغابہ جلد ۲ صفحہ ۲۸۴ جلد ۳ صفحہ ۲۲۲۔ ۲۲۳ صفحہ ۳۳۱ طبع میمنیہ مصر (۶) شرح ابن ابی الحدید معتزلی جلد ۲ صفحہ ۴ جلد ۶ صفحہ ۱۰۔۱۱ طبع میمنیہ مصر (۷) الاصابہ فی تمیز الصحابہ جلد ۲ صفحہ ۳۰ طبع سعادہ مصر (۸) الطبقات الکبری لابن سعد جلد ۴ صفحہ ۱۵۴ طبع بیروت (۹) سیر انصار جلد ۲ صفحہ ۲۹ طبع اعظم گڑھ (۱۰) انساب الاشراف جلد ۱ صفحہ ۵۸۹ طبع دارالمعارف مصر (۱۱) عصر الخلفاء الراشدین جلد ۱ صفحہ ۳۷ طبع مکتبہ الانجلوا المصریہ قاہرہ (۱۲) الریاض المستطابہ صفحہ ۲۴۹۔ طبع موسسہ المعارف بیروت (۱۳) سیرت حلبیہ جلد ۳ صفحہ ۳۹۶ مطبع ازھریہ مصر (۱۴) تاریخ اسلام للذہبی جلد ۲ صفحہ ۱۴ طبع مکتبہ القدسی قاھرہ۔

حضرت سعد بن عبادہ انصاریؓ کا مرتبہ اور مقام

سعد بن عبادہ بن دلیم بن حارثہ خزرجی' خاندانی طور پر انتہائی سخی اور فیاض تھے۔ آپ انصار کے مشہور قبیلہ خزرج کے ایک معتبر اور اعلیٰ صفت سردار تھے۔ آپ کی کنیت ابو ثابت اور ابو قیس ہے۔ عقبہ ثانیہ کے تحت اسلام قبول کرنے والوں میں آپ بھی شامل تھے اور حضور کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے بلند پایہ اصحاب میں آپ کاشمار ہوتا تھا۔ آپ کی علمی قابلیت اور فضیلت کاسب اصحاب رسولؐ اعتراف کرتے تھے۔ یہی وجہ ہے کہ صحیح بخاری میں آپ کے بارے میں لکھا ہے کہ "اسلام میں آپ کا مرتبہ اور پایہ بہت بلند تھا"۔ صحیح مسلم میں تحریر ہے کہ سعد بن عبادہ کو جنگ بدر میں شامل ہونے کا شرف حاصل تھا۔ امام ابن تیمیہ منہاج السنہ جلد ۳ صفحہ ۲۱۶ میں لکھتے ہیں کہ "سعد بن عبادہ جنتی اور سابقین اولین میں سے ہیں"۔ غزوہ احد کے موقع پر آپ کو حضرت رسول خداؐ کے مکان کی حفاظت کی ذمہ داری سپرد کی گئی اور غزوہ خندق میں انصار کا جھنڈا آپ کے ہاتھ میں تھا۔ علاوہ ازیں آپ غزوہ بدر' حدیبیہ اور بیعت رضوان اور دیگر تمام غزوات میں بھی شریک رہے۔ آپ نے اس دارفانی سے ۱۵ ہجری میں انتقال فرمایا۔ انا للہ و انا الیہ راجعون

☆ ☆ ☆

حضرت علی بن ابی طالبؑ

"حضرت عباس' حضرت علی' ان کی زوجہ حضرت فاطمہ حلقہ بیعت میں حاضر نہ ہوئے"

(صحیح بخاری جلد ۴ صفحہ ۱۱۱ طبع دارالکتب العربیہ مصر)

مصر کے مشہور عالم استاد عبدالوھاب النجار لکھتے ہیں

حضرت علی مرتضیٰ' فاطمہ زہرا اور سعد بن عبادہ انصاری نے حضرت ابوبکر کی خلافت کو تسلیم نہیں کیا۔

(الخلفاء الراشدون صفحہ ۲۱ طبع بیروت)

شاہ ولی اللہ محدث دہلوی تحریر کرتے ہیں کہ

"زبیر اور جماعت بنی ہاشم حضرت فاطمہ زہرا کے گھر میں جمع ہو کر ابوبکر کی خلافت کو توڑنے کے بارے میں مشورے کرتے تھے"۔

(ازالۃ الخفاء جلد ۲ صفحہ ۲۹ طبع صدیقی بریلی)

علامہ شبلی نعمانی لکھتے ہیں

"بنو ہاشم ہمیشہ استعجاب کی نگاہ سے دیکھتے تھے کہ ان کے ہوتے تیمی اور عدی خلافت پر کیونکر قبضہ کر بیٹھے ہیں۔ حضرت ابوبکر کے زمانے میں تو اعلانیہ نقض خلافت کے مشورے ہوتے رہے"۔

الفاروق جلد ۲ صفحہ ۸۳ مطبع قدیمی دہلی)

حضرت سلمان فارسی حضرت عمر کو خلیفہ تسلیم نہیں کرتے تھے۔ جیسا کہ درج ذیل روایت سے واضح ہے۔

"حضرت سلمان سے روایت ہے کہ حضرت عمر نے ان سے پوچھا کہ میں بادشاہ ہوں یا خلیفہ؟ حضرت سلمان نے کہا آپ تو خراج جمع کرتے ہیں اور پھر غیر ضروری طور پر اسے صرف کرتے ہیں۔ لہٰذا آپ بادشاہ ہو سکتے ہیں نہ کہ خلیفہ"۔

(ازالۃ الخفاء جلد ا صفحہ ۴۶۳ فصل ششم طبع کراچی)

جناب ابو سفیان بن حرب

جناب ابو سفیان بن حرب نہ صرف حضرت ابوبکر کی خلافت کے منکر تھے بلکہ وہ حضرت ابوبکر کو انتہائی گھٹیا لفظوں سے یاد کرتے تھے اور حضرت ابوبکر کے مسند خلافت پر بیٹھنے کی خبر سننے کے بعد وہ آپے سے باہر ہو گئے اور ہر طرف مختلف شہروں میں شور مچاتے رہے اور خلافت ابوبکر کا برملا انکار کرتے رہے۔

چنانچہ علامہ حافظ جلال الدین سیوطی متوفی ۹۱۱ھ لکھتے ہیں۔

جاء ابو سفیان بن حرب الی علی فقال ما بال هذه الامر فی اقل قریش قلة واذالها ذلا یعنی ابابکر واللّٰه لئن شئت لاملائها علیه خیلا و رجالا

"ابو سفیان بن حرب حضرت علی کے پاس آئے اور کہنے لگے کہ اس خلافت کی کیا گت بن گئی جو قلت اور ذلت دونوں اعتبار سے قریش کے سب سے چھوٹے اور سب سے ذلیل ترین شخص یعنی ابوبکر کے سپرد کی گئی خدا کی قسم اگر آپ چاہیں تو سواروں اور پیادوں کو اس کے خلاف لے کر آجاؤں"۔

(تاریخ الخلفا صفحہ ۴۹ طبع مجیدی کانپور)

علامہ محمد بن جریر الطبری نے بھی اس واقعہ کو تین سندوں کے ساتھ نقل کیا ہے۔

"جناب ابو سفیان ایک مرتبہ حضرت علی مرتضٰی کے پاس پہنچے اور فوراً کہنے لگے مابال هذا الامر فی اقل حی من قریش اس خلافت کی کیا حالت ہو گئی ہے کہ جو قریش کے سب سے گھٹیا قبیلے کو دے دی گئی"۔

اور ایک دفعہ آکر یہ کہنے لگے

مالنا لا بی فصیل انما هی بنو عبد مناف

"ہمیں اس اونٹ یا گائے کے بچے والے (ابوبکر) سے کیا سروکار یہ (خلافت) تو عبد مناف میں رہنی چاہئے۔"

(تاریخ طبری جلد ۳ صفحہ ۲۰۲ طبع حسینیہ مصر)

علامہ علی متقی برھان پوری حنفی نے اس روایت کو حضرت امام زین العابدین سے بحوالہ ابو احمد الدہقان اور سوید ابن غفلہ بحوالہ ابن عساکر دمشقی ان الفاظ میں نقل کیا ہے۔

ان ابا سفیان جاء الی علی فقال یا علی بایعوا رجلا اذل قریش قبیله

"ابو سفیان حضرت علی کے پاس آئے اور کہا اے علی کیا ان لوگوں نے ایسے شخص کی بیعت کر لی جو قریش کے سب سے زیادہ ذلیل قبیلے سے تعلق رکھتا ہے"۔

(کنز العمال جلد ۳ صفحہ ۱۴۰ طبع حیدر آباد دکن)

(انساب الاشراف جلد ۱ صفحہ ۸۸ طبع دار المعارف مصر)

علامہ احمد ابن حجر ہیتمی امام دار قطنی کے حوالے سے لکھتے ہیں

اخرجه الدار قطنی ان ابا سفیان بن حرف رضی اللّٰه عنه قال لعلی باعلٰی صوته لما بیع الناس ابابکر رضی اللّٰه عنه یا علی غلبکم علی هذا الامر اذل بیت فی قریش اما واللّٰه لا ملائها علیه خیلا و رجلا ان شئت

جب لوگوں نے حضرت ابوبکر کی بیعت کر لی تو ابوسفیان بن حرب نے بلند آواز سے حضرت علی سے کہا۔ اے علی اس معاملہ میں قریش کا ذلیل ترین گھرانہ آپ پر غالب آگیا ہے اگر آپ چاہیں تو رب کعبہ کی قسم سواروں اور پیادوں کو اس کے خلاف لے کر آجاؤں"۔

(صواعق محرقہ صفحہ ۳۷ طبع میمنیہ مصر)

(تاریخ کامل جلد ۱ صفحہ ۱۲۴ طبع بیروت)

علامہ کمال الدین جہرمی اسی واقعہ کو یوں تحریر فرماتے ہیں۔

سفیان بن حربؓ در وقتیکه مردم بابو بکر بیعت می کرد باواز بلند با حضرت علیؓ گفت ای علی فرود ترین اہل قریش درین امر خلافت شد بر شمابخدائی سوگنداگر خواہی پر سازم مدینه را از سوار و پیاده

"جس وقت لوگوں نے حضرت ابوبکر کی بیعت کر لی تو ابوسفیان نے باآواز بلند کہا اے علی اس خلافت میں قریش کا ذلیل ترین طبقہ آپ پر غالب آگیا ہے۔ خدا کی قسم اگر آپ چاہیں تو ان کے خلاف مدینہ سواروں اور پیادوں سے بھر دوں"۔

(براہین قاطعہ صفحہ ۱۲۶ طبع مطبع محمدی لاہور)

ابو سفیان نے ایک اور موقع پر حضرت ابوبکر کو کہا

"سب سے زیادہ رذیل شخص"

(استیعاب جلد ۱ صفحہ ۳۴۵ طبع حیدر آباد دکن)

بلکہ مدینہ شہر کی گلی اور کوچوں میں گشت لگاتے ہوئے یہ شعر پڑھ رہے تھے

بنی هاشم لا تطمعوا الناس فیکم ولا سیما تیم بن مرة اوعدی
فما الامر الا فیکم والیکم ولیس لکها الا ابو حسن علیؓ

اے بنو ہاشم تمہاری موجودگی میں کسی کو امر خلافت کا لالچ نہ کرنا چاہئے اور خصوصاً بنو تیم اور بنو تیم اور بنو عدی کو' پس خلافت تمہارے لئے ہے اور تم خلافت کے لئے ہو اور اس کے لئے کوئی زیبا نہیں مگر علی مرتضیٰؓ۔

(الاخبار الموتقیات صفحہ ۵۷۷ طبع مکتبہ العانی بغداد)

ابو سفیان کے اس عمل (حضرت ابوبکر کی خلافت تسلیم نہ کرنے) کو حسب ذیل علماء نے بھی اپنی تالیفات میں تحریر کیا ہے۔

(۱) علامہ محب الدین طبری شافعی' الریاض النضرہ جلد اول صفحہ ۱۹۷ مطبعہ دارالتالیف مصر ۱۹۵۳ء (۲) علامہ عبدالرزاق' المصنف جلد ۵ صفحہ ۴۵۱ طبع ادارۃ القرآن والعلوم الاسلامیہ کراچی (۳) ڈاکٹر عبدالحمید' عصر الخلفاء الراشدین صفحہ ۴۹ طبع مکتبہ الانجلو قاہرہ (۴) امام ابن تیمیہ' منہاج السنہ (۵) امام ابن خلدون' تاریخ ابن خلدون حصہ اول صفحہ ۲۲۱ طبع نفیس اکیڈمی کراچی۔

بلکہ امام ابن تیمیہ الحنبلی نے تو یہاں تک لکھا ہے کہ

فالعباس بن عبدالمطلب اکبر بنی ہاشم وابو سفیان بن حرب اکبر بنی امیة و کلاهما کانا یمیلان الی علی رضی اللّٰہ عنہٗ

"ہاشمیوں میں سب سے بڑے حضرت عباس بن عبدالمطلب اور بنو امیہ میں سب سے بڑے ابو سفیان بن حرب دونوں کا جھکاؤ علی بن ابی طالب کی طرف تھا"۔

(منہاج السنہ جلد ۲ صفحہ ۱۹۷ مطبع المیریہ بولاق' مصر)

دیگر صحابہ کرام جنہوں نے خلافت ابوبکر کو تسلیم نہیں کیا

مشہور مورخ علامہ ابوالفداء متوفی ۷۳۲ھ اور حلب شہر کے قاضی الحنفیہ علامہ محب الدین محمد ابن شحنہ حلبی حنفی متوفی ۸۱۷ھ دونوں نے ان صحابہ کرام کے اسماء گرامی تحریر فرمائے ہیں جنہوں نے حضرت ابوبکر کی خلافت کو تسلیم کرنے سے انکار کر دیا تھا چنانچہ لکھتے ہیں۔

حضرت عمر نے ابوبکر سے بیعت کر لی بعد ازاں دوسرے لوگ بھی بیعت کرنے لگے مگر جماعت بنی ہاشم اور صحابہ کرام سے ایک جم غفیر نے خلافت ابوبکر سے انکار کر دیا جنہوں نے انکار کیا ان میں سے بعض کے نام یہ ہیں۔ زبیر بن العوام' عتبہ بن ابی لھب' خالد بن سعید بن عاص مقداد بن اسود' سلمان

فارسی ' ابوذر غفاری ' عمار بن یاسر ' براء بن عازب ' ابی بن کعب اور معاویہ کے والد ابو سفیان بن حرب - یہ سب حضرت علی مرتضٰی کے ہمراہ ہو گئے اور خلافت ابوبکر کو تسلیم کرنے سے انکار کیا- عتبہ بن ابی لھب نے اپنے نظریہ کو ان اشعار میں بیانگ دہل بیان فرمایا ہے-

ما کنت احسب ان الامر منصرف عن هاشم ثم منهم عن ابی حسن
عن اول الناس ایمانا و سابقة و اعلم الناس بالقرآن والسنن
و آخر الناس عهدا بالنبی و من جبریل عون له فی الغسل والکفن
من فیه مما فیهم لا یمترون به و لیس فی القوم ما فیه من الحسن

"میں نہیں جانتا تھا کہ خلافت اور حکومت اولاد ہاشم سے جاتی رہے گی اور ابوالحسن علی المرتضٰی جو سب سے پہلے ایمان لائے اور سب سے پہلے مسلمان ہوئے اور قرآن و سنت کو اچھی طرح جانتے تھے اور جس نے آخر وقت حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو غسل دیا اور حضرت جبرئیل نے ان کی غسل اور کفن دینے میں مدد کی- ان کو بھی خلافت نہ ملے گی اور دوسرے شخص کے ہاتھ میں چلے جائے گی-"

(۱) (تاریخ ابوالفداء جلد ۲ صفحہ ۶۳ طبع دارصادر بیروت)
(۲) (روضہ المناظر برحاشیہ کامل جلد ۷ صفحہ ۱۶۴ طبع مصر)
(۳) (تاریخ الیعقوبی جلد ۲ صفحہ ۱۳۸ طبع دار صادر بیروت)

مصر کے مشہور سکالر علامہ محمد رضا مصری تحریر کرتے ہیں-

و ممن تخلف عن بیعة ابیبکر عتبة بن ابی لهب و خالد بن سعید والمقداد بن عمرو سلمان الفارسی و ابو ذر و عمار بن یاسر و البراء بن عازب و ابی بن کعب و مالوا مع علی و تخلف ایضا" ابو سفیان من بنی امیة

جن صحابہ کرام نے حضرت ابوبکر کی خلافت کو تسلیم نہیں کیا تھا ان کے میں سے عتبہ بن ابی لعب' خالد بن سعید' مقداد بن عمرو' سلمان فارسی' ابوذر' عمار بن یاسر' براء بن عازب' ابی بن کعب اور خاندان بنو امیہ سے ابو سفیان- یہ سب علی بن ابی طالب کی طرف مائل تھے-

(ابوبکر الصدیق صفحہ ۳۵ طبع بیروت)

اس مختصر سی بحث سے اس حقیقت کا پتہ چلتا ہے کہ بے شمار صحابہ کرام نے حضرت ابوبکر کی خلافت کا انکار کیا جن میں سے درج ذیل نام تواتر سے کتب میں نقل کیے گئے ہیں:-

(۱) حضرت علی مرتضٰی بمع بنی ہاشم (۲) سعد بن عبادہ (۳) زبیر ابن العوام (۴) عتبہ بن ابی لھب (۵) خالد بن سعید بن العاص (۶) مقداد بن اسود (۷) سلمان الفارسی (۸) ابوذر غفاری (۹) عماربن یاسر (۱۰) براء

بن عازب (۱۱) ابی بن کعب (۱۲) ابو سفیان بن حرب (۱۳) حباب بن منذر

وفاقی شرعی عدالت کے سابق جسٹس مولانا ملک غلام علی اپنی کتاب خلافت و ملوکیت پر اعتراضات کا تجزیہ صفحہ ۲۷۱ طبع لاہور میں لکھتے ہیں:

"حضرت سعد بن عبادہ نے آخر دم تک حضرت ابوبکر کی بیعت نہ کی اور وہ انصار کو مستحق خلافت سمجھتے تھے۔ یہ مشہور تاریخی واقعہ ہے۔ بعض مورخین کا بیان ہے کہ وہ حضرت ابوبکر و عمر کے پیچھے نماز پنجگانہ اور جمعہ نہیں پڑھتے تھے نہ ان کی قیادت میں حج کرتے تھے اگر انہیں ساتھی مل جاتے تو وہ ان سے جنگ آزما ہونے میں بھی تامل نہ کرتے۔ لیکن کسی نے انہیں باغی قرار دے کر نہ قید کیا نہ قتل کیا۔ دوسرا مشہور تاریخی واقعہ حضرت امیرمعاویہ کے والد ماجد حضرت ابوسفیان کا ہے جسے استیعاب اور دوسری کتابوں میں بیان کیا گیا ہے۔ جب حضرت ابوبکر کی بیعت ہوئی تو ابو سفیان حضرت علی کے پاس آکر کہنے لگے کہ "یہ کیا ہوا کہ قریش کے سب سے چھوٹے قبیلے نے خلافت پر قبضہ کر لیا؟ اے علی اگر تم پسند کرو تو خدا کی قسم میں اس وادی کو پیادوں اور سواروں سے بھر سکتا ہوں۔

اک حرف ناصحانہ

علامہ ابو الحسنات عبدالحی لکھنوی بحوالہ شرح مسلم یوں رقم طراز ہیں۔

المحققون من الحنفیة والمتکلمین ذهبوا الی عدم تکفیر الروافض بانکارهم خلافة ابی بکر و عمر (الی ان قال) حتی قبلوا شهادتهم و ما وقع فی الخلاصة و غیرها من الفتاوٰی من صریح الکفر لم ینقل عن ابی حنیفة و انما هو من تفریعا المشائخ کالفاظ التکفیر المنقولة فی الفتاوٰی کیف و قد نص الامام ابوحنیفة والشافعی رحمهما اللّٰه لعدم تکفیر احد من اهل القبلة لکونه علی تاویل فاحفظ ولا تسرع فی تکفیر فرق الاسلام

حنفی محققین اور متکلمین علماء حضرت ابوبکر و عمر کی خلافت کے انکار کی وجہ سے روافض کو کافر نہیں سمجھتے حتی کہ ان کی گواہی کو قبول کرتے ہیں اور جو خلاصہ اور دوسرے فتاوٰی میں ان کی کفر کی تصریح ہے وہ امام ابو حنیفہ سے منقول نہیں ہے بلکہ مشائخ کی تفریعات سے ہے جیسا کہ الفاظ کفر جو عموماً" فتاوٰی میں نقل ہوئے ہیں کیونکہ امام ابو حنیفہ اور امام شافعی کی اہل قبلہ کے کافر نہ ہونے پر نص موجود ہے کیونکہ ان کے افعال کسی نہ کسی تاویل پر مبنی ہوتے ہیں اسے خوب یاد رکھو اور اسلامی فرقوں کو کافر بنا دینے میں جلدی نہ کرو۔

(مجموعہ فتاوٰی جلد ا صفحہ ۴ مطبع یوسفی فرنگی محلی لکھنؤ)

خلافت راشدہ کی تقسیم

علاوہ بریں سزا کو شیخین کی خلافت کے انکار تک محدود کرنا بھی بلا جواز ہے دیگر خلفاء کی خلافت میں وہ کونسی کمزوری ہے جس کی بناء پر انہیں نظرانداز کر دیا گیا ہے؟ حقیقت یہ ہے کہ صرف شیخین کی خلافت کا اقرار اور حضرت عثمان و حضرت علی کی خلافت کا انکار اہل سنت کا عقیدہ نہیں بلکہ خوارج کا نظریہ ہے اور خلافت کو حضرت ابوبکر و عمر تک محدود کرنے والے بھی اسی نظریئے کے حامل ہیں۔

سید ابوالاعلی مودودی خارجیوں کے عقائد بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں:۔

"خارجی صرف حضرت ابوبکر اور حضرت عمرؓ کی خلافت کو درست مانتے تھے مگر حضرت عثمان ان کے نزدیک اپنی خلافت کے آخر زمانہ میں عدل اور حق سے منحرف ہو گئے تھے اور قتل یا عزل کے مستحق تھے۔ ان کے خیال میں حضرت علی نے بھی جب غیر اللہ کو حکم بنایا تو گناہ کبیرہ کا ارتکاب کیا"۔

(خلافت و ملوکیت صفحہ ۲۱۴)

گویا یہ عقیدہ کہ صرف حضرت ابوبکر و عمر کی خلافت صحیح تھی اور حضرت عثمان و علی خلیفہ راشد نہ تھے' خوارج کا نظریہ ہے جسے اہل سنت اور اہل تشیع تسلیم نہیں کرتے۔ خوارج کا یہی عقیدہ درج ذیل کتب میں بھی موجود ہے۔

(الفرق بین الفرق مطبوعہ المعارف مصر صفحات ۵۵' ۶۱' ۶۳' ۶۴' ۶۷' ۶۸' ۸۲' ۸۳)

(الملل والنحل جلد ۱ صفحات ۸۷' ۹۰' ۹۱' ۹۲' ۱۰۰)

(مقالات الاسلامیین جلد ۱ صفحات ۱۵۶' ۱۵۷' ۱۵۹' ۱۸۹' ۱۹۰)

چوتھا شبہ

"غیر صحابی کو صحابی پر تنقید کا حق نہیں ہے"

اگرچہ اس ضمن میں قرآن کے اسلوب کو جاننے اور علماء و محققین کی واضح تصریحات کی موجودگی میں بات طے شدہ سمجھی جاتی ہے کہ صحابہ پر تنقید ہو سکتی ہے مگر پھر بھی عام طور پر بعض کوتاہ اندیش حضرات کی طرف سے یہ بات کہی جاتی ہے کہ غیر صحابی کو صحابی پر کسی قسم کی تنقید کرنے کا کوئی حق نہیں ہے۔ واضح ہو کہ یہ خیال سراسر باطل اور جہالت کا حیرت ناک مظاہرہ ہے لیکن درج ذیل دلائل کی بناء پر یہ غلط فہمی دور ہو جاتی ہے۔

اولاً" ۔ اہل سنت والجماعت صحابہ کی عصمت کے قائل نہیں ہیں۔
ثانیاً"۔ یہ اصول علماء اہل سنت کے نزدیک مسلم ہے کہ غیر صحابی' صحابی پر تنقید کر سکتا۔
ثالثاً"۔ تاریخ اسلام میں سے کسی ایسے دور کی نشاندہی نہیں کی جاسکتی کہ جس میں اہل علم نے اس مسلک کو قبول کر لیا ہو کہ غیر صحابی' صحابی پر تنقید نہیں کر سکتا۔
رابعاً"۔ ائمہ دین' محدثین اور فقہا کرام نے خود صحابہ کرام پر تنقید اور جرح کی ہے مثلاً امام ابو حنیفہ نے تین صحابہ کرام حضرت ابوھریرہ' انس بن مالک اور سمرہ بن جندب پر زبردست تنقید کی ہے اور ان کی روایت کو ناقابل اعتبار قرار دیا ہے۔ (۱) روضتہ العلما صفحہ ۸۲ طبع اشرف المطابع دہلی
(۲) کتائب اعلام الاخیار صفحہ ۲۱۴ مخطوط

اور امام شافعی نے کہا ہے کہ لا یقبل شھادۃ اربعہ من الصحابۃ و ھم معاویۃ و عمر و بن العاص و المغیرۃ و زیاد چار صحابیوں کی گواہی قبول نہ کی جائے اور وہ چار صحابہ یہ ہیں' معاویہ' عمرو بن العاص' مغیرہ بن شعبہ اور زیاد۔

(روضتہ المناظر فی علم الاوائل والاواخر جلد ۱۱ صفحہ ۱۳۳ طبع مصر)

عصر حاضر کے دیوبندی عالم مولانا محمد حسین نیلوی شیخ الحدیث جامعہ ضیاء العلوم سرگودھا حضرت ابوھریرہ پر تنقید کرتے ہوئے یوں لکھتے ہیں۔

پھر بیہقی کو صرف تمام لاکھ سے زائد صحابہ میں سے جن میں معروف بالاجتہاد والفقہ بھی تھے ایسی اہم اور ضروری حدیث جس کا انکار موجب فسق و ضلال ہے صرف ایک صحابی غیر المعروف الفقہ والعدالتہ یعنی حضرت ابی ھریرہ ہی سے روایت ملی جس کی روایت عموم قرآنی اور عام قاعدہ کے خلاف ہو تو مسترد کر دی جاتی ہے جسے ان کی مصراۃ والی روایت کو احناف نے رد فرما دیا ہے کہ خلاف قرآن ہے۔

(ندائے حق ۱۳۵ طبع اول' مدرسہ ضیاء العلوم سرگودھا)

اور اس کے علاوہ عہد حاضر کے نامور عالم سید ابو الاعلی مودودی نے بھی بہت سے صحابہ پر تنقید کی ہے۔ اس سلسلہ میں ان کو شہرہ آفاق کتاب خلافت و ملوکیت دیکھی جا سکتی ہے۔

معلوم ہوا کہ غیر صحابی کی طرف سے صحابی پر تنقید و جرح کی کوئی ممانعت نہیں ہے اور "غیر صحابی کو صحابی پر تنقید کا کوئی حق نہیں" والا نظریہ خود ساختہ ہے علما اہل سنت نے کبھی بھی صحابہ کو معصوم نہیں سمجھا اس لئے انہوں نے بعض صحابہ کے بعض افعال پر کھل کر اور تنقید اور تنقیص کی ہے۔

پانچواں شبہ

"پاکستان سنی سٹیٹ ہے لہٰذا نفاذ فقہ جعفریہ کا مطالبہ ناجائز ہے؟"

یہ دعویٰ کہ پاکستان میں سنی اکثریت میں ہیں سراسر غلط ہے کیونکہ پاکستان میں مختلف مسالک موجو دہیں۔ ہر ایک کے اعتقادات و اعمال الگ الگ ہیں یہاں اہل حدیث بھی ہیں' دیو بند بھی ہیں۔ بریلوی اور شیعہ بھی ہیں اور دیگر کئی ایک مسالک کے پیروکار بھی موجود ہیں۔ جن کا وجود ہی اس بات کی دلیل ہے کہ ان کا دوسروں سے فقہی اختلاف موجود ہے وگرنہ یہ علیحدہ سے کوئی فرقہ یا گروہ ہوتے ہی نہ' مزید برآں پاکستان میں اس وقت تک فقہی بنیادوں پر ایسے اعداو و شمار بھی دستیاب نہیں ہیں کہ جن کی بنیادوں پر تعین ہو سکے کہ کون سی فقہ کے لوگ اکثریت میں ہیں اور پھر "سنی" کی اصطلاح بھی مبہم ہے کیونکہ خود "سنی" کے مختلف فرقوں بریلوی' دیوبندی' مالکی' شافعی' حنبلی وغیرہ میں اس قدر اختلاف موجود ہیں کہ باہم ایک دوسرے پر تکفیر تک کے فتوے تاریخ کا حصہ ہیں۔ یہ مسلمہ امر ہے کہ اکثریت' اقلیت پر مسلط نہیں کی جا سکتی چنانچہ ڈھاکہ سے کراچی تک کے ۳۱ ممتاز علماء کرام جن میں شیعہ' دیوبندی بریلوی اور اہل حدیث مکاتب فکر کے علماء عظام شامل تھے ان کا ایک کنونشن ۲۱ تا ۲۴ جنوری ۱۹۵۱ء بمقام کراچی منعقد ہوا۔ جس میں متفقہ طور پر بائیس بنیادی اصول طے پائے جن پر ایک اسلامی مملکت کا آئین مبنی ہونا چاہئے جن میں دوسرا اصول یہ تھا کہ

"ہر اسلامی فرقہ کتاب و سنت کی اس تشریح پر عمل کا پابند ہے جو اس فرقہ کے نزدیک مستند اور معتبر ہے"

جب بعض اطراف سے اقلیت اور اکثریت کی لایعنی بحث شروع ہوئی تو مولانا احتشام الحق صاحب تھانوی جو قرار داد مقاصد کنونشن میں بھی شریک تھے انہیں یہ وضاحتی بیان دینا پڑا۔

"کراچی ۲۵ فروری (نمائندہ مساوات) ممتاز عالم دین مولانا احتشام الحق تھانوی نے کہا ہے کہ اقلیت اور اکثریت کی اصطلاح ایک خالص سیاسی اصطلاح ہے جو سیاسی حقوق کے تعاون اور سیاسی مسائل کو طے کرنے میں ترازو کا کام دیتی ہے مگر اسلامی فرقوں کے مذہبی حقوق کے بارے میں اقلیت و اکثریت کو معیار بنانے سے ایسے فتنوں کو سر اٹھانے کا سنگین خطرہ ہے جس کا صحیح اندازہ اقلیت و اکثریت کے الفاظ بولنے والوں کو نہیں ہے مولانا نے کہا کہ ہر مسلمہ اسلامی فرقہ' ایک اسلامی فرقہ ہے یہ خواہ چھوٹا ہو یا بڑا ہر مکتب فکر کے مشاہیر علماء کے تاریخی اجتماع میں یہ اصول اور حق تسلیم کیا گیا ہے کہ ہر اسلامی فرقہ کتاب و سنت کی اس تشریح پر عمل کا پابند ہے جو اس فرقہ کے نزدیک مستند اور معتبر ہے۔ مولانا نے کہا کہ مفتی جعفر حسین مجتہد' حافظ کفایت حسین مجتہد' سید ابو الاعلی مودودی اور ظفر احمد انصاری پر مشتمل ایک سب کمیٹی' نے بھی یہ فیصلہ کیا تھا جو میرے پاس محفوظ ہے اور

اس فیصلہ پر حکیم الامت مولانا اشرف علی تھانوی کے خلیفہ مفتی محمد حسن صاحب کے دستخط ہیں۔ اس فیصلہ والے اجلاس میں مولانا سید سلیمان ندوی، مولانا ظفر احمد عثمانی، مولانا خیر محمد جالندھری، مولانا محمد یوسف بنوری، مفتی محمد شفیع، مولانا عبدالحامد بدایونی، پیر ہاشم جان مجددی مفتی صاحب داد، مولانا ابراہیم سیالکوٹی، مولانا ابوالاعلی مودودی شریک تھے۔ انہوں نے کہا کہ آج فریقین میں جو لوگ غیر علمی اور غیر تعمیری انداز میں بیان دے کر مذہبی فرقہ واریت کی خلیج وسیع کر رہے ہیں وہ نہ صرف پاکستان کی قسمت سے کھیل رہے ہیں بلکہ دوسری قوموں کو اسلام کے بارے میں یہ تصور دے رہے ہیں کہ اس دور میں اسلامی نظام کے قیام کا تجربہ ناکام ہو گیا ہے"

(روزنامہ مساوات لاہور ۲۶ فروری ۱۹۷۸ء)

قرار داد مقاصد کے اصول نمبر ۲ اور اس کی وضاحت جو جملہ اسلامی مکاتب فکر کے جید علماء کرام نے فرمائی ہے جسے ہم ممتاز عالم دین مولانا احتشام الحق صاحب تھانوی کے مندرجہ بالا بیان سے پیش کر چکے ہیں۔ اس کے باوجود اس قسم کے مسائل کو اچھالنا فرقہ واریت کو مزید ہوا دینے کے مترادف نہیں تو کیا ہے؟

علاوہ ازیں آئین پاکستان کے پارٹ نمبر ا تعارف کے ذیل میں آرٹیکل نمبر ا میں یہ کہا گیا ہے کہ

"پاکستان ایک مسلم ری پبلک سٹیٹ کے نام سے موسوم ہوگی"

آئین کی شق نمبر ۲ میں کہا گیا ہے کہ۔ "پاکستان کا سٹیٹ ریلیجن اسلام ہوگا"

پاکستان میں اکثریت و اقلیت کا کوئی تصور نہیں بلکہ آئین پاکستان تو اقلیتوں اور غیر مسلموں تک کو آزادی دیتا ہے جبکہ شیعہ ایک عظیم اسلامی فرقہ ہے۔ آئین کی بعض دیگر دفعات میں بھی مسلمانوں کو اپنی زندگی قرآن و سنت کے سانچے میں ڈھالنے کا پابند کیا گیا ہے۔

علاوہ ازیں دیگر کئی اسلامی ممالک میں بھی اکثریت و اقلیت کی بے بنیاد اصطلاح کا نام و نشان تک موجود نہیں ہے۔ مثال کے طور پر "طرابلس" میں مالکیوں کی اکثریت اور حنفیوں کی اقلیت ہے مگر اس کے باوجود قوانین کی تشکیل میں فقہ حنفیہ کو بھی شامل کیا جاتا ہے اور مفتی اعظم کا تعلق حنفی فقہ سے ہے۔

(۲) جامعہ زیتونیہ کا قانون یہ ہے کہ آدھے مدرس حنفی اور آدھے مالکی ہیں۔

(۳) مصر میں اکثریت شافعی مسلک کی ہے لیکن حکومت حنفیوں کے ہاتھ میں ہے۔

(۴) عراق میں اکثریت اہل تشیع کی ہے لیکن حکومت اہل تسنن کی ہے۔

(۵) اور سعودی عرب میں شافعی، حنبلی، حنفی، مالکی، جعفری سب موجود ہیں۔ لیکن حکومت حنبلی مسلک والوں کے ہاتھ میں ہے۔

ان کے علاوہ کئی مثالیں بھی پیش کی جاسکتی ہیں کہ جہاں پر اکثریت کا قانون نافذ نہیں ہے اور (جیسا کہ پہلے عرض کیا جا چکا ہے) اسلام بھی اکثریت کو اقلیت پر مسلط ہونے کی اجازت نہیں دیتا۔

لہٰذا ملت جعفریہ کا پبلک لاء کے طور پر اپنے لئے فقہ جعفریہ کے نفاذ کا مطالبہ غیر آئینی اور ناجائز نہیں کیونکہ دنیا کا کوئی قانون ایسا نہیں جو ایک پوری ملت کو اس کے بنیادی حقوق سے محروم کر دے۔

چھٹا شبہ

افسانہ عبداللہ بن سبا

"تاریخی دستاویز" کے صفحہ ۴۸ پر عبداللہ بن سباء کا ذکر کیا گیا ہے اور اس کو کبھی شیعہ کی امامت و خلاف کا موجد اور کبھی مذہب شیعہ کا سربراہ اور بانی قرار دینے کی مذموم جسارت کی گئی ہے۔ جس عبداللہ بن سباء کو اچھالا جاتا ہے اس کا اہل تشیع سے کوئی تعلق نہیں ہے اور اہل تشیع کو اس کی طرف منسوب کرنا ایک فاش غلطی ہے اور علماء و محققین کے نزدیک ابن سباء ایک فرضی اور خیالی شخصیت ہے دنیا عالم میں اس کا کبھی وجود ہی نہ تھا صرف بنی امیہ اور بنی عباس کی ظالم حکومتوں اور دیگر مفسد اور فتنہ انگیز افراد نے اپنے دنیاوی اور سیاسی اغراض کی وجہ سے شیعہ کو بدنام کرنے کے لئے ایک فرضی اور خیالی انسان کو جنم دے دیا اور پھر اسلام میں تمام تر خرابیوں کا ذمہ دار اسے قرار دے دیا گیا۔ اور اس طرح یہ اپنے کندھوں پر تمام دنیا والوں کے گناہ لادے ہوئے ہے۔ اگر ابن سباء واقعی کوئی شخصیت ہوتی تو آخر ان عائد کئے ہوئے الزامات کی تردید یا کوئی شکایت کرتا؟

عصر حاضر کے عظیم فلسفی اور مفکر ڈاکٹر طہ حسین المصری لکھتے ہیں۔

ابن سباء بالکل فرضی اور من گھڑت چیز ہے اور جب فرقہ شیعہ اور دیگر اسلامی فرقوں میں جھگڑے چل رہے تھے تو اس وقت اسے جنم دیا گیا۔ شیعوں کے دشمنوں کا مقصد یہ تھا کہ شیعوں کے اصول مذہب میں یہودی عنصر داخل کر دیا جائے۔ اور امویوں اور عباسیوں کے دور حکومت میں شیعوں کے دشمنوں نے عبداللہ بن سباء کے معاملہ میں بہت مبالغہ آمیزی سے کام لیا اس کے حالات بہت بڑھا چڑھا کر بیان کئے۔ اس سے ایک فائدہ تو یہ تھا کہ حضرت عثمان اور ان کے عمال حکومت کی طرف جن خرابیوں کی نسبت دی جاتی ہے اور ناپسندیدہ امور جو ان کے متعلق مشہور ہیں کو سن کر لوگ شک و شبہ میں پڑ جائیں۔ دوسرا فائدہ یہ کہ علی مرتضیٰ اور ان کے شیعہ لوگوں کی نگاہوں میں ذلیل و خوار ہوں۔نہ معلوم شیعوں کے مخالفین سے شیعوں پر کتنے غلط الزامات لگائے اور نہ جانے شیعوں نے کتنی غلط باتیں اپنے دشمنوں کی طرف سے حضرت عثمان وغیرہ کے معاملہ میں منسوب کیں"

(الفتنہ الکبریٰ جلد اول صفحہ ۱۳۲ مطبوعہ مصر)

اگر اس امر کو تسلیم کر ہی لیا جائے کہ ابن سبا نامی شخصیت موجود تھی تو یہ بات ہر ایک پر عیان ہے کہ ہر

مذہب والے اپنے مذہب کے بانیوں اور سربراہوں کا تذکرہ بڑی شان و شوکت سے کرتے ہیں مگر شیعہ کتب رجال کا مطالعہ کیا جائے کسی جگہ بھی عبداللہ بن سباء کی مداح نہیں کی گئی بلکہ ہر جگہ اس کی مذمت کی گئی ہے۔ علماء شیعہ نے ہلکی سے ہلکی عبارت بھی اس کے متعلق یہ لکھی ہے۔

ان عبداللّٰہ بن سبا العن من ان یذکر

عبداللہ بن سباء کے بارے میں جتنا کہا جا سکے اس سے زیادہ ملعون ہے۔

(اصل الشیعہ و اصولھا صفحہ ۵۷ مطبوعہ نجف اشرف)

اس کے علاوہ رجال کشی صفحہ ۹۹ کے حاشیہ پر بھی اس کے متعلق مفصل بحث کی گئی ہے کہ یہ شخص محض فرضی تھا چنانچہ لکھا ہے کہ۔

ان ھذا الرجل لم یکن لہ وجود خارجی اصلاً و انما ھو اسطورۃ خیالیۃ ذکرھا الطبری بواسطۃ صانعھا سیف بن عمر

"بلا شبہ اس شخص کا خارج میں اصلاً وجود ہی نہیں تھا بلکہ وہ ایک اسطورہ وہمی و خیالی تھا جسے طبری نے اپنی "تاریخ طبری" میں اس قصہ کے صانع سیف بن عمر سے نقل کر دیا ہے"

(رجال کشی صفحہ ۹۹ بر حاشیہ طبع ایران)

اس ڈرامے کا اولین کہانی نویس سیف بن عمر ہے جس سے رواۃ کے ذریعہ طبری نے اپنی تاریخ میں ۳۵ ہجری کے واقعات میں اسے درج کیا ہے۔

فیما کتب الی السری عن شعیب عن سیف عن عطیۃ عن یزید القعقعی قال کان عبداللّٰہ بن سبا یھودیا من اھل صنعاء امہ سوداء فاسلم زمان عثمان

جو کچھ سری نے میرے پاس لکھ کر بھیجا اس کے مطابق شعیب سے اور شعیب نے سیف بن عمر سے اور سیف نے عطیہ عوفی سے اور عطیہ نے یزید قعقعی سے روایت کی ہے کہ عبداللہ بن سباء صنعاء کا رہنے والا یہودی تھا جس کی ماں سیاہ فام تھی پس زمانہ حضرت عثمان میں اسلام لایا"

(تاریخ الطبری جلد ۴ صفحہ ۳۴۰ مطبوعہ مصر)

اس کے سلسلہ رواۃ میں پہلا نام "سری" کا آیا ہے بعض مقامات پر طبری نے اسے بغیر ولدیت ہی ذکر کیا ہے تاہم بعض مقامات پر اس کو "سری بن یحیی ظاہر کیا ہے۔ علامہ ذہبی نے "میزان الاعتدال فی نقد الرجال جلد ۲ صفحہ ۱۱۷ تا ۱۱۸ مطبوعہ مصر پر "سری" نام کے سات افراد کا ذکر کیا ہے لیکن ان میں "سری بن یحیی ابو الہیثم" وہ ہے جو طبری کی ولادت سے ۵۷ سال پہلے ہی مر چکا تھا اس کے علاوہ "سری" نام کا کوئی ایسا شخص نہیں ہے جس کے باپ کا نام "یحیٰی" ہو۔

علامہ ابن حجر عسقلانی متوفی ۸۵۲ ہجری نے اپنی کتاب "لسان المیزان" میں "سری بن یحیی" کا کوئی ذکر نہیں کیا البتہ انہوں نے اپنی دوسری کتاب "تہذیب التہذیب" میں ابن جریر طبری کے راوی کا ذکر یوں کیا ہے کہ

السری بن اسماعیل الھمدانی الکوفی ابن عم الشعبی روی عنه ابن جریر وغیرہ

"سری بن اسماعیل ہمدانی کوفی جو شعبی کا ابن عم تھا' ابن جریر وغیرہ نے اس سے روایت کی ہے۔

(جلد ۳ صفحہ ۴۵۹' ۴۶۰ طبع حیدر آباد دکن)

واضح ہو کہ سری بن اسماعیل غیر معتبر آدمی ہے چنانچہ ابن حجر عسقلانی اس کے بارے میں رقمطراز ہیں۔

"یحیی بن سعد نے کہا کہ ایک ہی نشست میں مجھ پر اس کا جھوٹ کھل گیا یحیی بن سعید اس سے ہرگز روایت نہیں کرتے تھے عمرو بن علی نے کہا کہ میں نے عبدالرحمٰن کو کبھی اس کا ذکر کرتے نہیں سنا حسن بن عیسیٰ نے کہا میں نے ابن مبارک کو یہ کہتے ہوئے سنا ہے کہ جرید بن عبدالحمید کی کوئی حدیث جو سری بن اسماعیل سے مروی ہو نہیں لکھنی چاہئے صالح بن احمد بن حنبل نے اپنے والد سے روایت کی ہے سری بن اسماعیل کے بارے میں کہ وہ قوی نہیں ہے غرضیکہ اسی ذیل میں ابن معین' ابو حاتم' جو زجانی' ابو داؤد' نسائی' ابن عدی اور ابن حبان ہر ایک نے اس "سری" کو ناقابل اعتبار ٹھہرایا ہے جو ابن جریر طبری کا راوی ہے۔

(تفصیل کے لئے تہذیب التہذیب جلد ۳ صفحہ ۴۵۹' ۴۶۰ ملاحظہ فرمائیں)

طبری کے سلسلہ سند کا دوسرے راوی "شعیب بن ابراہیم سے شمس الدین الذہبی متوفی ۷۴۸ ہجری لکھتے ہیں۔

" شعیب بن ابراھیم الکوفی راویة کتب سیف عنه فیه جهالة"

"شعب بن ابراھیم کوفی جو کہ سیف کی کتابوں کا راوی ہے اس میں جہالت پائی جاتی ہے"

(میزان الاعتدال جلد ۲ صفحہ ۲۷۵ طبع مصر)

ابن حجر عسقلانی اس کے بارے میں لکھتے ہیں کہ

لیس بالمعروف وله احادیث و اخبار و فیحه بعض النکرة و فیها ما فیه تحامل علی السلف

وہ غیر معروف شخص ہے اس کی روایت کردہ کچھ احادیث و اخبار میں بزرگوں پر حملہ ہے۔

(لسان المیزآن جلد ۳ صفحہ ۱۴۳ طبع حیدر آباد دکن)

اس کے بعد اب اس روایت کا تیسرا راوی سیف بن عمر ہے جس کو علماء رجال نے ایک جھوٹا افسانہ نگار قرار دیا ہے چنانچہ علامہ ذہبی نے لکھا ہے۔

"عباس نے محدث یحیی سے بیان کیا ہے کہ سیف ضعیف ہے معین نے یحیی سے بیان کیا ہے کہ اس

سے کوڑی بھی بہتر ہے ابوداؤد نے کہا کہ یہ خاک بھی نہیں ابو حاتم نے کہا متروک الحدیث ہے اور ابن حبان نے فرمایا سیف بن عمر متہم بالذندقہ ہے ابن عدی نے کہا عام طور پر اس کی روایتیں منکر ہیں۔ یہ جھوٹی روایتیں گھڑتا ہے یہ زندیق ہے"

(۱۔ میزان الاعتدال جلد ۲ صفحہ ۱۵۶۔ ۱۵۵ طبع مصر)

(۲۔ تقریب التہذیب صفحہ ۱۴۴ طبع لکھنؤ)

علامہ محمد طاہر بن علی الہندی نے اپنی کتاب "قانون الموضوعات صفحہ ۲۶۲ طبع بمبئی میں تحریر کیا ہے۔

سیف بن عمر متروک اتھم بالوضع والزندقة و کان و ضاعا"

"سیف بن عمر متروک ہے اس پر جعلی روایتیں گھڑنے اور زندیق ہونے کا اتہام لگایا گیا ہے"۔

ساتواں شبہ

اصحابی کالنجوم بایھم اقتدیتم اھتدیتم

"میرے صحابہ ستاروں کی طرح ہیں جس کی بھی پیروی کروگے ہدایت پاؤ گے"

یہ شبہ چند وجوہات کی بناء پر ناقابل اعتبار ہے۔

اولاً :۔ یہ بات شک وشبہ سے بالاتر ہے کہ صحابہ کا بڑا رتبہ ہے لیکن یہ کہنا کہ ہر صحابی فرداً فرداً بلالحاظ عمل وتقویٰ قابل پیروی ہے۔ صحابیت کے تصور کو حدود سے آگے بڑھانا اور اسلام کے مسلمہ اصول سے تجاوز ہے اور یہ مسلمہ امر ہے کہ کسی صحابی کی تقلید اور پیروی اور یا ان کے احترام کا مدار تقویٰ اور اعمال حسنہ پر ہے۔ لہٰذا ہر صحابی کو محض صحابیت کی بنیاد پر قیادت کا حق نہیں دیا جاسکتا۔ صحابیت کے اس غلط تصور کو مضبوط بنانے کیلئے لوگوں نے مختلف قسم کی احادیث گھڑلی ہیں۔ انہی میں سے یہ حدیث "اصحابی کالنجوم بایھم اقتدیتم اھتدیتم" (میرے اصحاب ستاروں کی مانند ہیں ان میں سے تم جس کی بھی اقتداء کرلوگے ہدایت پاجاؤ گے) بھی ہے۔

ثانیاً :اکثر وبیشتر محدثین اور آئمہ حدیث کا اس کے ضعیف بلکہ من گھڑت ہونے پر اتفاق ہے چنانچہ امام ابن تیمیہ الحرانی الدمشقی اس روایت پر تبصرہ کرتے ہوئے رقم طراز ہیں۔

واما قولہ اصحابی کالنجوم فبایھم اقتدیتم اھتدیتم فھذا الحدیث ضعیف ضعفہ اھل الحدیث قال البزاز ھذا حدیث لایصح عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ولیس ھو فی کتب الحدیث المعتمدۃ

ملخص یہ ہے کہ حدیث اصحابی کالنجوم ضعیف ہے۔ ائمہ حدیث نے اسے ضعیف شمار کیا ہے امام بزاز نے کہا ہے کہ اس حدیث کا

آنحضرت ؐ سے منقول ہونا صحیح نہیں ہے اور نہ ہی حدیث کی معتبر و معتمد کتب میں اس کا وجود ہے۔

(منہاج السنہ ج ۴ صفحہ ۲۳۹ طبع مطبعہ المیریہ بولاق مصر)

☆ امام ابو حیان اندلسی اس حدیث کو رد کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

لم یقل ذلک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم و ھو حدیث موضوع لایصح بوجہ عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

قال ابن حزم ھذا خبر مکذوب

حدیث اصحابی کالنجوم حضور نبی کریم ؐ سے مروی نہیں ہے یہ حدیث من گھڑت ہے کسی صورت میں بھی اس کا نبی اکرم ؐ سے منقول ہونا صحیح نہیں ہے امام ابن حزم اندلسی نے اسے جھوٹی خبر کہا ہے۔

(تفسیر البحر المحیط ج ۵ صفحہ ۵۲۸-۵۲۷ طبع دار المعرفہ بیروت)

☆ علامہ حافظ ابن قیم الجوزیہ رقم طراز ہیں۔

الحدیث المشھور اصحابی کالنجوم ... الخ فجوابہ قد روی من طرق لایثبت شئی منھا قال ابن عبد البر بسند انی البزاز

قال لایصح ھذا الکلام عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم

مشہور حدیث اصحابی کالنجوم کے سلسلہ اسناد میں سے کوئی ایک بھی ثابت نہیں ہے۔ حافظ ابن عبد البر نے بزاز کے حوالے سے کہا ہے کہ اس روایت کا آنحضرت ؐ سے مروی ہونا صحیح نہیں ہے۔

(اعلام الموقعین صفحہ ۳۶۴ طبع دہلی)

☆ علامہ قاضی محب اللہ بہاری اپنی کتاب مسلم الثبوت صفحہ ۵۱۰ طبع نولکشور لکھنؤ میں اجماع شیخین کی عدم حجیت پر طویل بحث کرتے ہوئے حجیت شیخین کے قائلین و مثبتین کے قول کو بڑے احسن طریقہ سے رد کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

قالوا اقتدوا بالذین من بعدی ابی بکر و عمر و علیکم بسنتی الحدیث قلنا خطاب للمقلدین و بیان لاھلیہ الاتباع لان المجتھدین کانوا یخالفونھم و المقلدین قد یقلدون غیرھم و اما معارضہ کالنجوم و خذوا شطر دینکم عن الحمیراء

کما فی المختصر فتدافع بانھما ضعیفان

کچھ لوگ شیخین کے اجماع کی حجیت کو ثابت کرنے کیلئے ان احادیث کا سہارا لیتے ہیں جسے اقتدوا بالذین من بعدی ... الخ "میرے بعد ابوبکر و عمر کی اقتداء کرو" اور "علیکم بسنتی" تو اس کا جواب یہ ہے کہ یہ خطاب مقلدین کیلئے اور پیروی کی اہلیت کے متعلق ہے کیونکہ مجتہدین اپنی آراء میں ان کی مخالفت کیا کرتے تھے اور مقلدین ان کے علاوہ دوسروں کی تقلید کیا کرتے تھے اور جہاں تک حدیث "اصحابی کالنجوم" اور "خذوا شطر دینکم عن الحمیراء" کا تعلق ہے تو یہ دونوں حدیثیں ضعیف اور جھوٹی ہیں۔

☆ وفاقی شرعی عدالت کے سابق جسٹس ملک غلام علی اس روایت کے متعلق یوں لکھتے ہیں۔

"اس روایت (اصحابی کالنجوم) اور اس سے ملتے جلتے الفاظ پر مشتمل بعض دیگر روایات جو صحابہ و اہل بیت کے حق میں مروی ہیں ان کے متعلق جو اولین اور ضروری بات قابل ذکر ہے وہ یہ ہے کہ محدثین اور فن رجال کے ماہرین کے نزدیک ان سب کی سند نہایت

کمزور ہے اس لئے عقائد واحکام کی بحث میں ان سے استدلال جائز نہیں ہے بلکہ فضائل ومناقب کے سلسلے میں بھی ان کے ضعف کی صراحت کئے بغیران کا بیان کرنا صحیح نہیں ہے۔ صحاح ستہ یا حدیث کی کسی دوسری مستند کتاب میں ان کی تخریج نہیں کی گئی حافظ عبدالبر نے جامع بیان العلم میں روایت مذکورہ بالا کی سند کو نقل کر کے لکھا ہے "**هذا اسناد لا تقوم به حجة**" ایسی سند ہے جس کے بل پر کوئی حجت قائم نہیں ہوتی ابن حزم نے احکام میں اس کے راویوں پر جرح کرنے کے بعد لکھا ہے "**هذا وابه ساقط خبر مكذوب موضوع اصل لم يصح قط**" یعنی یہ پایہ اعتبار سے گری ہوئی روایت ہے ایک جھوٹی اور موضوع وباطل خبر ہے جو صحیح ثابت نہیں ہوئی۔ حافظ ابن حجر عسقلانی نے "**تخریج کشاف**" میں اس روایت اور دیگر متقارب الالفاظ روایات کی ساری سندوں کا ذکر کر کے انہیں ضعیف اور واہی قرار دیا ہے۔

(خلافت وملوکیت پر اعتراضات کا تجزیہ صفحہ ۴۹۹ طبع لاہور)

علامہ حافظ ابن حزم اندلسی کی تصریح کہ
"ہر صحابی کی اقتداء ناجائز ہے"

اپنی مشہور کتاب "الاحکام فی اصول الاحکام ج ۴ صفحہ ۱۴۱ باب ابطال التقلید میں یوں رقم طراز ہیں۔

فمن المحال ان يامر رسول الله صلى الله عليه وسلم باتباع كل قائل من الصحابه رضى الله عنهم وفيهم من يحلل الشئى وغيره منهم يحرمه ولو كان ذلك لكان بيع الخمر حلالا اقتداء بسمرة بن جندب ولكان اكل البرد للصائم حلالا اقتداء بابى طلحه وحراما اقتداء بغيره منهم

یہ محال ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صحابہ میں سے ہر ایک صحابی کی بات کو ماننے کا حکم دیں جبکہ ان میں سے بعض صحابہ کسی چیز کو حلال قرار دیتے ہیں تو بعض دوسرے صحابہ اسی چیز کو حرام کہتے ہیں اگر ہر ایک صحابی کی اقتداء ہر حال میں ضروری ہوتی تو حضرت سمرہ بن جندب ؓ کی اقتداء کرتے ہوئے شراب فروشی جائز ہوتی اور حضرت ابو طلحہ ؓ کی اقتداء میں روزہ دار کیلئے اولے کا کھانا حلال ہوتا جبکہ دوسروں کے نزدیک یہ حرام ہے۔

یہ حقیقت واضح ہوگئی ہے کہ یہ روایت بنابر اصول علم حدیث صحیح السند نہیں ہے اور نہ ہی علم درایت کے اصولوں پر پوری اترتی ہے اس لئے قابل اعتماد نہیں ہے۔

اہل تشیع کے متعلق علماء و اکابرین اہل سنت کے فتاویٰ جات

یہ حقیقت واضح اور عیاں ہے کہ مذہب اہل بیت فقہ جعفریہ اپنی حقانیت و آفاقیت کے ثبوت کے لئے کسی فتویٰ یا گواہی کا محتاج نہیں بلکہ "افتاب آمد دلیل آفتاب" کے مصداق مذہب آل محمد خود ہی انہی حقانیت کی سب سے واضح اور مستحکم دلیل ہے لیکن آج کل چونکہ استعمار کے کچھ ایجنٹ فتویٰ سازی کے ذریعے اہل اسلام کی تکفیر کے گھناؤنے کاروبار میں مصروف ہیں اور جھوٹے سچے سوالات کے حاصل کردہ فتاویٰ جات کے ذریعے حکومت و سادہ لوح عوام کے اذھان کو آلودہ مسموم کرنا چاہتے ہیں۔ لہٰذا اتمام حجت اور اہل اسلام کے درد مند اور مخلص علماء کی ملت مسلمہ کے اتحاد و وحدت کے لئے سرانجام دی جانے والی خدمات سے متعارف کرانے کے لئے مفتی اعظم دیوبند و چیف محکمہ عدالیہ شرعیہ دارالقضاء وقف دارالعلوم دیو بند اور رئیسان جامعہ الازھر قاہرہ (مصر) سمیت متعدد علماء و اکابرین اہل سنت کے فتاوی جات پیش کر رہے ہیں تاکہ مسلمانوں میں تفریق ڈالنے کی استعماری سازش کو ناکام بنایا جائے اور ساتھ ہی ساتھ اہل اسلام کی تکفیر و تذلیل کے گھناؤنے کاروبار سے اپنی دکانوں کو چمکانے اور تجوریوں کو بھرنے والے یہود و ہنود کے ایجنٹوں کی اصلیت سب پر واضح ہو جائے۔

شیعہ ایک اسلامی فرقہ ہے

میر سید شریف جرجانی کا بیان

الفرقة الثانية من كبار الفرق الاسلامية الشيعة الذين شايعوا عليا رضى الله تعالٰى عنه قالوا انه الامام بعد رسول الله بالنص اما جليا و اما خفيا و اعتقد وا ان الامامة لا تخرج عنه و عن اولاده

"اسلام کے بڑے فرقوں میں سے دوسرا اسلامی فرقہ شیعہ ہے اور شیعہ وہ ہیں جو حضرت علی المرتضیٰؓ کی پیروی کرتے ہیں اور اس بات کے قائل ہیں کہ بعد رسالتمآبؐ حضرت علی منصوص من اللہ امام برحق ہیں خواہ وہ نص جلی ہو یا خفی اور ان کا یہ بھی اعتقاد ہے کہ امامت و خلافت حضرت علی اور ان کی اولاد سے باہر نہیں جا سکتی۔

(شرح مواقف صفحہ ۷۵۲ طبع لکھنؤ)

فقہ جعفریہ عالمی طور پر پانچویں اسلامی فقہ ہے

امام اہل سنت ابو سعادات مبارک ابن اثیر جزری نے اپنی کتاب "جامع الاصول فی احادیث الرسول" (جس میں موطاء، صحیح مسلم، سنن ابی داؤد، نسائی اور جامع ترمذی کی احادیث کو جمع کر دیا گیا ہے۔ میں لکھتے ہیں۔

و نحن نذکر الآن المذاهب المشهورة فی الاسلام التی علیها مدارالمسلمین فی اقطار الارض و هی مذهب الشافعی و ابی حنیفة و مالک و احمد رضی اللّٰه عنهم و مذہب الامامیة

ہم یہاں اب اسلام کے ان مشہور مذاہب کا ذکر کرتے ہیں جن پر زمین کے تمام اطراف میں مسلمانوں کا دارومدار ہے اور وہ مذہب یہ ہیں "مذہب شافعی" ' "مذہب ابو حنیفہ" ' "مذہب مالک" ' "مذہب احمد" اور "مذہب امامیہ"

(جامع الاصول من احادیث الرسول جلد ۱۲ صفحہ ۲۲۰' ۲۲۱ طبع انصار السنہ المحمدیہ مصر)

فقہ جعفریہ پر عمل کرنا ہر مسلمان کا دینی حق ہے

شیخ جامعہ الازہر محمود شلتوت کا بیان

اسلام کی عالمی اور قدیمی دینی مرکزی درسگاہ الازہر یونیورسٹی مصر کے شیخ اکبر علامہ شیخ محمود شلتوت اپنے دفتر سے جاری کردہ فتویٰ میں ارشاد فرماتے ہیں۔

ان مذہب الجعفریة المعروف بمذهب الشیعه الامامیة الاثنا عشریة مذهب یجوز التعبد به شرعاً" کسائر مذاهب اهل السنة فینبغی للمسلمین ان یعرفو ذلك و ان یتخلصوا من العصبیة بغیر الحق لمذاهب معینة فما کان دین اللّٰه و ما کانت شریعة بتابعة لمذهب او مقصورة علی مذهب

" تحقیق مذہب جعفریہ جو کہ مذہب شیعہ اثنا عشریہ کے نام سے مشہور ہے اس کے مطابق عبادت کرنا اسی طرح شرعاً" صحیح ہے جس طرح کہ باقی مذاہب اہلسنت کے مطابق صحیح ہے مسلمانوں کو یہ بات جاننا چاہئے اور ناحق تعصب سے چھٹکارا حاصل کرنا چاہئے کیونکہ اللہ کا دین اور اس کی شریعت کسی خاص مذہب کی تابع اور پابند نہیں ہے"

فقہ جعفریہ دیگر اسلامی فقہوں کی نسبت مدلل اور مقاصد شریعت کے مطابق ہے

شیخ الازہر کا بیان

دار التقریب بین المذاهب الاسلامیه مصر کے آرگن سالته الاسلام قاهره العدد ۲ السنته ۱۱ صفحہ ۲۱۷ پر شیخ الازہر کا جو انٹرویو شائع ہوا تھا اس میں انہوں نے مذہب شیعہ' فقہ جعفریہ کے متعلق مندرجہ ذیل ریمارک پیش کئے۔

كلنا مسلمون و مذاهبنا جميعا تنبثق من اصل واحد و هو رسالة محمد كتاب اللّٰه و سنة رسوله و نزاع ماسنة والشيعة من عصبية انتهزها الاعداء والمستمعرون للتفريق بين المشعوب الاسلامية الواحدة و ان الاستعمار بحاول ان يجد تقوبا" فيفذ منها الى وحدة المسلمين لقدر حجت مذهب الشيعه خصوصا القوة الدليل فى كثير من مسائل المسلمين و ان الباحث المتوعب سيجد فى مذبب الشيعة ما يقوى دليله و يلتو مع اهداف الشريعة من صلاح الاسرة والمجتمع و انا افتى فى كثير من المسائل بمذهب الشيعة مثلًا الطلاق الثلاث بلفظ واحد فانه يقع فى اكثر المذاهب السنيه ثلاثة و فى مذهب الشيعة يقع واحدة و قدراى القانون العمل به و اصحاب الفتوى بمذهب اهل السنة لا يقام لها وزن فى نظر القضاء الشرعى السنى۔

"ہم سب کے سب مسلمان ہیں اور ہم سب کے مذاہب ایک ہی اصل سے رونما ہوتے ہیں جو کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا منشور ہے یعنی کتاب اللہ اور سنت محمدی' سنی اور شیعہ کے مابین تنازع تعصب کی وجہ سے ہے جس کو دشمنوں اور استعماریوں نے وحدت اسلامی میں سوراخ کرکے اس میں نفوذ کرنے کا حیلہ بنا رکھا ہے۔ میں نے بذات خود دلیل کی قوت کو تسلیم کرتے ہوئے مسلمانوں کے بہت سے مسائل میں مذہب شیعہ کی فقہ جعفریہ کو ترجیح دی ہے اور مذہب شیعہ میں دقت کے ساتھ وسیع مطالعہ کرنے والا محسوس کرتا ہے کہ اس کی دلیل مضبوط ہوتی ہے اور مثلاً خاندان اور اجتماع کی اصلاح کے بارے میں اور مقاصد شریعت کے عین مطابق ہے۔ میں بہت سے مسائل میں مذہب شیعہ کے مطابق فتوی دیتا ہوں مثلاً ایک ہی لفظ سے تین طلاقیں دینا اکثر سنی مذاہب میں اس سے تین طلاقیں واقع ہو جاتی ہیں لیکن مذہب شیعہ میں ایک ہی رجعی طلاق واقع ہوتی ہے اور مصری اسلامی قانون بھی اس پر عمل کر رہا ہے جبکہ سنی مذہب کا فتویٰ سنی شرعی ہائیکورٹ کی نظر میں شیعہ فقہ کے نظریہ کے مقابلہ میں بے وزن رہ جاتا ہے"

مصر کے عائلی قوانین میں فقہ جعفریہ کے احکام شامل کئے گئے

مصر کے معروف علامہ شیخ شعراوی ازھری نے مصر کے مشہور رسالہ "الاہرام السنہ ۱۰۳ العدد ۳۲۹۳۲ میں شیعہ امامیہ اور ان کی فقہ جعفریہ کے متعلق مندرجہ ذیل بیان جاری کیا ہے۔

الشيعة الامامية الاثنى عشرية و امامهم جعفر الصادق و هو احد اساتذة الامام ابى حنيفة و هو لاء الامامية الجعفرية الذين نوضح انهم من ارباب المذهب النقية هم الذين اصدر شيخنا المرحوم شيخ الازهر محمود شلتوت فتواه المشهورة فى صحة التعبد على منهبهم معللًا ذلك بانه من

المذاهب الاسلامية الثابتة بالاصول المعروفة المصادر المتبعة لسبيل المومنين لقد اخذنا فى مصر طائفة من الاحكام فى قوانين الاحوال الشخصيه عن الشيعة الامامية و منها بعض احكام الطلاق و القول بالوصية الواجبة فى ميراث۔

"شیعہ امامیہ اثنا عشریہ ان کے امام حضرت جعفر صادق علیہ اسلام ہیں جو امام ابو حنیفہ کے استاد تھے اور یہ وہی امامیہ جعفریہ ہیں جن کے متعلق ہم وضاحت کرتے ہیں کہ یہ لوگ پاکیزہ مذاہب والوں میں سے ہیں اور انہیں کے متعلق ہمارے شیخ، شیخ الازہر محمود شلتوت نے اپنا مشہور فتویٰ صادر کیا ہے کہ ان کے مذہب کے مطابق عبادت کرنا جائز ہے کیونکہ یہ ثابت اصول اور مشہور مصادر پر مبنی اسلامی مذاہب میں سے ایک مذہب ہے جو کہ مومنین کے لئے قابل اتباع ایک راستہ ہے اور ہم نے مصر میں شخصی احوال کے قوانین میں شیعہ امامیہ کے کچھ احکام شامل کر لئے ہیں کچھ احکام طلاق اور میراث میں وصیت واجب کا قول"۔

فقہ جعفریہ کو دیگر اسلامی فقہی مذاہب کے ساتھ شامل نصاب کر دیا گیا

وزیر اوقاف مصر علامہ احمد حسن باقوری کا بیان

دار التقریب کے اہم رکن اور مصر کے سابق وزیر اوقاف احمد حسن باقوری ازہری جنہوں نے فقہ جعفریہ کی مشہور کتاب "مختصر النافع" کو محکمہ اوقاف کی طرف سے شائع کرا کر مفت تقسیم کرایا ہے وہ اس کتاب کے دیباچہ میں رقمطراز ہیں۔

نجد ان المدى بين الشيعة و السنة كالمدى بين المذهب الفقهى لابى حنيفة و لمالك اوالشافعى و نحن نرى الجميع سواء فى نشدان الحقيقة و ان اختلفت الاساليب و نرى الحصيلة العلمية لهذا الجد الفقهى جديدة بالحفاوة وادمان النظر و احسان الدراسة فهى ثرات علمى مقدور مشكور فرايت ان قتولى وزارة الاوقاف ضم المذهب الفقهى الشيعى للشيعة الامامية الى فقه المذاهب المذاهب الاربعة المدروسة فى مصر

"ہم شیعہ اور سنی میں وہی فرق محسوس کرتے ہیں جو کہ مذہب حنفی امام ابو حنیفہ اور امام مالک یا امام شافعی کے مابین ہے یہ سب لوگوں کو تلاش حقیقت میں برابر مصروف کار ہیں اگرچہ ان کے طریقے مختلف ہیں اور ہم دیکھتے ہیں فقہ جعفریہ کی کوششوں کا علمی ماحصل اس قابل ہے کہ اس کا احترام کیا جائے اور اس پر غور کیا جائے اور اس کو اچھی طرح پڑھا جائے چونکہ یہ بھی ایک قابل قدر علمی میراث ہے۔ میں نے یہ طے کیا کہ

وزارت اوقاف شیعہ امامیہ کی فقہ کو مصر میں پڑھائے جانے والے دیگر چاروں فقہی مذاہب کے ہمراہ تدریس میں شامل کرے"۔

مذہب شیعہ کتاب و سنت اور مضبوط دلیل کی بنیاد پر قائم ہے

شیخ الازہر محمد فحام

۱۳۹۷ ہجری میں شیخ الازہر محمد الفحام نے علامہ حسن سعید کے نام جاری کردہ پیغام میں یوں تحریر فرمایا ہے۔

رحم اللّٰہ الشیخ شلتوت الذی التفت الی ھذا المعنی الکریم فخلدہ فی فتواہ الصریحۃ حیث قال بجواز العمل بمذھب الشیعۃ الامامیۃ باعتبادہ مذھبا فقھیا اسلامیا" یقوم علی الکتب والسنۃ والدلیل والاسد

"اللہ تعالیٰ سابق شیخ الازہر محمود شلتوت مرحوم پر رحم فرمائے جو اتحاد اسلامی کے مقدس مفہوم کی طرف متوجہ ہوئے اور اپنے واضح تاریخی تابندہ فتویٰ میں فرمایا ہے کہ مذہب امامیہ شیعہ کے مطابق عمل کرنا جائز ہے کیونکہ یہ ایک اسلامی مذہب ہے جو کتاب و سنت اور مضبوط دلیل پر قائم ہے"۔

مذہب جعفری دیگر اسلامی مذاہب کی طرح اجتہادی مذہب ہے

عرب دنیا کے مشہور سکالر اور مفکر ڈاکٹر عمر فروخ مصری لکھتے ہیں۔

فی الاسلام مذاھب المالکی والحنفی والشافعی والحنبلی والجعفری و جمیع ھذہ المذاھب فی الاسلام ابواب اجتھاد و لیست فرقا" تجعل من الدین الواحد ادیانا" کثیرۃ و ان الاصلاح والتجدید فی الاسلام یتناول رد المسلمین الی حقیقۃ الاسلام و ان الاسلام لیس بحاجۃ الی تجدید ولکن المحتاج الی التجدید والتجدد ھم جانب من المسلمین و جانب من الفقھاء

اسلام میں متعدد مذاہب موجود ہیں مالکی، حنفی، شافعی، حنبلی اور جعفری اور یہ تمام اسلامی مذاہب میں اجتہاد کے دروازے ہیں اور فرقے نہیں ہیں کہ ایک دین سے کئی دین پیدا کئے گئے ہوں، اسلام میں تجدید کا مطلب یہ ہوگا کہ مسلمانوں کو حقیقت اسلام کی طرف پلٹایا جائے۔ بذات خود اسلام تجدید کا محتاج نہیں ہے بلکہ مسلمانوں اور خصوصا" علماء مسلمین کی تجدیدو تجدد کی ضرورت ہے۔

(مجلہ الفیصل العدد ۳۰ صفحہ ۲۴، ۲۵ مطبوعہ ۱۹۷۹ء عیسوی)

الاستاذ العلامہ شیخ عبدالرحمٰن خیر عالم دمشق شام کا بیان

آپ نے رئیس جامعہ اسلامیہ مدینہ منورہ کی طرف سے جاری کردہ فتویٰ پر تبصرہ کرتے ہوئے اور اہل تشیع کی حمایت میں دلائل دیتے ہوئے لکھا ہے کہ۔

اجمع المسلمون فی جمیع عصورهم من اجتماع علمائهم و عامتهم فی الحرمین الشریفین کل عام منذ بدء الاسلام حتی الیوم لاداء مناسک الحج والعمرة والزیارة لافرق فی ذلك بین سینهم شعیهم فلا یری الآن العمل بما ورد فی سورة البراة من منع المشرکین دخول المسجد الحرام۔

"اس پر تمام مسلمانوں کا اجماع ہے کہ ابتداء اسلام سے آج تک ہر زمانہ میں علماء و عوام مناسک حج و عمرہ اور زیارت کے لئے حرمین شریفین میں جمع ہوتے ہیں اور اس سلسلہ میں سنی و شیعہ میں کوئی امتیاز نہیں ہے جبکہ اگر ہم شیعہ کو کافر مشرک قرار دیں تو اس کا مطلب یہ ہوگا کہ اب سورہ برات کے اس حکم پر عمل نہیں کیا جا رہا ہے جس میں مشرکین کو مسجد حرام میں داخل ہونے سے منع کیا گیا ہے۔

(فتویٰ صادرہ از دمشق ۲۷ شوال ۱۳۹۴ھ ماخوذ از کتاب الرسول یدعوکم صفحہ ۱۹۴)

شیعہ اسلام کا شفاف آئینہ ہیں

مشہور مفکر علامہ عبدالفتاح عبدالمقصود المصری کا بیان

ان فی عقیدتی ان الشیعة هم وجهة الاسلام الصحیحة و مرائة الصافیة والتاریخ شاهد علی ماقدمه الشیعة من الخدمات الکبیرة فی صیا دین الدفاع عن العقیدة الاسلامیة

"میرا عقیدہ ہے کہ شیعہ اسلام کا صحیح چہرہ اور اسلام کا شفاف آئینہ ہیں اور تاریخ گواہ ہے کہ عقیدہ اسلام کی حفاظت کے میدانوں میں شیعوں نے کس قدر بڑی سے بڑی قربانیاں پیش کی ہیں وہ دن دور نہیں جب تمام اسلامی مذاہب ایک سٹیج پر جمع ہو جائیں گے"۔ (سبیل الوحدہ صفحہ ۵۱۴ طبع مصر)

شیعہ، علماء دیوبند کی نظر میں

شیعہ کی تکفیر نہ کریں

جو لوگ شیعہ کو فاسق کہتے ہیں ان کے نزدیک ان کی تجہیز و تکفین حسب قاعدہ ہونی چاہئے اور بندہ بھی

ان کی تکفیر نہیں کرتا۔

(قطب العالم حضرت مولانا رشید احمد گنگوھی فتاویٰ رشیدیہ صفحہ ۵۵ طبع دہلی)

شیعہ مسجد

شیعہ مسجد لوجہ اللہ تعالیٰ بنا دے تو وہ مسجد ہے (نماز پڑھنے کا) ثواب مسجد کا اس میں ہوگا۔

(قطب العالم حضرت مولانا رشید احمد گنگوھی فتاویٰ رشیدیہ صفحہ ۲۰۷ طبع دہلی)

شیعہ کا ذبیحہ

راجح اور صحیح یہ ہے کہ شیعہ کے ہاتھ کا ذبح کیا ہوا حلال ہے

(حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی تھانوی امداد الفتاویٰ جلد ۳ صفحہ ۱۳۸)

سنی کا شیعہ سے نکاح

سوال - کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلے میں کہ ہندہ سنی المذہب عورت بالغہ کا نکاح زید شیعی مذہب کے ساتھ برضائے شرعی باپ کی تولیت میں ہو گیا دریافت طلب امر یہ ہے کہ سنی و شیعہ کا تفرق مذہب کے باعث نکاح جیسا کہ ہندوستان میں شائع ہے عندالشرع صحیح ہوتا ہے یا نہیں؟

جواب - نکاح منعقد ہو گیا لہٰذا سب اولاد ثابت النسب ہے اور صحبت حلال ہے۔

(امداد الفتاویٰ جلد ۲ صفحہ ۲۴ طبع دارالعلوم کراچی)

مترجم صحاح ستہ علامہ وحید الزمان حیدر آبادی لکھتے ہیں۔

"شیعہ امامیہ سے مناکحت جائز ہے کیونکہ ہم اہل قبلہ میں سے کسی کی تکفیر نہیں کرتے"۔

(نزل الابرار من فقہ النبی المختار جلد ۳ صفحہ ۳۰ طبع بنارس)

ابو الحسنات عبدالحئ حنفی لکھنوی رقمطراز ہیں۔

"ذبیحہ ان (شیعہ) کے ہاتھ کا حلال ہے حرام نہیں مناکحت بھی ان کے ساتھ درست ہے"

مجموعہ فتاویٰ عبدالحی جلد ۲ صفحہ ۷۷ مطبع یوسفی دہلی)

اور اسی طرح علامہ عبدالحی صاحب لکھنوی الحنفی نے "مجموعہ فتاویٰ" جلد اول صفحہ ۳۰۴ و صفحہ ۳۰۵ مطبوعہ مطبع یوسفی لکھنؤ میں بھی سنی عورت کا شیعہ مرد سے نکاح کے جواز کا حکم صادر فرمایا ہے۔

شیعہ کا نماز جنازہ

مجلس احرار کے ممتاز راہنما اور مشہور شیعہ وکیل مولانا اظہر علی انتقال کر گئے نماز جنازہ دیال سنگھ کالج گراؤنڈ میں ۳ نومبر ۱۹۷۴ء بروز اتوار ادا کی گئی نماز جنازہ صبح ۱۰ بجے حضرت مولانا عبید اللہ انور (جانشین شیخ التفسیر حضرت مولانا محمد علی لاہوری) نے پڑھائی۔

(خدام الدین لاہور ۸ نومبر ۱۹۷۴ء صفحہ ۳)

ممتاز شیعہ راہنما مظفر علی شمسی

کی نماز جنازہ میں مولانا عبدالقادر آزاد خطیب شاہی مسجد' مولانا تاج محمود اور مولانا ضیاء القاسمی (چیئرمین سپریم کونسل سپاہ صحابہ) نے شرکت کی۔

(نوائے وقت لاہور ۲۱ جون ۱۹۷۶ء)

شیعہ سنی بھائی بھائی

حضرت مولانا حسین احمد مدنی نے اصلاح بین المسلمین ورفع شر کے واسطے امروہہ میں شیعہ سنی کے درمیان مناظرے بند کروانے کے لئے مجمع عام سے خطاب فرمایا کہ ..... کیا تمہارا ایمان تمہارا اسلام اور تمہاری غیرت ان مناظروں کی اجازت دیتی ہے۔ حضرت مدنی کی موثر اور پرجوش تقریر سے جانبین کے آنسو پھوٹ پڑے ..... مجادلے اور مقاتلے کی فضا صلح و آشتی میں بدل گئی ایک دوسرے سے بغل گیر ہو کر شیعہ ' سنی بھائی بھائی بن گئے۔ (سوانح عمری "المدنی" صفحہ ۲۰۶ طبع لاہور)

ہفت روزہ خدام الدین لاہوراس ہفت روزہ کے بانی دیو بند مسلک کے شیخ التفسیر حضرت مولانا احمد علی لاہوری ہیں اس کی اشاعت ۱۲ دسمبر ۱۹۸۰ء صفحہ ۲۰ میں ایک مضمون بعنوان "اسلام اور فرقہ بندی" حکیم انیس احمد صدیقی صاحب کا شائع ہوا ہے جس کا ایک عنوان "شیعہ سنی بھائی بھائی" ہے۔ اس میں لکھا ہے کہ۔

"اصول اسلام میں اتحاد کے بعد خلافت و امامت اور بعض دوسرے مسائل میں اختلافات موجود ہیں۔ جن کو ہم تسلیم کرتے ہیں لیکن شیعہ حضرات میں ایسے حضرات بھی ہیں جو اہل السنت والجماعت اور شیعوں کو دو آنکھوں کی طرح سمجھتے ہیں۔ جیسا کہ حضرت قائداعظم محمد علی جناحؒ حضرت مجاہد ملت غازی دین متین علامہ آیت اللہ خمینی دامت برکاتہم سربراہ حکومت ایران اور جسٹس سید امیر علی مرحوم جنہوں نے انگریزی میں تاریخ اسلام لکھی ہے"۔

مفتی اعظم دیو بند کا فتویٰ

شیعوں پر کفر کا الزام غیر شرعی جسارت

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمد و نصلی علی رسولہ الکریم

روا فض پر علی الاطلاق کفر کا فتویٰ لگانا۔ غیر شرعی جسارت ہے۔ محدثین یا فقہائے مجتہدین میں سے کسی نے بھی فرقہ شیعہ پر علی الاطلاق کفر کا فتویٰ نہیں دیا ہے اور فتویٰ معتبر وہی ہے جو مجتہدین فقہاء کے کلام سے ماخوذ ہو یا مستند و معتمد کتب فقہ سے اخذ کیا گیا اور نقل کیا گیا ہو۔ مفتی اس کو صحیح حوالہ سے نقل کر رہا ہو تو اس کا اعتبار ہوگا' ورنہ اس پر فتویٰ کا اطلاق کرنا صحیح نہیں ہوگا بلکہ کہنے یا لکھنے والے کی اپنی رائے ہوگی جو کہ بغیر سند یا نظیر کے ناقابل اعتبار ہوگی۔ فقہا نے تصریح کی ہے۔

من یحفظ اقوال المجتہد لیس بمفت و فتواہ لیس بفتوی بل ھو نقل کلام و طرق نقلہ لذلک عن المجتہد احدا مرین اما ان یکون لہ سند فیہ او یا خذ من کتاب معروف تداولتہ الایدی

(شافی جلد ۴ صفحہ ۳۶۴)

پس فقہا نے تصریح کی ہے کہ جو ان ضروریات دین کا منکر ہو' جو کہ نصوص معلومہ سے ثابت ہیں۔ اس پر کفر کا حکم لگایا جائے گا فتح القدیر میں ہے۔ من خالف القواطع المعلومۃ بالضرورۃ من الدین مثل القائل بقدم العالم۔الخ

اسی ضمن میں' شافی میں تصریح ہے۔ ان الرافضی ان کان ممن یعتقد الالوھیۃ فی علی و ان جبرئیل غلط فی الوحی او کان ینکر صحبۃ الصدیق او یقذف السیدۃ الصدیقۃ رضی اللّٰہ عنہا فھو کافر مخالفۃ القواطع المعلومۃ من الدین والضرورۃ بخلاف ما اذا کان یفضل علیا او یستب الصحابۃ فانہ مبتدع لا کافر۔

معلوم ہوا کہ جو علی کرم اللہ وجہہ کے دیگر صحابہ پر افضل ہونے کا قائل ہو یا صحابہ کے بارے میں نامناسب الفاظ بولتا ہو وہ کافر نہیں ۔لیکن جو حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے خدا ہونے کا قائل ہو (نعوذ باللہ) یا جس کا یہ عقیدہ ہو کہ جبرئیل علیہ السلام نے وحی پہنچانے میں غلطی کی (العیاذ باللہ) یا حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی صحبت رسول ہونے کا قائل نہ ہو۔ یا عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا پر بہتان طرازی کرتا ہو' تو ایسے عقیدے رکھنے والے پر کفر کا حکم لگایا جائے گا کیونکہ یہ عقیدے نصوص صریحہ و ضروریات دینیہ کے قطعاً

مخالف ہیں اور ظاہر ہے کہ تمام شیعوں کا یہ عقیدہ نہیں اور جن روافض کا یہ عقید ہو وہ اقل قلیل ہیں اور ان پر بھی کوئی مفتی جب ہی فتویٰ لگا سکے گا جبکہ اس کے سامنے اپنے اس عقیدے کو وہ بیان کرے یا اپنی تحریر میں اس کا اظہار کرے یا قرائن واضحہ سے مفتی کو معلوم ہو جائے کہ اس کا یہ عقیدہ ہے' ورنہ شرعی ضابطہ یہ ہے کہ اگر کسی کے کلام میں ننانوے احتمال کفر کے ہوں اور ایک احتمال اس کی نفی کا تو کفر کا فتویٰ نہیں لگانا چاہئے۔ جیسا کہ شرح فقہ اکبر' کتاب میں اس کی تصریح واضح الفاظ میں تحریر ہے اور اگر کوئی کسی ایسی کتاب کا مطالعہ کرتا ہو جس میں غلط عقائد کی ترجمانی کی گئی ہو تو جب تک واضح طور پر یہ معلوم نہ ہو جائے کہ وہ ان غلط عقائد کو مانتا ہے' تو اس پر بھی کفر عائد نہیں ہوتا۔ یوں تو فرقہ باطلہ اور بھی ہیں۔ مثلاً معتزلہ' جو کہ قرآن پاک کے مخلوق ہونے کے قائل ہیں۔ یا کہ بندہ کو اپنے افعال کا خالق سمجھتے ہیں۔ جیسا کہ کتاب نہر الفائق میں او از نکاح معتزلہ کی بحث میں صاف طور پر لکھا ہے۔

لا تکفر احدا من اهل القبلة و ان وقع لهم وقع لهم الزاما" فی المباحث یعنی علمی بحثوں میں ان کے مذہب کو رد کرتے ہوئے کفر کا الزام آتا ہو۔ پھر بھی ہم ان کی تکفیر نہیں کرتے۔ اس کی وجہ علامہ شافی نے یہ بیان کی۔ لان لازم المذهب ليس بمذهب نیز علامہ ابن نعیم مصنف بحرا الرائق (جو کہ فقہ کی معتمد اور مستند کتاب ہے) کا مقولہ ہے کہ میں نے قسم کھائی ہے کہ کسی کے کلام پر کبھی کفر کا فتویٰ نہیں دوں گا۔ فاعتبر و ایا اولی الابصار۔

نیز حدیث کی جو کتابیں صحاح ستہ کے نام سے موسوم ہیں۔ ان میں بھی اور خصوصا" خود بخاری شریف میں جو کہ اصح الکتب بعد کتاب اللہ ہے' شیعوں کی روایت بھی موجود ہے۔ پھر کس طرح کہہ دیا جائے کہ تمام شیعہ کافر ہیں۔دارالعلوم کے اکابر علماء و مفتیان کرام نے علی الاطلاق فرقہ شیعہ کو کافر کبھی نہیں کہا۔ بلکہ تخصیص کی ہے کہ جو ضروریات دین میں سے کسی کے منکر ہوں' جس کی وضاحت سطور بالا میں ہم نے کی ہے۔

کسی پر بغیر اس کے ظاہری کلام کے جس کی کہ کوئی تاویل بھی نہ ہو سکے یا کسی کے عقائد کا صحیح علم ہونے کے بغیر کفر کا فتویٰ لگا دینے کو جسارت رندانہ سے ہی تعبیر کیا جا سکتا ہے جبکہ حدیث شریف میں واضح تصریح موجود ہے۔ اذ قال الرجل لاخیه یا کافر فقد باء احدهما۔ الحدیث رواه البخاری کہ عبداللہ بن عمر سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس نے اپنے بھائی سے کہا اے کافر' تو دونوں میں سے ایک کافر ہوا۔

اس کو اس مثال سے سمجھ لیا جائے کہ اگر کوئی غلیل سے غلہ پھینکے تو جہاں غلہ جا کر لگا اگر وہ جگہ نرم ہے تو غلہ وہیں رک جائے گا' بلکہ اس میں گھس جائے گا اور اگر وہ جگہ سخت ہے تو غلہ پلٹ کر پھینکنے والے پر

آئے گا۔ ایسے ہی جس کو کافر کہا جا رہا ہے۔ اگر اس میں کفر ہے تو کفر اس پر لگے گا اور کہنا بھی صحیح ہوگا اور اگر اس میں کفر نہیں تو کفر کہنے والے پر لوٹے گا۔ اگرچہ اس پر کفر کا فتویٰ نہ لگایا جا سکے۔ لیکن قائل کے درجہ میں تو شمار ہی ہوگا۔ جیسا کہ شراح حدیث نے تصریح کی ہے۔ رہی یہ بات کہ چونکہ ایران کے شیعوں نے حرم شریف میں فساد کیا۔ اگر یہ بات صحیح ہی ہو کہ انہوں نے فساد کیا تو اس فعل کی وجہ سے بھی ان پر کفر کا فتویٰ کسی طرح بھی عائد نہیں ہوتا۔

صحابہ کرام کے آخر دور میں مکہ مکرمہ پر حملہ کرنے والے مسلمان ہی تھے۔ مگر اکابر صحابہ نے ان کو کافر نہیں کہا۔ اخری دور میں انگریزوں کے دام میں آکر' ترکی حکومت جو کہ پاسبان حرم تھی' اس پر حملہ کرکے اس کو مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ سے نکالنے والے بھی شریف مکہ اور انکے رفقاء تھے اور پھر انگریزوں ہی کی مدد سے۔ شریف مکہ کو۔ مکہ و مدینہ سے کس نے جنگ کرکے بے دخل کیا تھا۔ وہ ابن سعود' بانی حکومت سعودیہ ہی تھے اور ۱۹۷۹ء میں حرم شریف کے برآمدوں پر قابض ہو کر لڑنے والے قبیلہ عتیبہ کے مسلمان ہی تھے اور بزور قوت ان کے قبضے اور حملہ کو ناکام بنانے والے کون تھے؟ حکومت سعودیہ کی فوج ہی تو تھی۔ تو کیا العیاذ باللہ وہ سب کافر ہو گئے تھے' یا ان پر (نعوذ باللہ) کسی نے کفر کا فتویٰ لگایا۔ ایسا نہیں ہوا۔ اب حرم میں جو کچھ ہوا' کس نے پہل اور ابتداء کی اور اس کے مقاصد کیا تھے اور کس نے دفاع کیا' اس کو صحیح طور پر دونوں حکومتیں ہی جانتی ہیں۔ عوام تو کٹھ پتلی اور لیڈروں کے آلہ کار ہوتے ہیں۔ کیسے کہا جائے کہ ان میں سنی مسلمان بھی شریک نہیں تھے' اس لئے کہ ایران میں سب شیعہ ہی نہیں بستے' سنی مسلمانوں کی بھی لاکھوں کی تعداد ہے۔ کیا ان میں سے کوئی حج کو نہیں گیا تھا اور وہ اس میں شریک نہیں تھا۔ پھر شیعہ کہاں نہیں ہیں۔ خود سعودیہ میں ' مصر میں' افریقہ میں اور تمام ممالک اسلامیہ میں شیعہ موجود ہیں۔ وہاں کے قصبوں اور شہروں میں صدیوں سے رہتے بستے چلے آرہے ہیں۔ کیا نعوذ باللہ وہ سب کافر ہیں؟ تو سوال یہ ہوگا کہ سعودیہ ہی میں ان کو کیوں رہنے اور بسنے دیا گیا۔ موجودہ وقت میں یہ جو کچھ ہے مفاد پرستوں ' اقتدار پرستوں کا ایک نیا فتنہ ہے جو بلا استثناء اور قیود کے مسلمانوں کے ایک فرقہ پر خواہ وہ مبتدع ہی کیوں نہ ہو' کفر کا فتویٰ دے کر آپس کی خونریزی اور فسادات کا ایک نیا دروازہ کھولنا ہے۔ اللہ تعالیٰ اس سے محفوظ رکھے۔

علماء حق اور مفتیان عظام کی ذمہ داری ہے کہ حتی المقدور اس فتنہ کو دبا دیں اور ختم کر دیں۔ ورنہ اس کی ہولناکیاں اس قدر لرزہ خیز اور تباہ کن ہوں گی جس کا تصور بھی محال ہے۔ فقط واللہ اعلم۔

سید احمد علی سعید
مفتی اعظم دارالعلوم دیوبند

۱۲ - ۵ - ۱۴۰۸ھ

شیعہ امامیہ سچے مسلمان ہیں

استاد احمد ابراھیم بیک کا بیان

شیخ الجامعہ امام شلتوت اور ابو زھرہ مصری کے استاد شیخ احمد ابراہیم بیک مصری فرماتے ہیں۔

والشیعة الامامیة مسلمون یومنون باللّٰہ ورسولہ و بالقرآن و بکل ماجاء بہ محمد صلی اللّٰہ علیہ وسلم و منھبھم ھوالسائد علی البلاد الفارسیة

"شیعہ امامیہ مسلمان ہیں وہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسولؐ اور قرآن پر ایمان رکھتے ہیں جو کچھ محمد عربی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم لائے ان پر بھی وہ ایمان رکھتے ہیں۔ اور ان کا مذہب وہی جو بلا فارس میں رائج ہے"

(تاریخ التشریح الاسلامی صفحہ ۲۱ طبع دار الانصار قاھرہ)

امام ابو حنیفہ کا فتویٰ

عن ابی حنیفة رحمة اللّٰہ لم نکفر احدا من اھل القبلة و علیہ اکثر الفقھاء

امام ابو حنیفہ فرماتے ہیں۔

ہم قبلہ رو کر نماز پڑھنے والے کسی بھی شخص کو کافر نہیں کہتے اور اکثر فقہاء کا یہی مذہب ہے۔

(۱) شرح مواقف صفحہ ۷۲۶ طبع لکھنؤ

(۲) شرح مقاصد جلد ۲ صفحہ ۲۶۹ طبع استنبول

نیز امام صاحب فرماتے ہیں۔ (۳) شرح فقہ اکبر صفحہ ۱۸۹ طبع کانپور

ولا نکفر مسلما بذنب من الذنوب و ان کانت کبیرة

"ہم کسی مسلمان کو کوئی گناہ کرنے کی وجہ سے کافر نہیں کہتے اگرچہ وہ گناہ کبیرہ ہی کیوں نہ ہو"۔

(شرح فقہ اکبر صفحہ ۸۶ طبع کانپور)

اور اپنے "وصیت نامہ" میں فرماتے ہیں۔

والعاصون من امة محمد صلی اللّٰہ علیہ وسلم مومنون حقا و لیسوا بکافرین

"امت محمدیہ صلی اللہ علیہ وسلم کے گناہ گار سب مومن ہیں کافر نہیں ہیں"

(الجوھرة المنیفہ شرح وصیہ الامام ابی حنیفہ صفحہ ۶ طبع حیدر آباد دکن)

امام شافعی کا فتویٰ

عن الشافعی ولا اکفر احدا من اھل القبلة بذنب و فی روایة اخری عنہ ولا اکفر اھل التاویل

المخالف للظاهر بذنب

"میں قبلہ رو ہو کر نماز پڑھنے والے کسی شخص کو گناہ کرنے کی وجہ سے کافر نہیں کہتا بروایت دیگر ظاہری طور پر تاویل کرنے والوں کو کسی گناہ کی بناء پر کافر نہیں سمجھتا"

(الیواقیت والجواہر جلد ۲ صفحہ ۱۲۶ مطبوعہ مطبعہ حجازیہ قاہرہ)

جمہور متکلمین اور جمہور فقہاء کا فتویٰ

ان جمهور المتكلمين والفقهاء على انه لا يكفر احد من اهل القبلة

"جمہور متکلمین اور جمہور فقہاء کا اس بات پر اتفاق ہے کہ قبلہ رو ہو کر نماز پڑھنے والوں میں سے کسی کو کافر نہیں کہا جا سکتا"۔ (شرح مواقف صفحہ ۲۶۷ طبع لکھنؤ)

شیعہ، حضرت علیؑ کے پیروکار ہیں

امام عبدالکریم شہرستانی کا بیان

الشيعة هم الذين شايعوا عليا رضى الله عنه على الخصوص و قالوا بامامته و خلافته نصا و وصية اما جليا و خفيا و اعتقدوا ان الامامة لا تخرج عن اولاده

"شیعہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے بالخصوص حضرت علی کی پیروی کی اور وہ آپ کی امامت و خلافت کے قائل ہوئے نص اور وصیت کی رو سے، خواہ وہ نص جلی ہو یا خفی اور وہ یہ عقیدہ رکھتے ہیں کہ امامت و خلافت اولاد علی سے باہر نہ نکلے گی" (الملل والنحل جلد اول صفحہ ۱۴۶ طبع مصطفیٰ البابی الحلبی مصر)

شیعہ اثنا عشریہ کا کوئی عقیدہ کفر نہیں

علامہ محمد حسن اعظمی کا بیان

عربک کالج کراچی کے پرنسپل استاد محمد حسن اعظمی لکھتے ہیں۔

الشعة الامامية الاثنا عشرية يشهدون ان لا اله الا الله و انه واحد احد فرد صمد لم يلد و لم يولد و انه ليس كمثله شى ء و ان محمدا رسول الله صلى الله عليه وسلم جاء بالحق من عنده و صدق المرسلين و يوجبون معرفة ذلك بالدليل والبرهان ولا يكتفون بالتقليد و يومنون بجميع انبياء الله و رسوله و بجميع ما جاء به من عند ربه و يقولون ان عليا وولده الاحد

عشرا حق بالخلافة من کل احد و انهم افضل الخلق بعد رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم و ان فاطمة الزهراء سیدة نساء العالمین فان کانوا مصیبین فذلک والا لم یوجب قولهم کفرا ولا فسقا

"شیعہ امامیہ اثنا عشریہ توحید کی گواہی دیتے ہیں کہ اللہ ایک ہے وہ صمد ہے لم یلد و لم یولد ہے۔ اس جیسا کوئی نہیں ہے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم' اللہ تعالیٰ کی طرف سے آئے ہیں۔ تمام رسول برحق ہیں اور ان چیزوں کی معرفت شیعہ' دلیل و برہان سے واجب سمجھتے ہیں ان میں (اصول دین) میں تقلید جائز نہیں سمجھتے اور تمام انبیاء و مرسلین پر بھی ایمان رکھتے ہیں۔ انبیاء کرام جو کچھ اللہ کی طرف سے لائے ہیں اس کو حق جانتے ہیں ان کا کہنا ہے کہ حضرت علیؑ اور ان کے گیارہ فرزند امامت و خلافت کے لئے ہر ایک سے زیادہ احق ہیں اور فاطمہ زہراؑ عالمین کی تمام عورتوں کی سردار ہیں یہ لوگ اپنے عقیدہ میں صائب اور حق پر ہیں۔ یہ عقیدہ نہ کفر کا سبب بن سکتا ہے اور نہ فسق کا" (الحقائق الخفیہ عن الشیعہ الفاطمیہ صفحہ ۱۰۳ طبع قاہرہ)

مسلمانوں کے دو عظیم فرقے شیعہ اور سنی ہیں

شیخ امام محمد غزالی کا بیان

و لم تنج العقائد من عقبی الاضطراب الذی اصاب سیاسة الحکم ذلک ان شهوات الاستعلاء والاستشار اقحمت فیها ما لیس منها فاذا المسلمون قسمان کبیران شیعة و سنة مع ان الفریقین یومنان باللّٰہ وحده و برسالة محمد صلی اللّٰہ علیہ وسلم ولا یزید احدهما علی الاخر فی استجماع عناصر الاعتقاد التی یصلح بها الدین و تلتمس النجاة

"عقائد' بے چینی سے اس لئے نجات نہیں پا سکتے کہ شہرت پسندوں نے اس میں ہر وہ چیز ڈال دی ہے جس کا مذہب سے کوئی واسطہ نہیں مسلمانوں کے دو عظیم فرقے ہیں شیعہ اور سنی' دونوں فرقے واحدانیت خدا اور رسالت محمد پر ایمان رکھتے ہیں اور ان میں کوئی اختلاف ایسا نہیں ہے جس سے عقائد کے اصول تشکیل پاتے ہیں ایک دین وجود میں آتا اور مطلوبہ نجات مل سکتی ہے"

(کیف نفهم الاسلام صفحہ ۴۲ طبع مطبعہ سعادہ مصر)

شیعہ ایک اسلامی فرقہ ہے جو قرآنی نصوص و احادیث کا عامل ہے

امام ابو محمد زهرہ المصری

لا شک ان الشیعة فرقة اسلامیه اذا استبعدنا مثل السبیئة الذین الهوا علیا و نحوهم (من المعروف

ان السبية كفار فی نظر الشيعة) ولا شک انها فی کل ما تقول تتعلق بنصوص قرآنية او احاديث منسوبة الی النبیؐ

"اس میں کوئی شک نہیں کہ شیعہ فرقہ ایک اسلامی فرقہ ہے اگرچہ فرقہ سبائیہ کو جو حضرت علی کو اللہ سمجھتا ہے ہم نے خارج از اسلام قرار دیا ہے نیز شیعہ اثنا عشریہ بھی سبائیہ کو کافر سمجھتے ہیں اس میں کوئی شک نہیں کہ شیعہ جو کچھ کہتے ہیں وہ قرآنی نصوص اور احادیث نبوی کی رو سے کہتے ہیں"

امام شیخ محمد غزالی المصری کا بیان (تاریخ المذاهب الاسلامیہ صفحہ ۳۹ طبع بیروت)

ان الشيعة يومنون برسالة محمد و يرون شرف علی فی انتمائه الی هذا الرسول و فی استمساکه بسنته و هم کسائر المسلمين لا يرون بشرا فی الاولين والاخرين اعظم من الصادق الامين ولا احق منه بالاتباع فکيف ينسب لهم هذا الهذر؟ الواقع ان الذين يرغبون فی تقسيم الامة طوائف متعادية لما لم يجدوا لهذا التقسيم سببا معقولا لجاؤا الی افتعال اسباب الفرقة فاتسع لهم ميدان الکذب حين ضاق امامهم ميدان الصدق' لست انفی ان هناک خلافات فقهية و نظرية بين الشيعة و السنة بعضها قريب الغور و بعضها بعيد الغور بيدان هذا الخلافات لا تستلزم معشار الجفاء الذی وقع بين الفريقين و قد نشب خلاف فقهی و نظری بين مذاهب السنة نفسها بل بين اتباع المذاهب الواحد منهاو مع ذلک' فقد حال العقلاء دون تحول هذا الخلاف الی خصام بارد او ساخن۔

"شیعہ رسالت محمدؐ پر ایمان رکھتے ہیں حضرت علیؓ کی شرافت اسی میں جانتے ہیں کہ وہ رسول سے منسوب اور ان کی سنت سے متمسک ہیں وہ باقی مسلمانوں کی طرح اولین و آخرین میں سے کسی کو بھی محمد عربیؐ سے زیادہ عظمت نہیں دیتے اور نہ اتباع و اطاعت کا سزا وار جانتے ہیں پھر ان کی طرف ایسی نازیبا و نسبت کس طرح دی جا سکتی ہے درحقیقت جو لوگ اس امت کو متحارب فرقوں میں تقسیم کرنا چاہتے ہیں ان کے پاس اپنے مقصد کے حصول کے لئے کوئی معقول اسباب نہیں تھے اس لئے وہ اس تفرقہ کے لئے جھوٹے اسباب بنانے لگے اور یہی سے دروغ گوئی کا میدان وسیع اور سچائی کا میدان تنگ ہونا شروع ہو گیا۔شیعہ و سنی فقہی احتلافات سے مجھے انکار نہیں کم و بیش یہ اختلافات ہیں یہ فریقین کے درمیان جھگڑے کا باعث نہیں بن سکتے خود اہل سنت کے مذاہب میں بھی اختلافات ہیں بلکہ ایک ہی مذہب کے پیرو کاروں کے درمیان بھی اختلافات پائے جاتے ہیں اس کے باوجود عقلاء کسی سرد و گرم جنگ کی نوبت نہیں آنے دیتے اور یہ کہنا کہ شیعہ سنت مصطفیٰؐ کے منکر ہیں افتراء اور بہتان ہے" (دفاع عن العقيده والشريعه صفحہ ۲۶۵ طبع مصر)

اہل تشیع کے ماخذ کتاب و سنت ہیں

ڈاکٹر عبدالکریم زیدان

اخوان المسلمین عراق کے اہم رکن ڈاکٹر عبدالکریم زیدان لکھتے ہیں۔

ادلة الفقه فی المذاهب الجعفری هی الکتاب والسنة والاجماع والعقل (الی ان قال) و یوجد المذهب الجعفری فی ایران والعراق والهند و باکستان و فی لبنان وله اتباع فی الشام ایضا و غیرها من البلاد و لیس بین الفقه الجعفری والمذاهب الخحری من الاختلاف اکثر من الاختلاف بین ایی مذهب و آخر الا ان الفقه الجعفری انفرد عن المذاهب التی تکلمنا عنها بمسائل قلیلة جدا

"شیعوں کے نزدیک فقہی متصادر کتاب و سنت' اجماع اور عقل ہیں.... مذہب جعفریہ عراق' ایران' پاکستان' اور لبنان میں پایا جاتا ہے اس کے پیروکار شام اور غیر شام میں بھی موجود ہیں۔ فقہ جعفریہ اور دوسرے اسلامی مذاہب ہیں اتنا اختلاف نہیں ہے جتنا دوسرے مذاہب کے مابین ہے فقہ جعفریہ بہت کم مسائل میں منفرد ہے۔

(المدخل الدراسة الشریعة الاسلامیہ صفحہ ۱۷۶ - ۱۷۸ طبع قاهره)

سپاہ صحابہ کے کفریہ عقائد کی ایک جھلک

ذیل میں ہم سپاہ صحابہ کے (اکابرین کے) غلیظ کفریہ عقائد کی ایک جھلک ان کی مستند کتب کے حوالہ جات کے ساتھ پیش کر رہے ہیں۔ اب یہ برادران اہل سنت کا فرض ہے کہ وہ یا تو ان عقائد کا اقرار کریں یا پھر اہل سنت کا نام استعمال کرنے والی سپاہ صحابہ کے کفر کا اعلان کریں۔ سپاہ صحابہ والے بھی ہمت کریں کہ یا تو ان عقائد کو تسلیم کر کے اپنے ان غلیظ عقائد کا اعلان کریں یا پھر اپنے ارتداد سے تائب ہو کر دائرہ اسلام میں داخل ہو جائیں۔

(۱) اللہ تعالیٰ جھوٹ بولنے پر قادر ہے۔

(یک روزہ فارسی صفحہ ۱۷، ۱۸ مطبوعہ فاروقی کتب خانہ ملتان)

(۲) افعال قبیحہ مقدور باری تعالیٰ ہیں۔

(الہمد المقل جلد ۱ صفحہ ۴۱ مطبع البلالی ساڈھورہ)

(۳) میں (مولوی حسین علی واں بھچروی) نے رسول ﷺ کو دیکھا کہ آپ مجھے بصورت معانقہ پل صراط لے گئے .... اور میں نے حضور ﷺ کو دیکھا کہ آپ پل سے گر رہے ہیں تو میں نے آپ کو گرنے سے بچا لیا۔

(مبشرات بلغہ ایمان ص ۸ مصنفہ حسین علی واں بھچراں)

(۴) سوال، بعض لوگ تمثیلاً کہتے ہیں کہ جناب رسول اللہ ﷺ اور حضرت امام حسینؓ اور مجدد الف ثانی رحمتہ اللہ علیہ کے روضے پختہ بنے ہوئے ہیں یہ کیسے درست اور جائز ہے۔

الجواب۔ قبور پر گنبد اور فرش بنانا ناجائز اور حرام ہے، بنانے والے اور جو اس فعل سے راضی ہوں گنہگار ہیں۔

(عزیز الرحمٰن مفتی دیوبند فتاویٰ دیوبند ج ۱ ص - ۱۴)

(۵) ایک صالح فخر عالم علیہ السلام کی زیارت سے خواب میں مشرف ہوئے تو آپ کو اردو میں کلام کرتے دیکھ کر پوچھا کہ آپ کو یہ کلام کہاں سے آ گئی آپ تو عربی ہیں، فرمایا کہ جب سے علماء مدرسہ دیوبند سے ہمارا رابطہ ہوا ہم کو یہ زبان آ گئی۔

(براہین قاطعہ مصنفہ خلیل احمد، انبیٹھوی ص ۲۶ مطبوعہ دیوبند)

(۶) میں بھی ایک دن مر کر مٹی میں ملنے والا ہوں۔

(تقویۃ الایمان، ص ۶۹)

(۷) جس کا نام محمد یا علی ہے وہ کسی چیز کا مختار نہیں۔
(مصنف۔ اسماعیل تقویۃ الایمان' ص ۴۷ طبع لاہور)

(۸) یہ یقین جان لینا چاہئے کہ ہر مخلوق بڑا ہو یا چھوٹا وہ اللہ کی شان کے آگے چمار سے بھی زیادہ ذلیل ہے۔
(تقویۃ الایمان' ص ۱۰ مطبع فاروقی دہلی)

(۹) وہ سب انسان ہی ہیں اور بندے عاجز اور ہمارے بھائی مگر ان کو اللہ نے بڑائی دی وہ بڑے بھائی ہوئے ہم ان کی فرمانبرداری کا حکم ہے ہم ان کے چھوٹے بھائی ہیں۔
(یقویۃ الایمان' ص ۶۸ طبع لاہور)

(۱۰) کلمہ :۔ لا الٰہ الا اللّٰہ اشرف علی رسول اللّٰہ
درود :۔ اللھم صل علی سیدنا و نبینا و مولانا اشرف علی
(الامداد' ماہ صفر المظفر ۱۳۲۶ھ ص ۳۵ مطبع امداد المطابع تھانہ بھون انڈیا)

(۱۱) نماز میں زنا کے وسوسہ سے اپنی بیوی کی مجامعت کا خیال بہتر ہے اور شیخ یا اسی جیسے بزرگوں کی طرف خواہ رسالتماب ہی ہوں اپنی ہمت (خیال) کو لگا دینا اپنے بیل اور گدھے کی صورت میں مستغرق ہونے سے زیادہ برا ہے۔
(صراط مستقیم فارسی صفحہ ۸۶ مطبوعہ مکتبہ سلفیہ لاہور)

(۱۲) بلکہ اگر بالفرض بعد زمانہ نبوی کوئی نبی پیدا ہو تو پھر بھی خاتمیت محمدی میں کچھ فرق نہ آئے گا۔
(تحذیر الناس' ص ۶۴ مطبوعہ قاسمی پریس دیوبند)

(۱۳) دریافت طلب امر یہ ہے کہ اس غیب سے مراد بعض غیب ہیں یا کل' اگر بعض علوم غیبیہ مراد ہیں تو اس میں حضور ہی کی کیا تخصیص ہے ایسا علم غیب تو زید و عمر بلکہ ہر صبی و مجنون بلکہ جمیع حیوانات و بہائم کے لئے بھی حاصل ہے۔
(حفظ الایمان از اشرف علی تھانوی صفحہ ۸ مطبوعہ دیوبند)

(۱۴) ملک الموت سے افضل ہونے کی وجہ سے ہرگز ثابت نہیں ہوتا کہ علم آپ کا ان امور میں ملک الموت کے برابر بھی ہو چہ جائیکہ زیادہ۔
(براہین قاطعہ' ص ۲۵ مطبوعہ دیوبند)

(۱۵) پھریں تھے کعبہ میں بھی پوچھتے گنگوہ کا راستہ ○ جو رکھتے اپنے سینوں میں تھے ذوق و شوق عرفانی
(مرثیہ از محمود الحسن دیوبندی' صفحہ ۱۱' طبع مکتبہ رحیمیہ دیوبند)

(۱۶) اس نے کہا میں نے ایسا خواب میں دیکھا ہے کہ مجھے اندیشہ ہے کہ میرا ایمان نہ جاتا رہے حضرت نے فرمایا کہ بیان تو کرو' ان صاحب نے کہا میں نے دیکھا ہے کہ قرآن مجید پر پیشاب کر رہا ہوں' حضرت نے فرمایا یہ تو بہت اچھا ہے۔

(مزید المجید تھانوی' ص ۶۶ ' افاضات الیومیہ تھانوی' جلد' ص ۱۳۳)

(۱۷) غم اس وقت تھا جب آپ (امام حسین) شہید ہوئے۔

(فتاویٰ رشیدیہ از رشید احمد گنگوہی جلد نمبر۲ ص ۱۴۳)

(۱۸) محترم میں ذکر شہادت حسین کرنا اگرچہ بروایات صحیحہ یا سبیل لگانا' شربت پلانا' چندہ سبیل اور شربت یا دودھ پلانا سب نا درست اور تشبیہ رو افض کی وجہ سے حرام ہیں۔

(فتاویٰ رشیدیہ جلد نمبر۳ ص ۱۱۳)

(۱۹) خواب میں حضرت فاطمہ کو دیکھا انہوں نے ہم کو اپنے سینے سے چمٹا لیا ہم اچھے ہو گئے۔

(افاضات الیومیہ تھانوی جلد۲ ص ۳۷)

(۲۰) نیز اس کے متعلق میں نے ایک خواب بھی دیکھی تھی کہ حضرت عائشہ میرے مکان میں تشریف لانے والی ہیں اس سے میں یہ تعبیر سمجھا کہ جو نسبت عمر حضرت عائشہ کو بوقت نکاح حضور کے تھی وہ ہی نسبت ان کو ہے۔

(افاضات الیومیہ جلد۱ ص ۶۸)

(۳۰) کسی پیر' فقیر' پیغمبر کو پکارنا کفر و شرک ہے ایسے عقائد والے پکے کافر ہیں اور ان کا نکاح نہیں ہوتا۔

(جواہر القرآن صفحہ ۷۸ طبع راولپنڈی)

(۳۱) جو شخص حضور نبی کریم ﷺ کو مشکل وقت میں پکارے اور آپ کو اپنا وکیل اور سفارشی سمجھے تو یہ شخص اور ابوجہل شرک میں برابر کے شریک ہیں۔

(تقویۃ الایمان صفحہ ۶ طبع لاہور)

اعلیٰ حضرت احمد رضا خان بریلوی کا تاریخی فتویٰ

امام اہل سنت اعلیٰ حضرت مولانا احمد رضا خان صاحب بریلوی نے مسلمانوں کے دین و ایمان کو بچانے کی غرض سے ان دیوبندی (سپاہ صحابہ) کے خلاف فیصلہ کن فتاویٰ جاری کئے ان فتاویٰ میں سے صرف ایک کی عبارت نقل کی جاتی ہے۔

"دنیا میں سب سے بدتر مرتد ہے اس سے جزیہ نہیں لیا جا سکتا اس کا نکاح کسی مسلم' کافر' مرتد' اس کے ہم مذہب ہوں یا مخالف مذہب' غرض انسان حیوان کسی سے نہیں ہو سکتا جس سے ہوگا محض زنا ہوگا' مرتد مرد ہو یا عورت"۔

مرتدوں میں سب سے بدتر مرتد منافق ہے یہی ہے وہ کہ اس کی صحبت ہزار کافر کی صحبت سے زیادہ مضر ہے کہ یہ مسلمان بن کر کفر سکھاتا ہے خصوصاً" وہابیہ دیوبندیہ کہ اپنے آپ کو خاص اہل سنت و جماعت کہتے' حنفی بنتے' چشتی نقشبندی بنتے' نماز روزہ ہمارا سا کرتے' ہماری کتابیں پڑھتے پڑھاتے اور اللہ و رسول کو گالیاں دیتے ہیں یہ سب سے بدتر زہر قاتل ہیں ہوشیار' خبردار' مسلمانو! اپنا دین و ایمان بچائے ہوئے۔

فاللّٰہ خیر حافظا و ھو ارحم الراحمین - واللّٰہ تعالٰی واعلم

کتبہ!

عبدہ المذنب احمد رضا عفی عنہ بمحمدن المصطفی صلی اللّٰہ تعالٰی علیہ وسلم

احکام شریعت حصہ اول صفحہ ۱۱۲ طبع مدینہ پبلشنگ کمپنی کراچی)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مناظرہ جھنگ کے منصفین کا فیصلہ

آج مورخہ ۹/۷۸ ۲۷ کو بمقام بنگلہ (نول والہ) تحصیل جھنگ، مولانا حق نواز صاحب عالم دیوبندی اور مولانا محمد اشرف سیالوی صاحب (عالم بریلوی) کے مابین مناظرہ منعقد ہوا جس کا موضوع یہ تھا۔

"دیوبندی مناظر، یہ ثابت کرے گا کہ علمائے بریلی کی عبارات جو اُن کی کتب معتبرہ میں موجود ہیں۔ گستاخانہ اور توہین انبیاء پر مبنی ہیں۔ جبکہ بریلوی مناظر یہ ثابت کرے گا کہ علمائے دیوبند کی عبارات جو اُن کی کتب معتبرہ میں موجود ہیں گستاخی اور توہین انبیاء پر مبنی ہیں"۔ ــــــ مناظرہ مذکورہ میں دیوبندی مکتب فکر کی جانب سے مولانا منظور احمد صاحب (چنیوٹی)، اور بریلوی مکتب فکر کی جانب سے مولانا عبدالرشید صاحب (رضوی)، نے صدر مناظرہ کے فرائض انجام دیئے۔

ہم "منصفین" بالاتفاق فیصلہ کرتے ہیں اور اس مناظرہ میں مولانا محمد اشرف صاحب سیالوی، بریلوی مناظر کو ان کے تسبتاً وزنی استدلال، کی بنا پر کامیاب قرار دیتے ہیں۔

مورخہ ۹/۷۸ ۲۷

غلام یزدی ٹیچر گورنمنٹ ہائی سکول ریل یارڈ۔ جھنگ صدر

پروفیسر تقی الدین انجم

محمد منظور خان۔ ایڈووکیٹ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ابتدائیہ

گذشتہ کچھ عرصہ سے وطن عزیز قتل و غارت کی وارداتوں کی لپیٹ میں ہے۔ اہم شیعہ شخصیات کے قتل کے ساتھ ساتھ امام بارگاہیں اور مساجد بھی نشانہ بن چکی ہیں۔ یہ واقعات انتہائی افسوس ناک اور گھناؤنی سازش ہیں۔ تحریک جعفریہ پاکستان کا یہ موقف رہا ہے کہ عبادت گاہوں پر حملے ھندو ذہنیت کا شاخسانہ ہیں اور پاکستان میں شیعہ، بریلوی، دیوبندی، اہل حدیث، صوفیا کرام اور علماء و مشائخ عرصہ دراز سے باہم مل جل کر رہتے چلے آرہے ہیں۔ اگرچہ ان کے درمیان مسلکی اختلافات موجود ہیں جو صدیوں سے چلے آرہے ہیں لیکن کوئی مسلک قتل و غارت گری اور مذہبی مقامات کے تقدس کو پامال کرنے کی اجازت نہیں دیتا۔ ہر سانحے اور ہر واقعے کے بعد حکومت کی طرف سے اس قسم کے واقعات کو سنی شیعہ فسادات کا نام دے کر اصل حقائق سے چشم پوشی کی جاتی ہے اور اسی آڑ میں شیعہ سنی تنظیموں کے کارکنوں اور عہدیداروں کی گرفتاریاں شروع کردی جاتی ہیں۔ جس سے اصل مجرموں کو بچ نکلنے کا موقع مل جاتا ہے اور بعض اوقات تو خود انتظامیہ ہی انہیں موقع فراہم کردیتی ہے۔ عام طور پر بروزن بیت شیعہ مسلک سے تعلق رکھنے والے افراد کو گرفتار کرلیا جاتا ہے جبکہ شیعوں کی بااثر اور نمائندہ جماعت تحریک جعفریہ پاکستان نے ہمیشہ ملی وحدت اور یکجہتی کے فروغ کے لئے عملی اقدامات اٹھائے ہیں۔ انتہائی کٹھن مراحل میں بھی ہماری قیادت نے شیعہ عوام کو صبر و تحمل کی تلقین کی ہے لیکن حکومتی مشینری اپنی نااہلی پر پردہ ڈالنے کے لئے فسادات میں ہر شیعہ کو مجرم سمجھ لیتی ہے جو کہ سراسر زیادتی ہے۔ فسادات کے اسباب پر جب گفتگو ہوتی ہے تو شیعہ مسلک سے تعلق رکھنے والے ذمہ دار افراد کا موقف سنے بغیر حکمران اپنے طور پر کچھ فیصلے کردیتے ہیں جو جانبداری اور ناانصافی ہے۔

چند ماہ قبل صوبائی کابینہ پنجاب (عارف نکئی کی صوبائی کابینہ ۱۹۹۶ء) کے اجلاس میں سپاہ صحابہ کی نمائندگی کرتے ہوئے ان کی جماعت کے رہنما شیخ حاکم علی نے ان فسادات کی وجوہات شیعوں کی طرف سے لکھی جانے والی کتابوں کو قرار دیا اور اس ضمن میں کابینہ کے اندر ایک دستاویز بھی دکھائی اور شیعہ مصنفین کی لکھی گئی بعض کتابوں کے ایسے مندرجات پڑھ کر سنائے جو سامعین کے لئے اشتعال انگیزی کا موجب ہوئے۔ انصاف کا تقاضا یہ تھا کہ اس مقام پر شیعہ مسلک کا نقطہ نظر بھی سنا جاتا اور سپاہ صحابہ کی طرف سے اور اسی طرح دیوبندی

حضرات کی طرف سے شیعہ کے خلاف اور آئمہ کرامؑ اور اہل بیت پیغمبر اکرمؐ کے خلاف جو کچھ لکھا گیا ہے اور زہر افشانی کی گئی ہے وہ بھی بیان کیا جاتا اور پھر دیوبندیوں' بریلویوں اور اہل حدیث نے ایک دوسرے کے خلاف جو کچھ لکھا ہے اسے بھی ان کی کتابوں سے پڑھ کر سنایا جاتا۔ اسی طرح خلفائے راشدین' انبیاء کرام اور پیغمبر اکرمؐ اور امہات المومنین' آئمہ اہل بیتؑ' اولیائے کرام اور آئمہ اہل سنت کے متعلق ماضی میں اہل سنت کی معتبر کتابوں میں جو کچھ اہانت پر مبنی عبارتیں اور بیانات درج ہیں ان کو بھی کوئی بیان کردیتا۔ لیکن صد افسوس کہ اس مقام پر یک طرفہ موقف سنا گیا۔ اور اسی کی روشنی میں فیصلے کئے گئے۔

ان سطور کے ذریعہ ہم اس ناانصافی کو ریکارڈ پر لارہے ہیں کہ اس موقع پر یک طرفہ موقف سننے کی بجائے شیعہ اکابرین' علماء کرام یا ان کی نمائندہ جماعت تحریک جعفریہ پاکستان کا موقف سنا جائے۔ یہاں اس امر کا اظہار بھی ضروری ہے کہ سپاہ صحابہ سے تعلق رکھنے والے صوبائی وزیر کے ذریعہ جو موقف پیش کیا گیا ہے وہ بھی اہل سنت حضرات کا قطعی موقف نہیں کیونکہ سپاہ صحابہ اہل سنت کی نمائندگی نہیں کرتی۔ درحقیقت وہ انتہائی محدود اور تعصب پر مبنی فکر رکھنے والے دیوبندیوں کے ایک مختصر مسلح گروہ کی نمائندگی کرتی ہے۔ دیوبندی حضرات کی معروف مذہبی و سیاسی جماعتوں میں جمعیت علماء اسلام (س)' جمعیت علماء اسلام(ف) اسی طرح بریلوی مسلک کے مولانا شاہ احمد نورانی ' مولانا عبد الستار نیازی اور مولانا طاہر القادری جبکہ اہل حدیث کی معروف پانچ جماعتیں ہیں اسی طرح جماعت اسلامی جدید فکر کے مالک سنی مسلمانوں کی نمائندہ جماعت ہے۔ سپاہ صحابہ کے منشور اور نام سے ہی محدودیت ٹپکتی ہے اور شیعہ دشمنی ان کی اساس اور بنیاد میں شامل ہے۔ لہٰذا انہیں سنی مسلمانوں کی نمائندہ جماعت سمجھ کر کابینہ میں فقط ان کی بات کو سن کر کسی قسم کا فیصلہ کرنا انتہائی ناانصافی اور ملک میں افراتفری میں اضافے کے سوا اور کچھ نہیں۔ شیعہ مسلمانوں نے بریلوی' دیوبندی' اہل حدیث اور دیگر آزاد فکر مسلمانوں کے شانہ بشانہ پاکستان بنانے اور اس کے تحفظ و استحکام کے لئے اپنا کردار ادا کیا ہے۔ بلکہ خود بانی پاکستان قائد اعظم محمد علی جناح شیعہ تھے۔ آج بھی شیعہ مسلک سے تعلق رکھنے والے افراد کی نمائندہ جماعت تحریک جعفریہ پاکستان ملک کی تمام مذہبی جماعتوں کے شانہ بشانہ ملی وحدت و یکجہتی کے لئے سرگرم عمل ہے۔

سپاہ صحابہ کی تاریخ اٹھا کر دیکھیں وطن عزیز میں فرقہ پرستی اور مذہبی دہشت گردی کے بانی یہی لوگ ہیں۔ پنجاب کے امن و آشتی کے مسکن جھنگ میں جب اس تنظیم کی بنیاد ڈالی گئی انہوں نے سب سے پہلے فرقہ وارانہ خطوط پر مبنی اپنی کاروائیاں اور اقدامات شروع کئے۔

○ بریلوی حضرات سے جھنگ میں مناظرے کئے گئے۔ ایک دوسرے کے قتل کی باتیں ہوئیں۔ سپاہ صحابہ کے بانی حق نواز جھنگوی پر مختلف تھانوں میں قتل و فسادات کے سو سے زائد مقدمات درج تھے جس کا ریکارڈ جھنگ

پولیس کے پاس موجود ہے۔

○ جھنگ میں سب سے پہلے بریلوی مسلمانوں کا قتل انہی لوگوں کے ہاتھوں ہوا اور پرچہ اس جماعت کے بانی کے نام درج ہوا۔

○ ضلع لیہ کے اے سی چوبارہ کو سپاہ صحابہ نے اغوا کیا

○ ضلع جھنگ میں پولیس مقابلہ سپاہ صحابہ نے کیا

○ ضلع جھنگ کے سپرنٹنڈنٹ جیل زین العابدین کو سپاہ صحابہ نے قتل کیا

○ ضلع جھنگ میں بکتر بند گاڑی پر میزائل سپاہ صحابہ نے داغے

○ لاہور میں ایرانی سفارت کار کا قتل سپاہ صحابہ نے کیا۔

○ کھاریاں کے قریب عظمت اسلام کانفرنس سے واپس آنے والی بس پر سپاہ صحابہ نے فائرنگ کی جس سے آٹھ افراد کی شہادت ہوئی۔

○ ملک کے مختلف حصوں میں نامور شیعہ علماء' ذاکرین 'خطباء کے قتل عام میں سپاہ صحابہ کے افراد ملوث تھے۔ اور بہت ساری وارداتوں میں موقع پر گرفتار ہوئے اور قتل کی وارداتوں کا اعتراف کیا۔

○ اس کے علاوہ دسیوں قتل کی وارداتوں 'بینک ڈکیتیوں میں سپاہ صحابہ کے گرفتار ملزموں نے پولیس کے سامنے اعترافات کئے جو کہ قومی اخبارات میں شائع ہوچکے ہیں۔

○ حالیہ واقعات میں نامور شاعر اور خطیب سید محسن نقوی کی شہادت ہو یا ڈاکٹر محمد علی نقوی کی شہادت' کمشنر سرگودھا کی شہادت' مولانا عبدالکریم مشتاق کی شہادت ہو یا دوسری شیعہ شخصیات کا شہید ہونا اور میلسی میں شیعہ مسلمانوں کا اجتماعی قتل یہ تمام تر کاروائیاں سپاہ صحابہ نے کیں۔ جس کا اعتراف انہوں نے خود کیا ہے

○ راحیل نامی مشہور قاتل کی سربراہی میں لاہور کی عدالت سے ایرانی سفارت کار صادق گنجی اور معروف شیعہ راہنما سید سکندر شاہ کے قاتل اور دیگر بیسیوں وارداتوں کے مجرم ریاض بسرا کو فرار کرایا گیا۔

○ بہاولپور میں عدالتی احاطے سے انتہائی خطرناک مجرموں کو پولیس کی حراست سے آزاد بھی انہی لوگوں نے کرایا۔

○ شہر سلطان بہاولپور اور سرگودھا میں شیعہ افراد بلکہ علما کرام کے قتل میں ملوث سپاہ صحابہ سے تعلق رکھنے والے ہی گرفتار ہوئے اور ان وارداتوں کا اعتراف کیا۔

○ راحیل نامی شخص کو شاہ پور جیل سے فیصل آباد ہسپتال منتقل کروا کر فرار کرانے میں شیخ حاکم نے کردار ادا کیا جو بیسیوں افراد کا قاتل ہے اور دہشت گردی کی عدالت میں اس کا کیس چل رہا تھا اور معروف دہشت گرد گینگ کا سرغنہ ہے۔

○ اسی طرح دیگر بیسیوں جرائم کا ارتکاب کرنے والے مجرم گرفتار ہوئے ' راہزنی' ڈکیتی اور لوٹ مار کی وارداتوں کا تفتیشی افسران کے سامنے اعتراف بھی کرچکے ہیں۔ بعض سیاسی قتلوں میں موقع پر پکڑے جانے والے مجرم جیسے فیصل آباد میں چیمہ کا قتل یا ایم این اے ریاض پیرزادہ کے والد شاہنواز پیرزادہ کا قتل یہ تمام تر کاروائیاں سپاہ صحابہ ہی کی ہیں۔

○ اور حال میں خانہ فرہنگ ملتان کے ڈائریکٹر اور اس کے شیعہ سنی رفقاء کا قتل پھر شیخوپورہ کے معروف شیعہ بزرگ راہنما جرار زیدی اور لاہور کے ڈاکٹر باقر زیدی کا قتل اسی گروہ کا کام ہے۔

سپاہ صحابہ کے پلیٹ فارم پر سنی مسلمان نہیں بلکہ ڈکیت' قاتل' لٹیرے اور پاکستان دشمن موجود ہیں۔ جنہوں نے مذہب کا لبادہ اوڑھ لیا ہے۔ پنجاب پولیس کا ریکارڈ اس بات کا گواہ ہے۔ یہ شیعہ سنی مسئلہ نہیں بلکہ لاء اینڈ آرڈر کا مسئلہ ہے۔ یہ شرپسند گروہ اپنے گھناؤنے جرائم پر پردہ ڈالنے کے لئے تحفظ ناموس صحابہ کی بات کرتے ہیں۔ حالانکہ یہ لوگ اہل السنت و الجماعت کے اکابرین اور شیعہ مسلمانوں کے اکابرین کو برملا گالیاں دیتے ہیں اور ان کی توہین کرتے ہیں۔ جس کی واضح مثال اسی گروہ کے سرپرست مولانا ضیا الرحمان فاروقی کی کتاب " کنز الایمان پر پابندی کیوں؟" کہ جس میں بریلوی اور دیگر اہل سنت مکاتب فکر کے افراد پر حج بیت اللہ جانے پر پابندی کا مطالبہ کیا گیا ہے۔ دوسری کتاب " فیصل اک روشن ستارہ " اس کتاب میں بھی بریلوی مسلمانوں کے خلاف دل آزار زبان استعمال کی گئی۔ اور تیسری کتاب " توحید و سنت" جس میں بریلوی مسلمانوں کو مشرک و کافر کہا گیا ان کی تقاریر کی کیسٹیں وغیرہ جن میں شیعہ اور سنی بریلوی مسلمانوں کو غلیظ اور گندی گالیاں دی گئیں اس کے علاوہ ہیں۔

جہاد کشمیر کے نام پر حرکۃ الانصار کے پلیٹ فارم سے سپاہ صحابہ کے دہشت گرد عسکری تربیت لے کر ملک کے اندر قتل و غارت گری کو فروغ دینے اور شیعہ مسلمانوں کو مارنے کے سوا ان کا کوئی اور مشغلہ نہیں۔ ملک کے اندر قتل و غارت گری کی فضا کو فروغ دیکر کشمیر کاز کو یہی لوگ نقصان پہنچا رہے ہیں۔ آپ نے یقیناً ایجنسیوں کی رپورٹوں کو مطالعہ کیا ہوگا اور ان کے مسلح دستوں سے آگاہ ہوں گے۔ جنوبی پنجاب بالعموم اور بہاولپور ڈویژن میں بالخصوص اب تک کثیر تعداد میں شیعہ اکابرین ' شخصیات اور علماء کا قتل عام ہوچکا ہے۔ اور سپاہ صحابہ کے گرفتار ہونے والے افراد نے ابتدائی تفتیش میں ان تمام وارداتوں کا اعتراف کرلیا ہے

ضلع جھنگ' چنیوٹ اور شور کوٹ کا ریکارڈ منگوائیں کتنی مرتبہ ایسا ہوا کہ انہوں نے قرآن مجید کو آگ لگا کر شیعوں کے خلاف پرچہ درج کرایا۔ بعد میں اصل حقائق منظر عام پر آئے ان سے پتہ چلا کہ یہ کام خود ان کا اپنا ہے۔ اسی طرح جھنگ میں حق نواز جھنگوی کے خون کو گرمانے کے لئے ایک دفعہ خود مسجد کی صفوں کو آگ

لگادی گئی اور پرچہ شیعوں پر کرایا گیا۔ بعد میں تحقیقات اس کے برعکس نکلیں

ہماری جماعت نے کبھی بھی کسی کے قتل کی بات نہیں کی اور نہ ہی کسی ایسی کاروائی کی حوصلہ افزائی کی ہے۔ اگر کسی شیعہ کی طرف سے انفرادی طور پر کوئی بھی اقدام ہوا وہ یقیناً دفاع میں ہوا۔

رہی کتابوں کی بات تو سب سے پہلے شیعہ مسلمانوں کے خلاف ان کی طرف سے کتابیں آئیں۔ برصغیر میں شیعہ مسلمانوں کے خلاف پہلے کتاب "تحفہ اثنا عشریہ" لکھی گئی جس میں اہل بیت رسولؐ اور ان کے ماننے والوں کو ننگی گالیاں دی گئیں۔ تو دفاع کے طور پر شیعہ مسلمانوں کی طرف سے اس کے جواب میں متعدد کتب تحریر کی گئیں اسی طرح یہ سلسلہ بڑھتا چلا گیا..... آخر یہ تو بتایئے کہ "خلافت معاویہ و یزید" جیسی رسوائے زمانہ کتاب لکھنے والا مصنف کس مسلک سے تعلق رکھتا ہے؟ "کتاب الشہادت" کا مصنف مرزا حیرت دہلوی کس مذہب کے ساتھ منسلک ہے۔ جس نے انبیا کرام کی توہین کرتے ہوئے یوں لکھا ہے کہ

" ایک ابو بکر میں کل انبیاء کا خلاصہ موجود ہے۔ نہ موسیٰ اس کی برابری کرسکتے ہیں نہ عیسیٰ' خداوند قدوس نے خود اس سے باتیں کیں اور مصیبت و تکلیف میں اس کی تسکین فرمائی..... اگر دنیا نے آنکھ کھول کے محمد بن عبداللہ کو کامل اور عظیم انسان دیکھا یا ابوبکر کو' اگرچہ جلوہ فاروقی اپنی جگہ پر خوب چمکا لہٰذا اس نے بھی بنی اسرائیل کے انبیاء کی بہت سی روشنیوں کو ماند کردیا"

(کتاب الشہادت صفحہ ۱۵۔۱۴ طبع مکتبہ جاء الحق کراچی)

اور علاوہ ازیں "شمائل علی" جیسی توہین آمیز کتابیں کس طرف سے لکھی گئیں۔ ان کے خلاف آواز کیوں نہیں اٹھائی گئی؟ "جلاء الاذھان شیعہ پر ہزار سوال" نامی شرانگیز کتاب لکھ کر فرقہ واریت کو مزید کس طرف سے پھیلایا گیا؟ دفاع ہر ایک کا حق ہے بالاخر مفکر اسلام مولانا عبدالکریم مشتاق نے " ہزار تمہاری دس ہماری" کتاب لکھ کر شیعہ مسلمانوں کا دفاع کیا۔ اوراب ضیا الرحمان فاروقی صاحب نے پھر جلتی پر تیل ڈالا اور " تاریخی دستاویز" نامی کتاب شائع کردی تو اس کے جواب میں شیعہ مسلمانوں کی طرف سے "تحقیقی دستاویز" منصہ شہود پر جلوہ گر ہوئی لہٰذا جس فریق کی طرف سے فرقہ واریت کی ابتدا کی گئی اور جو اب بھی اس مہلک ہتھیار کو استعمال کررہے ہیں ان کا محاسبہ اسلام و وطن دونوں کے لئے نہایت ضروری ہے۔پھر کتابیں تو چودہ سو سال سے ایک دوسرے کے خلاف لکھی جارہی ہیں۔ دیوبندیوں کی بنیادی کتب صحاح ستہ میں کتنی ایسی باتیں درج ہیں جو نہ فقط اصحاب پیغمبر بلکہ خود پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی شان میں گستاخی ہیں۔ واضح رہے کہ سپاہ صحابہ نے اپنے پلیٹ فارم سے شائع کی جانے والی کتابوں ' رسالوں' جلسوں اور آڈیو ویڈیو کیسٹوں میں مسلمانوں کے اکابرین کی توہین کی ہے ان کے قتل کرنے اور ان کی عبادت گاہوں کو نقصان پہنچانے کے لئے اکسایا ہے۔ اور مسلمانوں کے فرقوں

کے مسلمہ عقائد اور نظریات کی تضحیک کی ہے۔ لیکن ارباب اقتدار کی طرف سے اس کا کوئی نوٹس نہیں لیا گیا۔

جب تک پنجاب حکومت مجرموں سے رعایت برتی رہے گی اور انہیں سرکاری وسائل فراہم کرتی رہے گی اس وقت تک امن و امان کا خواب شرمندہ تعبیر نہیں ہوسکتا چونکہ سابقہ دور حکومت میں حکومت پنجاب میں سپاہ صحابہ کے وزیر و مشیر تھے۔

ہم ملک میں امن و امان کے خواہاں ہیں۔ انصاف مانگتے ہیں۔ سپاہ صحابہ کو سنی مسلمانوں کی نمائندہ جماعت قرار دے کر ان کے موقف کو تمام اہل سنت کا موقف قرار نہ دیا جائے بلکہ ان کی اپنی جماعت کی رائے قرار دیا جائے۔

ہماری جماعت ملکی استحکام، جمہوریت کے فروغ اور مذہبی گروہوں میں اتحاد و یکجہتی کے فروغ کے لئے اٹھائے گئے ہر اقدام کی ہمیشہ کی طرح ہر ممکن تائید کرے گی۔ انشاء اللہ

آخر میں ہم حکومت سے یہ تقاضا کریں گے کہ انصاف کے تقاضے پورے کئے جائیں اور کسی بھی یک طرفہ کاروائی سے گریز کیا جائے تاکہ اہل تشیع میں کسی بھی قسم کا احساس محرومی پیدا نہ ہوسکے۔ اگر سپاہ صحابہ والے دجل و فریب سے تاریخی دستاویز نامی شرانگیز کتاب لائے ہیں تو اس کے مقابلے میں ہماری یہ تحقیقی و علمی "تاریخی دستاویز" بھی ملاحظہ فرمائیں جس میں سپاہ صحابہ کی ان بنیادی کتب کے عکس دکھائے گئے ہیں جن میں خدا، انبیاء کرام، اہل بیت رسولؐ ازواج پیغمبرؐ اور صحابہ کرام کی توہین کی گئی ہے مگر اس کے باوجود یہ بات ناقابل فہم ہے کہ خود صحابہ کرام کی توہین کرنے والے کس منہ سے اہل تشیع صحابہ کو برا بھلا کہتے ہیں


آئینہ


عقیدۂ توحید
پہلا باب

تجتبی من یشاء ویھدی الیہ من ینیب
اللہ الذی

الحمد للہ علی حسنہ کہ درین زمان فرخی اقتران کتاب مستطاب نسخہ لاجواب اعنے

شرح فقہ البر

المسمی بہ

ملا علی قاری

بمصحح تمام و تنقیح لا کلام حسیب العالم جناب مولانا مولوی حافظ محمد عبد الاحد صاحب مدام الحرام

در مطبع دلے واقع مصطفے شد

امام ابو حنیفہ نے اللہ تعالیٰ کو ۱۰۰ مرتبہ خواب میں دیکھا

لکن الاقدام علی التکفیر بمجرد دعوی الرؤیۃ من الصعب الخطیر فات الخطأ فی ابقاء
الف کافر اھون من الخطأ فی افناء مسلم فی الفرض والتقدیر فالصواب ماقدمناہ من
الجواب اثنان انضم مع الدعوی مایخرج بہ عن عقیدۃ اھل التقی فیحکم علیہ بانہ من اھل الضلال
والردی والسلام علی من اتبع الھدی ومنہا رؤیۃ اللہ سبحانہ وتعالی فی المنام فالاکثرون
علی جوازھا من غیر کیفیۃ وجھۃ وھیئۃ ایضا فی ھذا المرام فقد نقل ان الامام ابا حنیفۃ قال
رأیت ربی العزۃ فی المنام تسعا وتسعین مرۃ فتراہ مرۃ اخری تمام المائۃ وقصتہا طویلۃ
لا یسعہا ھذا المقام ونقل عن الامام احمد انہ قال رأیت ربی العزۃ فی المنام مرۃ
فقلت یارب بم یتقرب المتقربون الیک قال بکلامی یا احمد قلت یا رب
بفہم او بغیر فہم قال بفہم او بغیر فہم وقد ورد عنہ علیہ الصلوۃ والسلام انہ قال رأیت ربی
فی المنام وقد روی عن کثیر من السلف فی ھذا المقام وھو نوع مشاھدۃ یکون بالقلب
للکرام فلا وجہ لمنع عن ھذا المرام مع انہ لیس باخبار احد من الانام وقد ورد عنہ
صلی اللہ تعالی علیہ وسلم انہ قال رأیت ربی فی احسن صورۃ وفی روایۃ فی صورۃ
شاب فقال الامام الرازی فی تاسیس التقدیس یجوز ان یری النبی ربہ فی
المنام فی صورۃ مخصوصۃ بہذا المنام لان الرؤیا من تصرفات الخیال وھو غیر
منفک من الصور المتخیلۃ فی عالم المثال انتہی وقد قال بعض مشائخنا
ان للہ سبحانہ تجلیات صوریۃ فی العقبی وبہ تزول کثیر من الاشکالات
علی ما لا یخفی واما ما ذکرہ قاضیخان من منع ھذا المنام وشدد فی ھذا المقام
وقولہ بنقلہ عن بعض العلماء العظام فقد بینت جوابہ وعینت صوابہ فی
المرقاۃ شرح المشکوۃ ومنہا ان المقتول میت باجلہ وقتہ المقدر بموتہ
فقد قال اللہ تعالی فَإِذَا جَاءَ أَجَلُهُمْ لَا يَسْتَأْخِرُونَ سَاعَةً وَلَا يَسْتَقْدِمُونَ
وزعم بعض المعتزلۃ ان اللہ قد قطع علیہ اجلہ کذا عبارۃ شرح العقائد
والصواب ما فی شرح المقاصد من ان القاتل قطع علیہ الاجل لان قتل
المقتول عندھم فعل القاتل واستدلوا بالاحادیث الواردۃ فی ان بعض
القطاعات یزید فی العمر وبانہ لو کان میتا باجلہ لما استحق القاتل ذما
ولا عقابا ولا دیۃ ولا قصاصا واجیب عن الاول بان اللہ تعالی

النوم ۱


اللہ یھدی من یشاء الی صراط مستقیم

بعونہ تعالیٰ شانہ دین آخر الزمان بظہور مقدمہ ظہور صاحب الزمان علیہ السلام

الجزء الاول

من

کتاب

فی

اصول

فقہ جعفری

تالیف اضعف عباد اللہ المنان الراجو وحید الزمان غفرلہ الرحمان

دہلی مطبع سلطانی

اللہ تعالیٰ کے متعلق بکواسات

د

